بیاد حضرت میراں حسین زنجانی رحمۃ اللہ علیہ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ لاہور

بانی ادارہ منعم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرہ العزیز

جانشین خاندان زنجانیہ عالیہ

شہزادہ سیّد مصوّر علی شاہ زنجانی
شہزادہ سیّد محمد علی شاہ زنجانی
شہزادہ سیّد محسن علی شاہ زنجانی

بیرون ممالک سالانہ چندہ
مڈل ایسٹ 6500 روپے
انڈیا، ایران، سری لنکا 6500 روپے
یورپ، فار ایسٹ 7500 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 8500 روپے

قیمت 70 روپے
سالانہ چندہ 750 روپے
لائف ممبر شپ 9000 روپے
لائف ممبر شپ 1000 ڈالر For 12 Years

چیف ایڈیٹر شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی

گروپ ایڈیٹر شہزادہ سید محمد علی زنجانی

آئینہ قسمت زنجانی جنتری ماہنامہ جنتری البیرونی تقویم

ایڈیٹر شہزادہ سید مصور علی زنجانی

سب ایڈیٹر شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

عنوان	صفحہ
حمد، نعت، منقبت	3
عالمی و سیاسی حالات جولائی 2016ء	4
کرپشن زدہ سیاست۔۔۔	6
لندن میں منگل	7
زائچہ محمد علی کلے	9
داستان سفر امریکہ	13
درود شریف کے فوائد	16
دربارِ مصطفائی کا روحانی فیض	19
رحمکاریہ جفر	21
لوح شرف قمر	23
نقش مثلث برائے تسخیر خلق	24
لاعلاج مرض	25
تسخیر کا جفری عمل	26
دائمی نحوستوں کا مجرب عمل	27
گھریلو جھگڑے فساد نہ ہوں	31
مضبوط دفاع	32
27 منازل قمری	33
اسم رحمٰن	35
پرائز بانڈز کا روحانی عمل	35
انعام لکی نمبرز سے ایک صفحہ جولائی	36
انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت میں	36
گولڈن لکی نمبرز جولائی 2016ء	36
ٹیبل لکی نمبرز جولائی 2016ء	37
مقدر کا سکندر جولائی 2016ء	37
اندھا قانون جولائی 2016ء	37
لکی نمبرز نکالنے کا طریقہ	38
برج سرطان اور آپ کی شخصیت	40
ماہ کیسا جولائی 2016ء	47
سوال جواب	54
اشتہارات ادارہ	55
فہرست کتب	57

کاشانہ زنجانی 125-ڈی، گلبرگ 2
بلمقابل یونین کونسل حضرت میراں حسین زنجانی روڈ، نزد مون مارکیٹ، لاہور 54660
Ph: 042-35752277 - 35872277
Mobile: 0300-9483758

کاشانہ زنجانی
نزد انصار برنی ٹرسٹ و ہمدرد دواخانہ
آرام باغ روڈ، کراچی-74200
Ph: 021-32217544

کاشانہ زنجانی راولپنڈی
19-A، جی ٹی روڈ (جہلم روڈ)، بالمقابل گالف کلب/آرمی ہاؤس، عقب پی ایس او پٹرول پمپ
PH: 051-8732742
051-8732764

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر/ پبلشر نے حیدری پریس، ریلوے روڈ، لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی 125-D گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

حمد

حامد الانصاری انجم

قرباں میری ناقص، میں عصیاں شعار
تری حمد کیسے ہو پروردگار
فقط "کُن" سے تو نے بنایا جہاں
عجب تیری قدرت، عجب کاروبار
تو جبار و قہار بھی ہے مگر
ے رحم و رم بھی ترا بے شمار
تو چاہے تو خشکی سے طوفاں اُٹھے
ترے دم سے طوفاں میں ہو بیڑا پار
ترا لطف و احسان ہے ہر قدم
تری نعمتوں کا نہیں کچھ شمار
قصور و خطا بخش دے بخش دے
گنہگار ہوں میں تو آمرزگار
بنا اپنے انجم کو رشکِ قمر
دعا ہے الٰہی یہی بار بار!

سلام

مرزا شمس الحسن

میرا مولا علیؑ، تیرا مولا علیؑ
اُس کو کِس کا ہے ڈر جس کا مولا علیؑ
سب کا مُشکل کُشاء، سب کا مولا علیؑ
میرا داتا علیہؑ، میرا، مولا علیؑ
وہ کڑی دھوپ ہے، سر پگھلنے لگے
آپؑ کا چاہیے سایا مولا علیؑ
اپنا ایمان ہے مرزا شمس الحسن
جن کا کوئی نہیں ان کا مولا علیؑ

نعت

مسیح نبی

جام احمد کا ہر اک تشنہ نظر آنے لگا
کوثر و تسنیم کا چشمہ نظر آنے لگا
رہبر کل نے دکھائی خلق کو راہ مبیں
سب سے آساں خلد کا رستہ نظر آنے لگا
آج حق سے جیسے باطل برسر پیکار ہے
بدر کی اُس جیت کا نقشہ نظر آنے لگا
رہگزارِ عشق میں آتے گئے بدر و اُحد
مجھ کو اپنی زیست کا منشاء نظر آنے لگا
چل پڑی ہے سنت صلِ علیٰ پر قوم اب
دینِ احمد کا علم اُونچا نظر آنے لگا
اُم معبد نے جو کی توصیف حسن مصطفیٰ
روبرو اک نور کا ہالہ نظر آنے لگا
دل ہی دل میں مسیح نے مدحت خیر الوریٰ
دل کے آئینہ میں وہ چہرہ نظر آنے لگا

عالمی و سیاسی پیشگوئیاں

بتاریخ 04 جولائی 2016ء، بوقت 16 بجکر 01 منٹ، بمقام اسلام آباد

بتاریخ 20 جولائی 2016ء، بوقت 03 بجکر 56 منٹ، بمقام اسلام آباد

حکومت کے اہم ارکان کی سیاسی تنزلی اسکینڈل اور سیاسی اخلاقی سبکی۔ سٹاک شیئرز مارکیٹ میں غیر متوقع اتار چڑھاؤ۔ حکومت کے خلاف اپوزیشن کی مہم خطرناک ہو کر بغاوت، سول نافرمانی جیسی تحریک میں بدلنے کے لیے خفیہ قوتیں بھی سرگرم رہیں۔ ملکی تحفظ کے اداروں کو مداخلت کرنی پڑے۔

زائچہ اول (نیو مون): طالع کا حاکم مریخ بارہویں نحس گھر زائچہ نیومون میں قران شمس وقمر آٹھویں نحس گھر جبکہ اس گھر کا مالک عطارد بھی یہاں ہمراہ زہرہ سیاسی نجوم میں 8، 12 میں ستاروں کی نشست خاص اہمیت رکھتی ہے۔ حکومت کے اہم ارکان کی سیاسی تنزلی اسکینڈل اور سیاسی اخلاقی سبکی دسویں کے حاکم شمس کا آٹھویں ہونا ملکی نظریات اور آئین میں حالیہ ضرورت مثبت تبدیلی احتساب کا عمل شروع ہونے کے لیے اپوزیشن پارٹیوں، عوام اور سوشل میڈیا کا سخت دباؤ بڑھے۔ جلسے جلوس، ہڑتالوں کی اجتماعی کال اپوزیشن دے۔ جلسے جلوسوں میں بھگدڑ کے ذریعے اموات یا زخمی ہونے کے خدشات کچھ زیادہ دکھائی دیتے ہیں۔ نویں خارجہ امور کا حاکم قمر بھی آٹھویں نواز حکومت میں وزیر خارجہ نہ ہونے سے ملک دشمن قوتیں خصوصاً بھارت پاکستان کو تنہا کرنے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور لگائے۔ حکومت وقت کو اپنی خارجہ پالیسی کو بہتر بنانا کی ضرورت پر زور دینا ہوگا۔ چین ہمارا دوست ملک اور اس کی راہداری پاکستان کی ترقی کے لیے ضروری ہے۔ تاہم پاکستان کی خارجہ پالیسی اور ملکی دفاع کے تحفظ کے لیے حکومت کو کمزور دھاگوں پر انحصار کی بجائے مضبوط لائحہ عمل کو اپنانے کی ضرورت کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔ ملک دشمن عناصر دہشت گردوں کا کوئی بڑا نیٹ ورک پکڑا جائے۔ دفاعی عسکری ادارے ملک دشمن قوتوں کی سرکوبی کے لیے سائنسی انداز سے سرگرم رہتے ہوئے کئی سازشوں اور دہشت گردی سے ہم وطنوں کو محفوظ رکھ پائیں گے۔ مشتری کا چوتھے بھرپور سعد نظر زراعت، باغبانی اور اندرونِ ملک ہاؤسنگ کالونیوں کی تعمیر و ترقی کی رفتار تیز ہو۔ ملک پیداوار بڑھانے کے لیے کاشت کاروں کی سہولیات میں اضافہ اور زرعی انشورنس کو زیادہ سے زیادہ متعارف کروایا جائے گا۔

زائچہ دوم (فل مون): طالع جوزا کا حاکم عطارد دوسرے ہمراہ شمس زہرہ مقابل قمر ملکی معیشت ملکی خزانہ کے پارلیمنٹ یا میڈیا پر بتائے گئے اعداد و شمار غلط ثابت ہوں۔ ملکی خزانے پر اخراجات کا بوجھ اور غیر متوقع بجٹ کے علاوہ بھی ٹیکس لگائے جانے سے حکومت کا سیاسی

قمر در عقرب

اس نحس وقت کی ابتداء 13 جولائی 01 بجکر 52 منٹ تا 15 جولائی 14 بجکر 14 منٹ تک رہے گی۔ اس دوران آئمہ معصومینؑ کے نزدیک کوئی بھی نیا کام شادی بیاہ کرنا ہرگز نیک نہیں ہے۔

وقار مجروح ہو۔فنانس، کرپشن، ڈالر کے مقابلے میں کرنسی میں کمی آئے۔ سٹاک شیئرز مارکیٹ میں غیر متوقع اتار چڑھاؤ ملکی مالی اداروں میں نقصانات ، فراڈ، بدنیتی، چوری، مالی کرپشن کے واقعات بڑھیں۔ کوئی خفیہ قوت ملکی دولت کا ضیاع بھاری نقصانات اور مزید بھاری قرضے کا اظہار **IMF** کی تنبیہ پر مستقبل قریب میں مزید منی بجٹ پٹرولیم کی قیمتوں میں اضافہ کیا جاسکتا ہے۔ نویں گیارہویں کے حاکم زحل مریخ چھٹے نحس گھر میں ہونے سے ملکی سروسز اسٹیبلشمنٹ ودیگر اداروں کی ذمہ داریوں میں اضافہ اندرونِ ملک سول انتظامی کرپشن غلط سیاسی اثر ورسوخ کے خلاف میڈیا وسوشل میڈیا سرگرم رہے۔ اندرونِ ملک آگ لگنے کے متعدد واقعات عوام میں بیماریاں اور شدید امراض کی اچانک یلغار سے ہسپتالوں میں ایمرجنسی کی کیفیت رہے۔ حکومت کے خلاف اپوزیشن کی مہم خطرناک ہوکر بغاوت، سول نافرمانی جیسی تحریک میں بدلنے کے لیے خفیہ قوتیں بھی سرگرم رہیں۔ ملکی تحفظ کے اداروں کو مداخلت کرنی پڑے۔

دیگر ممالک: UNO کا بحالی ادارہ خوراک عرب کے جنگ سے محصور شدہ علاقوں خصوصاً عراق، کرد، شام، فلسطین، یمن میں خوراک کی فراہمی کو بہتر بنائیں۔ امریکی الیکشن سے قبل مشرق وسطیٰ تنازع اسرائیل اور فلسطین میں امن مذاکرات کی راہ ہموار کی جائے گی۔ ایران اور یورپ مخالف قوتوں کے مابین بھی صلح صفائی بحالی تعلقات کی کوشش بارآور ثابت ہوں۔ سعودی عریبیہ بڑھتے ہوئے جنگی اخراجات کے سبب حجاج اکرام پر ٹیکس لگا چکنے کے باوجود خطہ کے ہم خیال ممالک کویت، قطر، متحدہ عرب امارات میں اقتصادی اصلاحات متعارف کرائے۔ مستقبل قریب میں خلیج تعاون کونسل کے اجلاس میں اہم مشترکہ اقتصادی فیصلے کیے جائیں۔ بھارت سرکار ہمسائیہ ممالک پاکستان اور کشمیر میں اضطراب پھیلانے کے ساتھ سرحدوں پر عسکری کارروائیاں کرسکتے ہیں۔

عام الیکشن 2017ء میں بھی ہو سکتے ہیں۔ کرپشن زدہ پارلیمانی نظام بدلنے صدارتی و بلدیاتی مضبوط نظام اچانک متعارف کرایا جا سکتا ہے

پانامہ لیکس کا شور عارضی طور سے وزیر اعظم کی خرابی صحت میں دب گیا۔ کہنے والے کہتے ہیں کہ میاں صاحب کو پانامہ لیکس کا اتنا زیادہ دکھ ہوا کہ انہوں نے اسے اپنے دل پر لے لیا اور انجام کار اوپن ہارٹ سرجری کروانی پڑی۔ ایک صاحب میرے پاس زرداری صاحب کے نمائندے بن کر آئے اور نہایت افسوس کا اظہار کرتے ہوئے فرمانے لگے کہ زرداری صاحب نے نہایت دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے کہ ان کا نام پانامہ لیکس میں کیوں شامل نہیں کیا گیا۔ خیر یہ تو وہ ملے جلے قصے ہیں جو آج کل میڈیا کی زینت بنے ہوئے ہیں۔ ایک زمانہ میں جناب نواز شریف اور جناب شہباز شریف اپنے جلسے جلوسوں میں کہا کرتے تھے کہ ہم زرداری سے کرپشن کی ایک ایک پائی وصول کریں گے۔ بلکل ان کا پیٹ پھاڑ کر لوٹی ہوئی دولت باہر نکالیں گے۔ اور پھر نواز حکومت اقتدار میں آ کر آج تک خاموش ہے۔ بلکہ آج زرداری صاحب فرماتے ہیں کہ پانامہ لیکس پر نواز شریف سے سمجھوتے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا؛ تاہم پانامہ لیکس کے معاملے کو انجام تک پہنچائیں گے۔ دیگر اہم سیاسی لیڈران چوہدری اعتزاز احسن، عمران خان، سراج الحق، شیخ رشید احمد کے علاوہ اخباری، الیکٹرانک میڈیا اور ان پر ہونے والے ٹاک شوز نے ان دنوں آسمان سر پر اٹھایا ہوا ہے۔ اُدھر حکومت اور اپوزیشن جماعتوں کے مابین ٹی او آرز پر حکومتی پیش رفت نہ ہونے سے اب تک معاہدہ نہ ہو سکا۔ پاکستان سیاسی لحاظ سے اس وقت نہایت نازک دور سے گزر رہا ہے۔ پاکستان کا بچہ بچہ ان لیڈروں کے نام جانتا ہے۔ جنہوں نے ملک کو لوٹا اور کھل کر کرپشن کی۔ آپ ایک رکشہ یا تانگہ چلانے والے کو بھی روک کر کرپشن کرانے والے لیڈروں کے نام پوچھ لیں وہ آپ کو فر فر بتا دے گا۔ یہ نام نہیں معلوم تو ہماری عدلیہ کو اور احتساب بیورو کو نہیں معلوم۔ پانامہ لیکس اسکینڈل کے بعد توقع کی جا رہی تھی کہ حکومت عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دے گی۔ خیر ہو وزیر اعظم کے ماہر اقتصادیات وزیر خزانہ کی کہ انہوں نے عوام کو اور الجھا دیا ہے تا کہ لوگ پانامہ لیکس کو بھول کر اپنے بال بچوں کو پالنے کی فکر کریں۔ تاجروں نے بھی بجٹ مسترد کر دیا ہے۔ مطالبات نہ ماننے پر دھرنے کا عندیہ دیا ہے۔ ان دنوں ملک کے زرمبادلہ کے ذخائر ریکارڈ سطح پر ہیں۔ لوگ حیران پریشان ہیں کہ پانامہ کرپشن کا کیا انجام ہوگا۔ کچھ تجزیہ نگاروں کا خیال ہے کہ کرپشن زدہ سیاست کے بدلتے رنگوں کی ہولی میں کوئی ایسا نہیں بچا جس پر کرپشن رنگ نہ لگا ہو۔ عام لوگ حیران و پریشان ہیں اور ایک دوسرے سے پوچھتے ہیں کیا ہوگا؟

ہم علم نجوم کی روشنی میں اس سوال کا مختصر جواب تلاش کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ زائچہ پاکستان میں ان دنوں مہادشا 5 قمر کو ستمبر 2015ء تا 4 ستمبر 2025ء جاری ہے۔ ان دس سالہ دور میں 2015ء دہشت گردی کے خلاف مارشل لاء کا سال تھا جو ضرب عضب کی شکل میں پورا ہوتا دکھائی دے رہا ہے۔ 2016ء کو ہم نے اسی کا تسلسل سال قرار دینے کے ساتھ ساتھ کرپشن کے خلاف جوڈیشل مارشل لاء لگنے کا لکھ چکے ہیں۔ یوں 2016ء دہشت گردی اور کرپشن دانوں کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائی ہوگی۔ ابھی حال ہی میں پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ گیارہ فوجی افسران کو ان کی کرپشن کے سبب عسکری خدمات سے فارغ کیا گیا اور ان کو دی گئی سبھی مراعات واپس لے لی گئیں۔ آسمانی کونسل پر 2016ء کے خاتمہ سے قبل زائچہ پاکستان کے حساس مقامات پر 18 اگست چاند گرہن یکم ستمبر سورج گرہن اور پھر 16 ستمبر چاند گرہن لگیں گے۔ جبکہ قران نحسین زحل مریخ صاحب اقتدار حکمرانوں کے زائچہ حلف اور ان کے ذاتی زائچہ میں 24، 25، 26 اگست لگیں گے۔ تب کرپشن زدہ متعدد سیاست داں خصوصاً حکمران اس کی زد میں آئیں گے۔ 2016ء کے اختتام سے قبل کرپشن کا جزوی طور سے خاتمہ اور ماضی کی کرپشن کا احتساب شروع ہو جائے گا۔ ملک میں الیکشن جلسے جلوسوں کا احتجاجی ماحول بنا رہے گا۔ 2018ء الیکشن کا سال سہی مگر عام الیکشن 2017ء میں بھی ہو سکتے ہیں۔ کرپشن زدہ پارلیمانی نظام بدلنے صدارتی و بلدیاتی مضبوط نظام اچانک متعارف کرایا جا سکتا ہے۔

آسمانی کونسل پر پاکستان کا نظام قدرت نے 2015ء تا 2025ء اپنے ہاتھ میں لے رکھا ہے۔ اس دس سالہ مہادشا سدو رِ قمر ملک سے دہشت گردی، کرپشن کا خاتمہ ہو کر وطن عزیز ترقی کی طرف گامزن ہوگا۔ تب کرپشن زدہ تمام سیاسی چہرے بھی بدل چکے ہوں گے۔

وزیر اعظم کے لیے سینکڑوں بکروں کی قربانی (صدقہ) دے کر منگل کی بندش کے خاتمہ کا جزوی اعلان ہو گیا ہے۔ کیا ہی اچھا ہو حکومت ملک کو جنگل میں منگل بنانے سے باز رکھنے کے لیے قربانی بدھ سے بندش کھول دے۔ (تمم شاہ زنجانی)

قرآن پاک سورۃ توبہ میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے: آپ ﷺ ان کے اموال کی زکوٰۃ لے لیا کیجیے جس کے ذریعہ سے آپ ﷺ انھیں 1 پاک کر دیجیے اور انھیں برکت بھی دیجیے اور اُن کے لیے دعائے خیر و رحمت بھی فرمایے۔ یقیناً آپ کی دعائے خیر و برکت اُن کے لیے باعث تسکین و راحت ہوگی۔ (کیونکہ) یہ حقیقت ہے کہ اللہ (آپ ﷺ کی دعائیں) سننے والا اور (آپ ﷺ کے مرتبے کو) خوب جاننے والا ہے۔ (103) کیا انھیں معلوم نہیں کہ اللہ ہی تو ہے جو اپنے بندوں کی توبہ کو قبول کرتا ہے اور ان کی زکوٰۃ و خیرات کو بھی لے کر قبول کر لیتا ہے۔ (یہ اِس لیے ہے) کہ اللہ بہت معاف کرنے والا اور بڑا رحم کرنے والا ہے۔ (یعنی اُس کو تمھارے اموال کی کوئی ضرورت نہیں مگر صرف اِس لیے کہ تمھارے گناہ معاف فرمائے اور تم پر رحم فرمائے وہ تمھاری خیراتوں کو وصول فرماتا ہے۔ (104)

کسی شخص پر مصیبت آئے تو وہ صدقہ (قربانی) کے لیے فوراً کالا بکرا تلاش کرتا ہے۔ بعد از ادائیگی صدقہ اس کے چاہنے والوں کو یقین ہو جاتا ہے کہ آپ کی بلا ٹل جائے گی۔ یہی کچھ ہمارے وزیر اعظم جناب میاں محمد نواز شریف کی اچانک ہارٹ سرجری بیماری کی نحوست دور کرنے، شفایابی اور درازی عمر کے لیے ان کے چاہنے والوں نے 31 مئی 2016 بروز منگل کیا۔ میڈیا پر خبر گرم رہی کہ ملک بھر سے ان کے چاہنے والوں نے سینکڑوں بکروں کا صدقہ (قربانی) دی۔ نتیجتاً بلا مصیبت ٹل گئی۔ دعا ہے کہ وزیر اعظم جلد رو بہ صحت ہو کر وطن تشریف لے آئیں۔ ادھر پوری قوم پر دہشت گردی کی مصیبت آئی ہوئی ہے اور پاکستان میں منگل، بدھ کو قربانی بند ہوتی ہے۔ نتیجتاً پھر انسان ذبیحہ (قربان) ہوتے ہیں۔

زائچہ پاکستان کے تحت منگل (مریخ) پاکستان کا ستارہ ہے اور منگل کا دن ہی پاکستان اور پاکستانی قوم کے صدقہ کا دن ہے۔ خاتمہ بندش منگل سے اسی نسبت سے پاکستان بھر میں منگل کو پاکستان کی فضاؤں میں چھائی ہوئی سبھی نحوستیں بتدریج دور ہوتی رہیں گی۔ قوم کا مزاج 0.0% ٹالرنس (قوت برداشت) ہو چکا ہے۔ اس میں بھی یقیناً خصوصاً ملکی سیاسی ماحول میں بھی بہتری آئے۔ T.V کے ٹاک شوز جو روزانہ ہی سیاست دانوں کی لڑائی جھگڑے پر ختم ہوتے ہیں۔ یہ ایثار و محبت ملکی تعمیر و ترقی کی مشاورت پر ختم ہوا کریں گے۔ جنگل میں منگل کا محاورہ تو سب نے سنا ہوگا۔ تاریخ کے اوراق الٹیں تو ہر زبان

زد و عام کے پس منظر میں کوئی نہ کوئی تلخ و شیریں حقیقت ضرور پوشیدہ ہوتی ہے۔ جنگل میں چونکہ کوئی قانون نہیں ہوتا، جنگل کے بھی جانور اپنے سے طاقتور جانور سے بچنے کے لیے اپنا ہی الگ دفاعی یا حملہ آوری کا قانون بنا لیتے ہیں۔ عموماً شیر کو جنگل کا بادشاہ کہا جاتا ہے۔ اور یہی سیاسی نشان ہمارے موجودہ وزیراعظم محترم جناب محمد نواز شریف صاحب کی پاکستان مسلم لیگ (ن) کا بھی نشان ہے۔

جنگل کا بادشاہ شیر اپنے مدمقابل کسی کو خاطر میں نہیں لاتا۔ اس کے خیال میں چت بھی اس کی اور پٹ بھی اسی کی ہے۔ یہی جنگل میں منگل طاقت کا قانون ہے۔

گذشتہ سال وزیراعظم پاکستان کو ایک بڑی صحافتی تقریب میں پاکستان پر چھائی نحوست دور کرنے کے لیے منگل کے ناغہ کے خاتمہ کی اپیل کی تھی۔ دلیل یہ تھی کہ منگل (مریخ) پاکستان کا ستارہ ہے اور اس دن قربانی کی بندش سے پورا ملک متاثر ہو رہا ہے۔ وزیراعظم صاحب نے مجھ سے معصومیت کے ساتھ پوچھا تھا کہ منگل کے ساتھ ساتھ بدھ کا بھی ناغہ ہے، کیا اسے بھی ختم ہونا چاہیے تو میں نے عرض کیا تھا کہ دنیا بھر اور تمام اسلامی ممالک اور اسلام میں کہیں ذبیحہ کی بندش نہیں ہے۔ اول تو فطرت کے برعکس ناغہ ہونا نہیں چاہیے اور اگر حکومت کے نزدیک ناغہ ضروری ہے تو پھر چاہیں تو چھ دن ناغہ کر لیں مگر منگل کا ناغہ کھول دیں۔ منگل کی نحوست کے سبب ہی اب تک پاکستان میں چھ حکومتیں مارشل لاء اور جوڈیشل مارشل لاء کے تحت ختم ہو چکی ہیں۔ اب تو وزیراعظم اور ان کے چاہنے والے از خود سینکڑوں بکروں کا صدقہ (قربانی) دے کر اس کا عملی فائدہ جان چکے ہیں تو پھر کیوں نہ ملک بھر میں منگل کے ناغہ پر سے بھی فوری پابندی اُٹھالی جائے تاکہ منگل کو قربانی ہوتی رہے اور ہمارا ملک پاکستان اور پاکستان میں بسنے والے شہری پُرامن طریقے سے زندگی گزارتے ہوئے ملک کی ترقی کا باعث بنیں۔

منگل، مریخ، فوج کی پاکستان میں اہمیت (نمبر و ستارہ مریخ سے منسوب ہے)

علم نجوم سے واقفیت رکھنے والے جانتے ہیں کہ منگل کا دن ستارہ مریخ سے منسوب ہے اور مریخ سے افواج پاکستان منسوب ہیں۔ دنیا میں 219 ملک 60 اسلامی ملکوں میں کہیں بھی حلال شے پر بندش نہیں۔ دنیا بھر میں مذبحہ خانے قربانی کے لئے منگل کو (ماسوائے پاکستان) کھلتے ہیں کہ جبکہ پاکستان میں بند رہتے ہیں۔ جس کے بداثرات پوری پاکستانی قوم پر اور خصوصاً افواج پاکستان پر پڑ رہے ہیں۔ افواج کو ملکی دفاع کے علاوہ بین الاقوامی سیاسی انتظامی ناگہانی اضافی ذمہ داریوں سے واسطہ پڑتا رہتا ہے جبکہ دنیا میں کہیں (بھی حلال شے کی قربانی کی کسی بھی دن بندش) نہیں ہے۔ پاکستان میں فوجی حکمرانوں کی اضافی ذمہ داریوں کی تواریخ ملاحظہ فرمائیں۔

(1) مارشل لاء ایوب خان	7 اکتوبر 1958ء بروز منگل	(2) مارشل لاء یحییٰ خان	25 مارچ 1969ء بروز منگل
(3) سول مارشل لاء ذوالفقار علی بھٹو	21 دسمبر 1971ء بروز منگل	(4) مارشل لاء ضیاء الحق	05 جولائی 1977ء بروز منگل
(5) فوجی حکومت جنرل مشرف	12 اکتوبر 1999ء بروز منگل	(6) جوڈیشل مارشل لاء (وزیراعظم گیلانی)	19 جون 2012ء بروز منگل

قارئین دیکھا آپ نے سبھی دن منگل ہی کے ہیں۔ کیا پاکستان میں یہ اتفاق ہے یا نحوست؟

یقیناً وزیراعظم پاکستان نواز شریف صاحب منگل کو آپریشن کروا کے منگل کو سینکڑوں بکروں کی قربانی دے کر ہمارے زائچہ پاکستان پر عملی تحقیق کو ضروری پسند فرما کر حکم جاری فرمائیں گے۔ ہماری تمام محب وطن پاکستانیوں اور میڈیا سے بھی یہی اپیل ہے۔ **از قلم سیّد انتظار حسین شاہ زنجانی**

پوری ایک صدی کو اپنے زیر اثر رکھنے والی مقناطیسی شخصیت 3 جون کو اس جہان فانی سے رخصت ہوئی، بلاشبہ عظیم باکسر محمد علی کلے ایک تاریخ ساز اور مسحور کن شخصیت کے حامل تھے، اللہ نے انہیں اُس عمر میں راہ ہدایت دکھائی جب لڑکے صرف تفریحات کی طرف ہی متوجہ رہتے ہیں اور وہ تو تھے بھی پیدائشی اسپورٹس مین۔

23,24 سال کی عمر میں انہوں نے اسلام قبول کر کے پوری عیسائی دنیا کے لیے ایک نیا چیلنج پیدا کر دیا تھا کیوں کہ اس سے پہلے ہی 25 فروری 1964ء کو اس لڑکے نے اس وقت کے ہیوی ویٹ چیمپئن سونی لسٹن کو ناک آؤٹ کر کے ورلڈ چیمپئن شپ کا ٹائٹل جیتا تھا، اب اس کا مسلمان ہونا پوری کرسچن برادری کے لیے ایک مسئلہ بن گیا تھا، فائٹ جیتنے کے تھوڑے ہی عرصے بعد یعنی 14 اگست 1964ء کو وہ اپنی پسندیدہ گرل فرینڈ سے شادی بھی کر چکے تھے، اسلام قبول کرنے سے یہ شادی بھی تنازعات کا شکار ہوئی اور بالآخر 1966ء میں طلاق کی نوبت آ گئی۔

غیر معمولی لوگ دنیا میں غیر معمولی کارنامے انجام دیتے ہیں، بے شک محمد علی کلے بھی ایک ایسا ہی نام ہے، ابھی وہ ترقی کے زینے پر قدم بہ قدم آگے بڑھ رہا تھا اور یکے بعد دیگر اس کی فتوحات کا سلسلہ جاری تھا کہ اچانک امریکی حکومت نے جبری بھرتی کے قانون کے تحت اسے فوجی محاذ پر ویتنام بھیجنے کے احکامات جاری کر دیے مگر وہ کوئی عام سا معمولی انسان نہیں تھا، اس نے یہ حکم ماننے سے انکار کر دیا، نتیجے کے طور پر اس کا باکسنگ لائسنس کینسل کر دیا گیا، دس ہزار ڈالر جرمانہ عائد کیا گیا، 3 سال کے لیے کسی بھی باکسنگ میچ میں شرکت پر پابندی لگائی گئی لیکن وہ محمد علی کلے تھا جس کی تاریخ پیدائش 17 جنوری ہے، اس تاریخ کو پیدا ہونے والے افراد کو ''ناقابل شکست'' کہا جاتا ہے۔

امریکا ہی میں سال کے 366 دنوں کے کلیدی اثرات پر تحقیقی کام کیا گیا ہے اور اس کے نتیجے میں ایک ضخیم کتاب مرتب ہو کر شائع ہو چکی ہے، اس کا نام (The Birth day secret) ہے، ہر تاریخ کو اس کے کلیدی اثر کے مطابق ایک نام دیا گیا ہے مثلاً 4 جنوری آئزک نیوٹن کی تاریخ پیدائش ہے، اس تاریخ کو ''کلیہ دانی'' کا دن کہا گیا ہے، 5 جنوری پیپلز پارٹی کے بانی چیئرمین جناب ذوالفقار علی بھٹو کی تاریخ پیدائش ہے، اسے ''بازیابی'' کا دن قرار دیا گیا ہے یعنی بحالی کے عمل کا دن، اسی طرح 17 جنوری کو ''ہیوی ویٹ'' کا دن کہا گیا ہے۔

17 جنوری کو پیدا ہونے والے 1942ء

اس تحقیق کے مطابق 17 جنوری کو پیدا ہونے والے افراد طاقت ور ترین، راسخ، راست گو ہوتے ہیں، یہ خصوصیات محدود نہیں ہیں، ان کا دائرۂ کار بہت وسیع ہے، ان کے سامنے ایک واضح ہدف ہوتا ہے اور ایک ٹھوس خیال کہ وہ کسی خاص وقت میں کیا حاصل کرنے کی خواہش رکھتے ہیں؟ وہ اپنے پچھلے تجربات کی بنیاد پر اپنی آئندہ کامیابی اور آئندہ پیش آنے والی دشواریوں کا مؤثر تخمینہ لگانے کی اہلیت رکھتے ہیں۔

17 جنوری کو پیدا ہونے والے لوگ ابتدائی عمر ہی سے یہ جان جاتے ہیں کہ وہ کون سی شے ہے جو ایک انسان کو کامیابی سے ہم کنار کرتی ہے، وہ اس تحریک کی اہمیت کو سمجھنے لگتے ہیں جو لوگوں کو کچھ کرنے پر اکساتی ہے اور اس امر کا یقین کرنے پر بھی کہ وہ کسی خاص صورت حال میں کس طرح جوابی اقدام کریں، ان لوگوں کا شعور بے حد پختہ ہوتا ہے، وہ اپنے جذبات اور خواہشات سے پوری طرح واقف ہوتے ہیں اور زندگی کے چیلنجوں کا بار بار مقابلہ کرنے

کے لیے اپنی استعداد میں اضافہ کر کے اپنے آپ کو اس کا اہل ثابت کرنے کے قابل ہو جاتے ہیں، اس میں کوئی حیرت کی بات نہیں کہ ان لوگوں کے لیے سب سے بڑا خطرہ دوسروں کے جذبات وخیالات، دکھ، پریشانی اور دلچسپیوں سے لاتعلقی ہے کیوں کہ یہ لوگ اپنے منصوبوں پر کوئی سمجھوتا نہیں کرتے، اس طرح وہ اپنے ساتھیوں اور رفقاء کو بھی اپنا دشمن بنالیتے ہیں۔

اس دن پیدا ہونے والے افراد کو بے شک انفرادی کارناموں سے زیادہ سروکار ہوتا ہے اور وہ عام طور پر انفرادی آزادی کے کٹر حامی ہوتے ہیں، چناں چہ شاذونادر ہی ٹیم ورک میں خود کو ایڈجسٹ کر پاتے ہیں، سخت گیری یا آمرانہ رویہ ان کے طور طریقوں میں نمایاں نظر آتا ہے، اپنی ذاتی حیثیت میں کمال کی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

17 کے مرکب عدد کو باہم جمع کیا جائے تو مفرد عدد 8 حاصل ہوتا ہے جو سیارہ زحل کا عدد ہے، اس مہینے میں 17 جنوری کو زحل کے ذاتی برج جدی کی حکمرانی ہے، سیارہ زحل کو حدود وقیود اور پابندیوں کا سیارہ کہا جاتا ہے، اس عرصے میں پیدا ہونے والے اکثر افراد کی ابتدائی زندگی اور کبھی کبھی پوری زندگی کسی نہ کسی مقصد یا کاز کے لیے جدوجہد کرتے گزرتی ہے، اکثریت اپنی جدوجہد میں کامیاب ہوتی ہے، اولوالعزمی اور حاکمیت پسندی اس تاریخ کا طرۂ امتیاز ہے، یہ لوگ زندگی کے مادّی پہلوؤں پر غیر ضروری زور دیتے ہیں جو زیادہ مناسب بات نہیں ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ محمد علی کلے کے سب سے سخت جان حریف جو فریزئر کی تاریخ پیدائش بھی 17 جنوری تھی، اس کے علاوہ اس تاریخ کو پیدا ہونے والی دیگر مشہور شخصیات میں فاتح جاپان امریکی جنرل میک آرتھر، انسانی حقوق کا علم بردار تام ڈولی، بنجمن فرینکلن، پاکستانی شخصیات میں جناب جی ایم سید، ریٹائرڈ ایئر مارشل اصغر خان، عبدالحفیظ کاردار اور سابق امیر جماعت اسلامی جناب قاضی حسین احمد شامل ہیں۔

غیر معمولی افراد

غیر معمولی خوبیوں اور صلاحیتوں کے مالک افراد کی زندگی میں مشکلات اور مصائب بھی غیر معمولی ہی نظر آتے ہیں، خدائے سخن میر تقی میر ہوں یا مرزا غالب، قائداعظم محمد علی جناح ہوں یا جناب ذوالفقار علی بھٹو، علامہ اقبال ہوں یا عظیم شاعر فردوسی، یہ تمام لوگ اور ان جیسے دیگر ہزاروں غیر معمولی صلاحیتوں کے مالک افراد کی زندگی پر اگر نظر ڈالی جائے تو معلوم ہوگا کہ زندگی ان کے لیے ایک بڑا چیلنج بن گئی تھی، وہ کبھی اپنے حال اور احوال سے مطمئن نہ رہ سکے لیکن ان کی فطری اولوالعزمی انہیں کسی بھی مرحلے پر تھکنے اور ہارنے بھی نہیں دیتی، ہم ہمیشہ سے غیر معمولی افراد کے پیدائشی زائچوں کا مطالعہ کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں اور یہ بات اکثر ہمارے مشاہدے میں آتی رہتی ہے کہ ایسے تمام افراد کے زائچے میں کچھ نہ کچھ پیچیدگیاں اور خرابیاں ضرور ہوتی ہیں اور شاید یہی پیچیدگیاں اور خرابیاں انہیں ایک غیر معمولی شخصیت عطا کرتی ہیں، خواہ اس کے نتیجے میں کچھ دوسری تکلیفیں اور محرومیاں ان کی زندگی کا حصہ بن جائیں، اس حوالے سے جب سنچری مین محمد علی کا زائچہ دیکھا گیا تو یہ حقیقت یہاں بھی نمایاں نظر آتی ہے، بے شک وہ اپنے شعبے کے ایک کامیاب ترین

انسان کے طور پر ابھر کر دنیا کے سامنے آئے لیکن باطنی طور پر وہ مستقل جس ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوتے رہے، اُس میں بالآخر انہیں مستقل طور پر ایک اعصابی مریض بنا دیا تھا، ہم اس بحث میں نہیں پڑنا چاہتے کہ ڈاکٹر پارکنسن کی بیماری کے اسباب کیا بتاتے ہیں، یہ بھی کہا جاتا ہے کہ سر پر مسلسل آہنی ضربات برداشت کرنے سے یہ بیماری ہوئی ہوگی لیکن سر پر مسلسل ضربات کا سامنا تو دیگر تمام باکسر بھی زندگی بھر کرتے ہیں، درحقیقت یہ بیماری اعصابی کمزوری کے سبب پیدا ہوتی ہے اور اعصاب اس وقت کمزور ہوتے ہیں جب عمر کے خاص حصے میں دلی صدمات کی زیادتی ہوتی ہے۔

زائچہ محمد علی کلے

صدی کے نمایاں ترین اور سب سے بڑے باکسر کی شخصیت ایسی نہیں ہے کہ دنیا بھر کے ایسٹرولوجر صاحبان اسے نظر انداز کریں، اکثر صاحب علم افراد نے ان کا زائچہ بنایا ہے، عام طور پر پیدائش کا وقت ہمیشہ ہی کچھ متنازع رہتا ہے جس کی وجہ سے ہر شخص اپنی سمجھ بوجھ کے مطابق برتھ چارٹ بناتا ہے، محمد علی کی تاریخ پیدائش پر کسی کو کوئی اختلاف نہیں ہے اور وقت پیدائش 06:35 pm سے 07:30 pm تک بتایا جاتا ہے چناں چہ اکثریت تو 06:35 pm ہی سے زائچہ بناتی ہے جس کے مطابق برتھ سائن سرطان سامنے آتا ہے جو ہمارے نزدیک بالکل غلط ہے، قد قامت اور چہرے کی بناوٹ کے علاوہ اور بھی بہت سی علامات برج سرطان کے حق میں نہیں ہیں، ہم نے وقت پیدائش 06:54 pm رکھا ہے، اس طرح برتھ سائن اسد کا پہلا درجہ سامنے آتا ہے، سرطانی افراد کا قد عام طور پر اتنا نہیں ہوتا جتنا محمد علی کا تھا یعنی 6 فٹ 1 انچ، یہ قد و قامت برج اسد میں ہی ممکن ہے، دیگر خصوصیات بھی شمسی برج جدی کے علاوہ برج اسد کی ان کی زندگی میں نمایاں نظر آتی ہے، برج اسد کی نمایاں ترین خصوصیات میں مستقل مزاجی، انا، شاہانہ رنگ ڈھنگ، زندگی میں بلند ترین مقام پر پہنچنے کی آرزو، عمدہ انتظامی صلاحیت شامل ہیں۔

طالع کے درجات قمری منزل ماگھ میں ہیں جس کا حاکم غضب ناک کیتو ہے، کیتو کو روحانیت کا نمائندہ بھی کہا جاتا ہے، ایسا شخص دولت مند ہوتا ہے، دنیا کی لذتوں سے لطف اندوز ہوتا ہے، خدا کی بندگی کرتا ہے اور بزرگوں سے گہری عقیدت رکھتا ہے، لوگ اس کی تعریف کرتے ہیں لیکن جنس مخالف کی عشوہ طرازیوں کے آگے گھٹنے ٹیک دیتا ہے، اس کی جڑیں گہری ہوتی ہیں، کوئی اہم کام انجام دیتا ہے اور جسمانی طور پر مضبوط ہوتا ہے، اپنے والدین اور آباؤ و اجداد سے گہری عقیدت رکھتا ہے، اس قمری منزل میں پیدا ہونے والے بعض دیگر مشہور افراد میں شیر دل رچرڈ، سلطان سلیمان ذیشان، ہدایت کار سیسل بی ڈمل وغیرہ شامل ہیں۔

محمد علی کلے کا شمسی برج (Sun Sign) جدی (Capricorn) ہے، یہاں شمس قمری منزل اُتر شدھ میں ہے، اس منزل میں شمس کی پوزیشن انسانیت دوست بناتی ہے، روحانیت کی طرف راغب کرتی ہے، سماجی قدروں کو بدلنے کی خواہش ان لوگوں کے اندر انگڑائیاں لیتی ہے، کسی خاص کاز کے لیے جدوجہد کرتے ہیں، زور آور اور اچھے مقرر ثابت ہوتے ہیں، مشہور ہوتے ہیں لیکن متنازع بھی ہوسکتے ہیں، شمس کی اس پوزیشن پر پیدا ہونے والی دیگر شخصیات میں مارٹن لوتھر کنگ جونیئر، جی ایم سید، صدر جمال عبدالناصر شامل ہیں۔

کسی بھی برتھ چارٹ کا تیسرا اہم ترین ستون قمری برج (Moon Sign) ہے جسے جنم راشی بھی کہا جاتا ہے، محمد علی کے زائچے میں قمر بھی برج جدی میں ہے اور چاند کی منزل سرونا ہے، اس منزل پر سیارہ قمر ہی کی حکمرانی ہے، قمری منزل کسی بھی زائچے میں بڑی اہمیت رکھتی ہے، انسان کی فطرت کا سراغ اسی منزل سے لگایا جاتا ہے لہٰذا ہم کہہ سکتے ہیں کہ فطری طور پر محمد علی نیک فطرت لیکن حساس و جذباتی انسان تھے، زحل کے برج جدی میں قمر کی موجودگی ثابت قدمی اور ایڈجسٹ ہونے کی صلاحیت عطا کرتی ہے، ایسے لوگ سیاست دان یا عوامی شخصیت بننے کے لیے موزوں ہوتے ہیں، ان کی مسکراہٹ میں ایک کشش ہوتی ہے جو لوگوں کو اپنی طرف کھینچتی ہے، ان کی زندگی میں خواہ کیسے بھی نشیب و فراز آئیں، یہ اپنی پوزیشن کو برقرار رکھنے میں کامیاب رہتے ہیں۔

زائچے کی بنیادی خصوصیات پر نظر ڈالی جائے تو عجب دھوپ چھاؤں کا منظر دکھائی دیتا ہے، پہلا گھر جسے طالع پیدائش یا برتھ سائن کہا جاتا ہے، برج اسد کا ہے، اس کا حاکم سیارہ چھٹے خراب گھر میں بیٹھا ہے، چھٹے گھر میں موجودگی صاحب زائچہ کو تیز مزاج اور جھگڑالو بناتی ہے، سونے پر سہاگہ یہ کہ تیسرے پہل کاری، کوشش اور اقدام کا ستارہ زہرہ بھی چھٹے گھر میں موجود ہے لہٰذا فوراً مشتعل ہونا، شدید غصے کے ساتھ جوابی کارروائی کرنا، آسانی سے کسی بات

سے مطمئن نہ ہونا اس صورت حال کا نتیجہ ہے، مشہور ہے کہ وہ اپنے حریفوں کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتتے تھے اور مقابلے سے پہلے ہی ان کے خلاف کوئی نہ کوئی شرارتی کارروائی شروع کردیتے تھے، گویا اسلام قبول کرنے سے پہلے محمد علی کی شورا پشتی اور شرانگیزی عروج پر تھی، یہ ایسی پوزیشن ہے جو کسی بھی اختلافی معاملے میں انہیں انتہا کرجانے پر مجبور کرسکتی تھی اور ایسا ہی ہوا، امریکی حکومت کے سامنے بھی انہوں نے ہتھیار نہیں ڈالے، مقابلہ کیا اور بالآخر حکومت کو شکست ہوئی۔

قمر کے علاوہ راہو کیتو اس زائچے کے فعلی منحوس سیارے ہیں، قمر بھی اسی چھٹے گھر میں دوسرے گھر کے حاکم عطارد کے ساتھ موجود ہے اور دوسرے گھر کے حاکم کو جو فیملی اور اسٹیٹس کا نمائندہ ہے، متاثر کررہا ہے، چناں چہ یہ مسائل انہیں زندگی بھر پریشان کرتے رہے، پہلے ان کے اسٹیٹس پر ضرب لگائی گئی یعنی باکسنگ لائسنس منسوخ کردیا گیا، ہیوی ویٹ چیمپئن شپ کا اعزاز چھین لیا گیا، جرمانہ کیا گیا، قیدوبند کی صعوبت بھی برداشت کرنا پڑی، فیملی کے حوالے سے بھی پہلا صدمہ پہلی شادی کی ناکامی کا اٹھانا پڑا، بعدازاں دو شادیاں اور ناکام ہوئیں۔

جیسا کہ ہم نے پہلے عرض کیا تھا کہ غیر معمولی لوگوں کے زائچوں میں مشکلات اور مسائل بھی غیر معمولی ہوتے ہیں، زائچے کا سب سے طاقت ور اور دوسرے الفاظ میں گولڈن اسٹار پانچویں گھر کا حاکم مشتری ہے جو زائچے میں دسویں گھر میں نہایت مضبوط پوزیشن رکھتا ہے، قمر اور عطارد پر بھرپور نظر ڈال رہا ہے جس سے مشکل اوقات میں بالآخر کامیاب ہوکر اور سُرخرو ہوکر اپنا اسٹیٹس برقرار رکھنے میں مدد ملی اور ایسا اُس وقت ہوا، جب زائچے میں مشتری ہی کے 16 سالہ دور اکبر کا آغاز ہوا یعنی 13 نومبر 1969ء سے، اس سے پہلے وہ اگرچہ عدالت سے اپنا لائسنس بحال کراچکے تھے اور کریئر کا دوبارہ آغاز کردیا تھا لیکن کوئی غیر معمولی مقابلہ پیش نہیں آیا تھا، دوبارہ ورلڈ چیمپئن بننے کے لیے جدوجہد جاری تھی جس کا موقع 20 نومبر 1974ء کو ملا اور دوسری بار ورلڈ چیمپئن بنے۔

مشتری کا طویل دور 13 نومبر 1985ء تک جاری رہا، دورِ اکبر کے دوران میں دیگر سیارگان کے چھوٹے چھوٹے دورِ اصغر آتے رہتے ہیں جو زیادہ اہم کردار ادا کرتے ہیں، ایسے ہی ادوار میں اپ اینڈ ڈاؤن کی کیفیات زندگی میں آتی ہیں لہٰذا اپنے طویل کریئر میں محمد علی نے غیر معمولی اور بے مثال کامیابیوں کے ساتھ ناکامیوں کا بھی منہ دیکھا لیکن ہر ناکامی کے بعد اپنے زائچے کی بنیادی خصوصیات کے مطابق وہ زیادہ ہمت اور حوصلے کا مظاہرہ کرتے ہوئے کامیابی کے سفر کو آگے بڑھاتے رہے جس کا بہرحال ایک دن اختتام ہونا تھا، ریٹائرمنٹ کے وقت وہ تقریباً چالیس سال کے ہوچکے تھے، ایک اسپورٹس مین کے لیے یہ عمر کم نہیں ہوتی۔

کسی زائچے میں چار اہم سیارگان اگر چھٹے، آٹھویں یا بارھویں گھر میں ہوں تو سمجھ لینا چاہیے کہ اس شخص کی زندگی سیدھی سادی اور عام سی نہیں ہے، یقیناً بہت سے نشیب و فراز موجود ہیں، اگر کوئی مضبوط سیارہ مددگار نہ ہو تو ایسے لوگ کامیابیوں سے بہت دور چلے جاتے ہیں، زندگی میں محرومیاں اور مسائل بڑھ جاتے ہیں، یہی صورت حال تقریباً بھارتی سپر اسٹار امیتابھ بچن کے زائچے کی ہے جس میں ایک سے زیادہ سیارگان آٹھویں گھر میں بیٹھے ہیں جب کہ واحد سیارہ زحل جو طالع کا حاکم بھی ہے، زائچے کا سب سے طاقت ور سیارہ ہے جس نے زندگی میں بے مثال عروج دیا۔

محمد علی کے زائچے میں سیارہ زحل ساتویں گھر کا حاکم ہوکر نویں اپنے برج ہبوط میں ہے جب کہ نویں گھر کا حاکم اگرچہ اپنے ہی گھر میں موجود ہے مگر نوامسا (D-9) چارٹ میں یہ بھی ہبوط یافتہ ہے، اگرچہ یہ دونوں سیارے نویں گھر میں بہت اچھی جگہ بیٹھے ہیں اور قانونی طور پر راج یوگ بنارہے ہیں لیکن یہ راج یوگ دونوں سیاروں کی کمزوری کے باعث اعلیٰ درجے کا نہیں ہے، ہبوط یافتگی سے قطع نظر دونوں سیارگان کی نشست بہت عمدہ ہے جس کا کچھ نہ کچھ فائدہ صاحب زائچہ کو ضرور ملتا ہے، مریخ نوامسا چارٹ کے طالع کا حاکم ہے اور D-10 کے طالع میں برج اسد طلوع ہے، مریخی اثرات اینھلیٹ یا باکسنگ کریئر کی طرف لے جانے کا سبب بنے، چھٹے گھر میں زہرہ اور شمس کی موجودگی میں مزاج میں جو غصہ اور اشتعال پیدا کیا، وہ بہرحال باکسنگ رنگ میں کام آیا۔

زندگی میں ازدواجی خوشیاں سیارہ زہرہ سے منسوب ہیں، زہرہ کی چھٹے گھر میں پوزیشن پر پہلے بات ہوچکی ہے جس کی وجہ سے صاحب زائچہ کی مشتعل مزاجی اور جھگڑالو طبیعت سامنے آتی ہے کیوں کہ زہرہ تیسرے گھر کا حاکم ہے لیکن ازدواجی زندگی کے حوالے سے بھی یہ کہا جاسکتا ہے کہ وہ کبھی بھی مطمئن نہیں رہے ہوں گے کیوں کہ زہرہ چھٹے گھر میں ہونے کے علاوہ نوامسا چارٹ میں اپنے برج ہبوط میں ہے۔

پانچویں گھر کا حاکم مشتری مضبوط بھی ہے اور اچھی جگہ بھی ہے لہٰذا کثرت اولاد اور اولاد سے متعلق خوشیاں انہیں حاصل ہوئیں، دو بیٹے اور سات بیٹیاں جب کہ

(بقیہ صفحہ نمبر 18 پر)

یکم مئی قطر ائیرویز سے لاہور سے واشنگٹن ڈی سی پہنچنے پر جناب مسٹر اینڈ مسز طارق صاحب بمعہ فیملی نے پرُخلوص استقبال کیا۔ طارق صاحب برادرِ نسبتی امریکہ خصوصی آمد انکی صاحبزادی فروا طارق کی عثمان سے شادی خانہ آبادی میں شرکت تھی تقریبات شادی 6,5,4 مئی طے تھیں۔ اسی شب مسٹر اینڈ مسز عقیل احمد ازراہے شفقت ملنے تشریف لے آئے چونکہ ان کے علم میں میری آمد تھی۔ دیر تک گفتگو خصوصاً پاکستانی سیاست زیر بحث رہی بلکہ میرے دو ہفتے قیام کے دوران احساس یقین میں بدلا کہ بیرون ملک پاکستانی اپنے وطن سے بے پناہ محبت کرتے ہیں اور ملک سے دہشت گردی کے ساتھ ساتھ کرپشن کا بھی خاتمہ چاہتے ہیں کہ ہمارا ملک ترقی یافتہ ممالک کی صف میں جلد شامل ہو۔ نیند کا غلبہ بڑھ گیا۔ 2 مئی پھر دوسرا دن تروتازہ سجاد بلوچ صاحب نے یاد فرمایا جو یہاں ورجینیا میں نہایت سوشل شخصیت ہیں اور حال میں اپنے دوستوں کے ساتھ پاکستان میں انڈیا کی دہشت گردی مہم اور راء کے پکڑے جانے والے ایجنٹ کے خلاف انڈین ایمبیسی واشنگٹن ڈی سی کے سامنے اپنا احتجاجی مظاہرہ کرچکے ہیں۔ جکی تمام پاکستانی الیکٹرانک میڈیا پر کوریج چل چکی ہے۔ ملنے پر میں نے انکو اور انکے دوستوں کے جذبہ حب الوطنی کی مبارکباد دی۔ بلوچ صاحب نے فرمایا کہ آپ کے والد بزرگوار منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی کے دیرینہ دوست سید فقیر حسین نقوی جو یہاں بزنس کے ساتھ ساتھ روزنامہ خبریں اور چینل 5 کے خصوصی نمائندہ ہیں آپکو یاد کررہے ہیں۔ میرے لئے یہ اعزاز کی بات تھی کہ اپنے والد گرامی کے کسی دوست کی زیارت کروں۔ شب بلوچ صاحب لینے آئے اور ہم نصف گھنٹے کی مسافت کے بعد نقوی صاحب کے دولت خانے پر تھے۔ بارش میں بھی انہوں نے محبت وشفقت سے استقبال کیا۔ اور میرے والد گرامی کی زندگی کے ان پہلوؤں پر گفتگو فرمائی جو پہلے میرے علم میں نہ تھی۔ ان وراثتی محبتوں کا تبادلہ نصف شب جاری رہا۔ 3 مئی اندرون امریکہ شکاگو، ہیوسٹن، نیویارک، میری لینڈ، نیوجرسی اور پاکستان بھر سے دوستوں عزیز واقارب سے روابط کا سلسلہ جاری رہا۔ نامعلوم وقت اتنی تیزی سے گزرا کے شام ہوگئی اس شام دولہا میاں عثمان ملاقات کے لئے تشریف لائے۔ اور اپنی سعادت مندی سے دعائیں لیں۔ 4 مئی علی الصبح عقیل صاحب نے یاد کیا کہ میری لینڈ ادارہ جعفریہ کے روح رواں ڈاکٹر سید ولائیت شاہ صاحب آپکو یاد کررہے ہیں۔ میری خوش قسمتی کہ ایک سید نے یاد کیا میں نے فوراً میری لینڈ جانے کی حامی بھرلی۔ اسی دوپہر میری لینڈ پہنچے یہاں کے مقامی مومنین کی تواضع معلومات ملاقات سے خوشی ملی اور اسی شب رسم حنا (مہندی) کا پروگرام چیری بلاسم (ورجینیا) ہال میں تھا۔ وقت مقررہ 8 بجے شب مجھے عقیل صاحب نے یہاں الوداع کیا۔ چیری بلاسم ریسٹورنٹ ہال میں خوشی کا سماء تھا۔ دولہن اور دولہا کی جانب سے مہمانوں کا سلسلہ جاری رہا جو 9 بجے شب تھم گیا۔ سبھی مہمانوں کے یکجا ہونے پر پاکستانی ماحول کی طرح اس تقریب کو چار چاند لگانے کے لئے دونوں فیملی کے جوان بچے بچیوں نے جی کھول کر شادی کی اس تقریب میں DJ گروپ کے ساتھ اپنی اپنی خوشی کا اظہار کیا۔

5 مئی سجاد بلوچ صاحب کا فون آیا کہ آپ تیار رہیں۔ سپرنگ فیلڈ امام علی سنٹر امام بارگاہ میں معراج النبی ﷺ کے جشن کی مجلس نیویارک سے آئے ہوئے علامہ ڈاکٹر محمد سخاوت سندرالوی صاحب خطاب فرمائیں گے۔ آپ سے انکی ملاقات میرے وسیلہ سے میرے لئے خوشی کا باعث بنے گی۔ ہم یہاں پہنچے قصہ معراج النبی ﷺ ایک الگ انداز سے سننے کی سعادت ملی درجنوں مومنین سے ملاقات ہوئی جناب ڈاکٹر ذوالفقار کاظمی۔ فواد شیرازی، سید رضا علی

گیلانی سید نبیل نقوی، سید دلبر نقوی، سید فقیر نقوی اور خصوصاً قبلہ وکعبہ علامہ سخاوت اور علامہ نعمت علی صاحب کے ساتھ لنگر تبرک تناول کا موقعہ ملا۔ علامہ صاحب کا قیام مہدی فاؤنڈیشن نیو یارک اور آپ مہدی جنتری کے مدیر بھی ہیں۔ ادھر پاکستانی ایمبیسی واشنگٹن ڈی سی ایمبیسڈر آف پاکستان جناب سید جلیل عباس جیلانی صاحب سے انکے پی اے قمر صاحب کی معرفت رابطہ کرکے اپنی امریکہ آمد کی اطلاع اور شادی کی دعوت دی۔ جواباً جیلانی صاحب نے سرکاری مصروفیت کے سبب شادی کی مبارکباد بھجوائی اور ایمبیسی میں ملاقات کے لئے 13 مئی کا وقت دیا۔ 6 مئی کو ہلٹن ہوٹل نزد ائیر پورٹ واشنگٹن ڈی سی آج سفر امریکہ کا اصل حاصل تھا۔ ہیوسٹن سے جناب محمد بلال المعروف بادشاہ تشریف لائے انہیں ائیر پورٹ سے لیکر ہوٹل طارق صاحب کی قیادت میں پہنچے ہم چونکہ میزبان تھے لہذا وقت مقررہ 8 بجے سے قبل ہم سب مہمانوں کے استقبال کے لئے موجود تھے۔ نیو یارک سے اسکالر ڈاکٹر اجیت سنگھ صاحب کو میں نے دعوت دی جو واشنگٹن میں مقیم تھے انہوں نے بتایا کہ میں نے ٹی وی 84 کا انتظام سنبھال لیا ہے اور میں اب مستقل نیو یارک آگیا ہوں۔ شادی میں میری نمائندگی بلوندر سنگھ اور چٹھہ حرمیندر سنگھ وڑائچ اپنی فیملی ممبرز کے ساتھ کریں گے۔ امریکن شادی میں پاکستانی ماحول لگ رہا تھا۔ تقریب مقررہ وقت پر ہوئی ایسے ہی ماحول بن گیا جیسے پاکستانی ماحول ہو ہلٹن ہوٹل کا ہال خوبصورت خصوصاً اسکی چھت پر لگی روشنیاں نہایت خوبصورت سماں بنا رہی تھیں DJ سنگھ برادران نے رسم حنا کی طرح شادی کے دن خوب چن چن کر خوشی کے گانے لگائے میری فرمائش پر قلندری دھمال بھی لگائی گئی۔ مہمانوں کی تواضع کے لئے کھانے سے پہلے Appetizer میں نصف درجن ڈشز جبکہ بعد از دعوت شادی میں درجن بھر کھانوں کا اہتمام اور وہ بھی ہلٹن ہوٹل کے شاندار شادی ہال میں سب کچھ بہت اعلیٰ لگ رہا تھا۔ کم وبیش تقریباً 250 مہمانوں کی آمد اور سبھی مہمانوں نے دولہا دولہن کے ساتھ متعدد تصاویر کھنچوائیں۔ آخر میں شادی کی رسومات پاکستانی انداز سے ادا کی گئیں نصف شب کے بعد باقاعدہ رخصتی ہوئی دولہا دولہن کار میں سوار ہو کے اسی ہوٹل میں اپنے کمرے میں اور مہمان دعائیں دیتے ہوئے باری باری رخصت ہوئے۔ 7 مئی نصف دن آرام اور سونے میں گذرا شام کو ہرنلڈن کے علاقہ انگلیٹی ریسٹورنٹ میں دعوت ولیمہ کا اہتمام تھا یہاں بھی امریکن، انڈین، پاکستانی مکس متعدد کھانوں سے مہمانوں کی تواضع کی گئی۔ شادی کی سبھی مصروفیات الحمد اللہ بخیر پوری ہوگئیں۔ 8 مئی آرام کے ساتھ امریکہ اور پاکستانی دوستوں عزیز واقارب سے ٹیلی فونک روابط رہے۔

صبح 9 مئی طارق صاحب کے ساتھ نیو یارک جانے کا پروگرام بن گیا یہاں جن عقیدت مندوں دوستوں فیملیز سے ملاقات خصوصاً میرے محسن دوست زین چوہدری صاحب کے والد گرامی سیف الحق چوہدری صاحب کی طبیعت ان دنوں ناساز ہے۔ خیال تھا کہ اولین فرصت میں نیو یارک انکی عیادت و زیارت کی جائے۔ بس پھر قدرت نے سب اہتمام کر دیئے آپ اپنے دونوں صاحبزادے زین چوہدری اور صالح چوہدری فیملیز کے ساتھ ہیڈ آفس ایلیٹ لیموزین ٹیکسی سروس نیو یارک میں مجھے مل گئے۔ یہاں پر جناب شیخ سعادت، جناب فیض احمد صاحب اور محمد اکرم بمعہ اہلیہ ملنے تشریف لے آئے۔ سب سے دیرینہ ملاقات میں تبادلہ خیال تحائف اور دعاؤں کا تبادلہ ہوا۔ یہاں سے اگلی منزل ویسٹ بھری فیض احمد صاحب کا دولت خانہ مہمان نوازی کے لئے موجود تھا انکی فیملی سے ملاقات صبح ناشتہ کے بعد سٹیٹنٹ آئی لینڈ جناب ابراہیم گلزار صاحب اور انکی فیملی سے ملاقات کی اور شاندار ظہرانہ کھایا اور دعا دی۔ ادھر شہر براڈ ویلے میں ہمارے محسن گپتا جی انکے صاحبزادے چاند انکی فیملی منتظر تھے وہاں گھنٹہ بھر مسافت کے بعد پہنچے نیو یارک کی سڑکوں پر رش اور بلند و بالا عمارات، دریا، پل اپنے اندر ایک عجیب سحر انگیزی رکھتے ہیں۔ پاکستان میں لوگ نیو یارک کو ہی امریکہ سمجھتے ہیں جبکہ امریکہ کا رقبہ پاکستان جیسے 40 ممالک کے برابر ہے۔ انکی فیملی مسز نیل گپتا کی بھی عیادت کا موقعہ ملا جنکی آج حالت بہتر تھی۔ کچھ لمحات کے لئے لونگ آئی لینڈ سٹی ساؤنڈ وژن سٹوڈیو گئے یہاں قاضی مشتاق علی ڈاکٹر امرجیت سنگھ اور چوہدری شفقت صاحب سے خوشگوار ماحول میں ملاقات ہوئی۔ گپتا جی جنکی نیو یارک میں پرفیوم شاپ انہوں نے مجھے اور طارق صاحب کو الگ الگ تحائف دیئے جیکس ہائٹس میں پاکستانی ریسٹورنٹ پر شاندار کھانا کھایا اور

نصف شب کے وقت اجازت لیکر ہم واپس اپنی منزل لیز برگ (واشنگٹن) روانہ ہوئے۔ نیویارک شہر کی یہ خوبی ہے کہ یہ شہر رات کو بھی نہیں سوتا۔ ہمارا یہ سفر صبح نماز فجر کے وقت مکمل ہوا نماز کی ادائیگی دعاؤں کے بعد طویل آرام کیا 10 مئی اور 11 مئی متعدد شہروں سے بہن بھائیوں کے فون کالز آتی رہیں۔ اور اب واپسی کی تیاری بھی ہونے لگی تھی۔ 12 مئی ووڈ برج ورجینیا سید علی رضا گیلانی سابق وفاقی وزیر اور انکی فیملی نے گھر کھانے پر مدعو کیا یہاں تقریباً بہت سارے سادات سے ملاقات ہوئی سربراہ سید دلبر نقوی اور انکی اہلیہ اور امریکہ میں مقیم ان کے خاندان کے سبھی افراد سے ملاقات ہوئی اسی شب ایمبیڈرز آف پاکستان کے پی اے قمر صاحب کا فون آیا کہ ایمبیڈر صاحب نے مجھے یاد کیا ہے۔

13 مئی 11:30 صبح ہم پاکستانی سفارت خانہ میں تھے۔ میرے ساتھ طارق صاحب اور سجاد بلوچ بھی تھے۔ یقین جانیں یہ لمحات میرے لئے نہایت خوش کن تھا جب ہم سفارت خانے پہنچے قمر صاحب اور پاکستانی Press Attache ندیم ہوتیانہ صاحب نے استقبال کیا اور پھر ہماری عزت مآب سید جلیل عباس جیلانی ایمبیڈرز صاحب سے ملاقات ہوئی جو نصف گھنٹہ جاری رہی۔ نئے جوڑے فروا اور عثمان کو آپ نے دعائیں دیں۔ ان سے روحانی دنیاوی فلکیاتی موضوعات پر آف دی ریکارڈ گفتگو ہوئی۔ آپ نے بعد میں پاکستان آنے پر دوبارہ ملاقات کے ساتھ اجازت دی۔ ندیم صاحب ہمیں اپنے آفس لے گئے اور امریکہ میں پاکستانی میڈیا کے کردار کی خوبصورتی سے تشریح کی۔ یہاں جناب محمد اشتیاق صاحب کونسلر پولیٹیکل سے بھی خوشگوار ملاقات رہی۔ اسی شب وائس آف امریکہ کے نمائندہ سید افسر انعام صاحب سے ملاقات ہوئی میری ان سے دیرینہ شناسائی ہے۔ انہوں نے گلہ کیا کہ آپ سے پہلے ملاقات ہوتی تو آپ کے ساتھ V.O.A کیلئے پروگرام ضرور ریکارڈ کرتا۔ انکی موجودگی میں سچ ٹی وی کے یوسف چوھدری صاحب تشریف لے آئے۔ سچ ٹی وی کی پانچویں سالگرہ پر مبارکباد ریکارڈ کرائی یاد رہے کہ شہزادہ سید محمد علی زنجانی اس چینل پر ہر پیر صبح 10 تا 12 بجے سچ سویرا میں لائیو پروگرام کرتے ہیں۔

14 مئی واشنگٹن ڈی سی سے لاہور قطر ائیر ویز سے ہماری واپسی ہوئی طویل سفر سہانی یادوں کے ساتھ گزرا اور وطن پہنچنے کا اپنا ہی لطیف احساس بھی ہونے لگا۔ ہر وہ پاکستانی جو بیرون ملک سے لوٹ کر جب واپس آتا ہے تو وہ یہ احساس ضرور محسوس کر سکتا ہے۔ یہاں سی اے اے سٹاف جناب آغا آصف جناب محمد شاہد اور شہزادہ سید محسن علی زنجانی نے استقبال کیا۔ یوں یہ خوشگوار سفر تمام ہوا۔ بے شک سفر وسیلہ ظفر ہوتا ہے۔ آپ بھی کر کے دیکھ لیں۔

از تحریر: حافظ سید محسن علی زنجانی

درود شریف کے فوائد

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ تعالیٰ کے نام سے جونہایت مہربان اور ہمیشہ رحم کرنے والا ہے۔

لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ الرَّسُوۡلُ اللّٰہ

اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں۔

درود ابراھیمی علیہ السلام

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیۡتَ عَلٰی اِبۡرَاھِیۡمَ وَ عَلٰی آلِ اِبۡرَاھِیۡمَ اِنَّکَ حَمِیۡدٌ مَّجِیۡدٌ ط اَللّٰھُمَّ بَارِکۡ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکۡتَ عَلٰی اِبۡرَاھِیۡمَ وَ عَلٰی آلِ اِبۡرَاھِیۡمَ اِنَّکَ حَمِیۡدٌ مَّجِیۡدٌ۔

حدیث مبارک ہے کہ جو مجھ پر درود پڑھنا بھول گیا وہ جنت کی راہ بھول گیا۔

فرمانِ باری تعالیٰ

اِنَّ اللّٰہَ وَ مَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوۡنَ عَلَی النَّبِیِّ

یٰۤاَیُّھَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا صَلُّوۡا عَلَیۡہِ وَسَلِّمُوۡا تَسۡلِیۡمًا

درود سلام پڑھنے سے اللہ کریم کے حکم کی تعمیل ہوتی ہے۔(القرآن)

درود حل المشکلات

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ وَ بَارِکۡ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدۡ ضَاقَتۡ حِیۡلَتِیۡ وَ اَدۡرِکۡنِیۡ یَا رَسُوۡلَ اللّٰہ۔

حضور نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں کو جو شخص میرے نام کے ساتھ ﷺ لکھتا ہے جب تک اس کتاب میں میرا نام موجود ہے فرشتے اس کے گناہوں کی معافی اور رحمت کی دعا کرتے رہیں گے۔

درود خاص

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡکَ یَا مُحَمَّدُ نُوۡرٌ مِّنۡ نُّوۡرِ اللّٰہ

کوئی رنج یا مصیبت آجائے تو صدق دل سے اس درود پاک کو پڑھنے سے ہر قسم کی مصیبتیں تکلیفیں اور رنج و غم ختم ہوجاتے ہیں۔

خزینہ فضائل و برکات

صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الۡاُمِّیِّ وَ آلِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ صَلٰوۃً وَّ سَلَامًا عَلَیۡکَ یَا رَسُوۡلَ اللّٰہ

یہ درود شریف ہر نماز خصوصاً نماز جمعہ کے بعد مدینہ منورہ کی جانب منہ کر کے 100 مرتبہ پڑھنے سے بے شمار فضائل و برکات حاصل ہوتے ہیں۔

چھ لاکھ درود شریف کا ثواب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوۡلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِیۡ عِلۡمِ اللّٰہِ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِ مُلۡکِ اللّٰہ

شیخ الدلائل سید علی بن یوسف علیہ السلام نے حضرت جلال الدین سیوطی سے روایت کی کہ اس درود شریف کو ایک بار پڑھنے سے چھ لاکھ درود شریف پڑھنے کا ثواب حاصل ہوتا ہے۔

فتنہ اور تنگی دور کرنے کے لئے درود پاک

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدۡ ضَاقَتۡ حِیۡلَتِیۡ اَدۡرِکۡنِیۡ یَا رَسُوۡلَ اللّٰہ

یہ درود پاک مفتی دمشق علامہ حامد تقوی عماری علیہ السلام سے نقل کیا گیا ہے کہ فتنہ و فساد اور تنگی دور کرنے کے لئے بہترین نسخہ ہے۔

روحانی تربیت کا مجرب نسخہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِیۡ کُلِّ لَمۡحَۃٍ وَّ نَفۡسٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعۡلُوۡمٍ لَّکَ

دُعا میں جب تک نبی کریم ﷺ پر درود شریف نہ بھیجو گے تب تک دعا زمین اور آسمان کے درمیان لٹکی رہے گی۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللهِ وَعَلٰی اٰلِكَ وَاَصْحَابِكَ
یَاحَبِیْبَ اللهِ

وہ شخص بخیل ہے جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔

ہزار دن تک نیکیاں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَهٗ

مزرع الحسنات میں ہے کہ جو شخص یہ درود پاک ایک مرتبہ پڑھتا ہے تو ستر فرشتے ایک ہزار دن تک اس کے اعمال میں نیکیاں لکھتے رہتے ہیں۔

منہ کی بدبو زائل کرنے کا نسخہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ الطَّاهِرِ

یہ درود پاک ایک ہی سانس میں گیارہ بار پڑھنے سے بدبودار چیزیں کھانے سے منہ میں پیدا ہونے والی بدبو دور ہو جاتی ہے۔

درود اسم اعظم

اَللهُ رَبُّ مُحَمَّدٍ صَلّٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَا نَحْنُ عِبَادُ مُحَمَّدٍ صَلّٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَا

یہ درود شریف کم از کم سو مرتبہ روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنا لیجئے پھر اس کی برکات دیکھئے کہ دین و دنیا کی ہر کام میں کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔ ناکامی بادِ خزاں کبھی دور سے بھی نہیں گزرے گی۔

درود خضری

صَلَّی اللهُ عَلٰی حَبِیْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلَّمْ

یہ ایسا درود پاک ہے کہ نہ فقط روضہ نبی کریم ﷺ کی حاضری نصیب ہوتی ہے بلکہ مراد دین پائی جاتی ہے اور محبت میں یقیناً اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ فی الحقیقت درود خضری ایک بڑی نعمت ہے۔

صلوٰۃ الروف الرحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الرَّءُوْفِ الرَّحِیْمِ ذِی الْخُلُقِ الْعَظِیْمِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ فِیْ كُلِّ لَحْظَةٍ عَدَدَ كُلِّ حَادِثٍ وَّقَدِیْمٍ

یہ درود شریف بزرگ ترین الفاظ سے ہے اسے بکثرت پڑھنا چاہئے۔

درود جمالی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ بِقَدْرِ حُسْنِهٖ وَجَمَالِهٖ

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے کہ جو شخص کسی مہم یا پریشانی یا مصیبت میں ہو وہ درود پاک کو ہزار مرتبہ محبت و عشق سے پڑھے اللہ تعالیٰ اس کی مصیبت ٹال دے گا اور ان کو اپنی مراد میں کامیاب کر دے گا۔

درود نور

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُوْرِ الْاَنْوَارِ وَسِرِّ الْاَسْرَارِ وَسَیِّدِ الْاَبْرَارِ ط

درود ہزارہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفِ مَرَّةٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

حضرت شیخ محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے درود شریف کو کثرت سے پڑھنے والا ایک آدمی دیکھا وہ سپین کا لوہار تھا۔ جب میں نے ان سے ملاقات کی اور دعا کے لئے درخواست کی تو مجھ کو عجیب و غریب فائدہ حاصل ہوا۔

شفاعت رسول ﷺ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ

حضرت رویفع رضی اللہ عنہ بن ثابت انصاری فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص اس درود شریف کو پڑھے اس کے لئے میری شفاعت واجب ہو جاتی ہے۔

80 برس کے گناہ معاف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَسَلِّمْ

حدیث شریف میں ہے کہ حضرت سہل بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص جمعہ کے دن بعد نماز عصر 80 مرتبہ یہ درود شریف پڑھے تو اس کے 80 سال کے گناہ معاف ہو جائیں گے۔

برائے کشادگی رزق

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَ رَسُوْلِكَ وَ صَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُؤمِنٰتِ وَ الْمُسْلِمِیْنَ وَ الْمُسْلِمَاتِ ط

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے کہ جس شخص کو منظور ہو کہ میرا مال بڑھ جائے تو وہ یوں کہا کرے۔

دفع نسیان کا نسخہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ کَمَا لَا نِھَایَۃَ لِکَمَالِكَ وَ عَدَدَ کَمَالِہٖ

دفع نسیان کے لئے یہ درود شریف مغرب اور عشاء کے درمیان کسی عدد معین کے بغیر پڑھیں۔

درود شافعی شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّا کِرُوْنَ وَ کُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ

امام اسماعیل بن ابراہیم مدنی نے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ اللہ پاک نے آپ سے کیا معاملہ کیا۔ انہوں نے فرمایا کہ اس درود شریف کی برکت سے مجھے تعظیم واحترام کے ساتھ بہشت میں لے جایا گیا۔

درود برائے مغفرت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی آلِہٖ وَسَلِّمْ

فضیلت تاجدار عرب وعجم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص یہ درود پاک پڑھے اگر کھڑا ہے تو بیٹھنے سے پہلے اور اگر بیٹھا ہے تو اُٹھنے سے پہلے اس کے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔

حدیث شریف

مولای صل وسلم دائما ابدا علی حبیبك خیر الخلق کلھم

اللہ کریم درود شریف پڑھنے والے کی دس نیکیاں لکھ دیتا ہے اس کے دس درجے بلند کرتا ہے اور دس گناہ مٹا دیتا ہے۔

بقیہ: دی گریٹ محمد علی

ایک بیٹی باپ کے نقش قدم پر چلتے ہوئے باکسر بنی اور خاصی شہرت پائی۔

ساتویں گھر کے حاکم زحل کا ہبوط یافتہ ہونا بیوی یا بیویوں کے سلسلے میں مستقل عدم اطمینان ظاہر کرتا ہے، پہلی بیوی ایک کاکٹیل ویٹرس تھی جو محمد علی کے مسلمان ہونے کے بعد وہ پابندیاں قبول کرنے کے لیے تیار نہیں تھی جو اسلامی لباس کے سلسلے میں محمد علی کی ڈیمانڈ تھی، دوسری بیوی اگرچہ مسلمان ہوگئی تھی اور اپنا نام بھی بلینڈا کے بجائے خلیلہ رکھ لیا تھا لیکن یہ نام بھی اُس کے حلقہء احباب نے اور رشتے داروں نے قبول نہیں کیا، شاید وہ بھی ایسا ہی چاہتی تھی، یہ شادی بھی ناکام رہی، تیسری شادی محمد علی نے ویرونیکا نامی ایک ماڈل اور اداکارہ سے کی، یہ بھی ناکام رہی اور آخر میں چوتھی شادی نومبر 1986ء میں یولینڈا سے ہوئی جو اُس کی ایک پرانی دوست تھی مگر شادی کے بعد علی کو اُس سے بھی حقیقی خوشیاں نہیں مل سکیں، دونوں خاصی الگ تھلگ زندگی گزارتے رہے، ایک عظیم انسان کی زندگی کا یہ سب سے بڑا المیہ رہا۔

میں یہ نہیں کہتا کہ مرے ساتھ نہیں ہو
احساس رفاقت بھی تو ہو ہم سفری میں

طویل بیماری

زائچے میں صحت کا نمائندہ سیارہ شمس ہے جو چھٹے گھر میں کمزور ہے، صحت کا ثانوی نمائندہ سیارہ مریخ ہے جو ششم بھرہ (D-6) کے طالع کا حاکم ہے، شمس اور مریخ کی کمزوری صحت کے معاملات کو بہت زیادہ متاثر نہیں کرسکی اور وہ زندگی بھر طاقت ور و توانا رہے، دونوں سیارگان کی کمزوری کی وجہ سے ہاضمے کی خرابیاں اور چوٹیں وغیرہ لگنا جیسے مسائل پیش آتے رہے ہوں گے لیکن قمر جس کا تعلق دماغ سے ہے اور عطارد جس کا تعلق ذہن سے ہے باہم قران کی پوزیشن رکھتے ہیں، قمر بارھویں گھر کا مالک ہو کر فعلی منحوس بن گیا ہے اور بری طرح عطارد کو متاثر کر رہا ہے، چناں چہ جب مشتری کے دور اکبر میں قمر کا دور اصغر شروع ہوا (1981 تو دماغی اور ذہنی کمزوری کے مسائل شروع ہوئے جنہوں نے رفتہ رفتہ رعشہ کی بیماری کا آغاز کر دیا، اس بیماری کے بارے میں جدید میڈیکل طریقہ کار میں کوئی شافی وکافی علاج نہیں ہے، مریض کو مستقل طور پر دواؤں پر ہی زندگی گزارنا پڑی، چناں چہ ایسا ہی ہوا، ان دواؤں کے سائیڈ ایفیکٹس ایک طویل عرصے میں دیگر بہت سی بیماریوں کو جنم دیتے ہیں، بہر حال اس کے باوجود 74 سال کی طویل زندگی پائی، زائچے میں اشت بھرہ (D-8) کا حاکم سیارہ مشتری ہے جو زائچے میں مضبوط ہے، یہی طویل عمری کا راز ہے ورنہ جیسی بیماریاں 81 سے شروع ہو چکی تھیں، اگر عمر کا کارک مضبوط نہ ہوتا تو یہ طویل عمری بھی ممکن نہ ہوتی۔

نظراتِ سیّارگان کے عملیات برائے ماہِ جولائی 2016ء

آسمانی کونسل میں نظراتِ سیارگان کی عملیات و تعویذات کی تیاری میں ایسے ہی اہمیت رکھتی ہے جیسے جسم میں روح کی ہو۔ مندرجہ ذیل اوقات تربیع میں نحس اعمال جبکہ تسدیس، مثلیث اور قران (بشرطیکہ قران نحس کواکب کا نہ ہو) میں سعد اعمال کیے جاتے ہیں۔
قارئین آئینہ قسمت! چند سال سے آپ نے اس کالم میں تبدیلی محسوس کی ہوگی۔ نظر سیارگان کی ابتداء، انتہا اور خاتمہ کے اوقات بن عملیات میں شامل کر کے ہم نے عاملین، شائقین عملیات کیلئے آسانی پیدا کر دی ہے۔ اب یہ اُلجھن ختم ہوگئی کہ فلاں سیارے کی نظر کب بن کر کب ختم ہوگی۔ اب عملیات کی تیاری میں پورے پورے وقت سے اِستفادہ کیا جا سکتا ہے۔ نقشہ ساعت (جو نیچے درج ہے) سے جو ہر دن طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے، اپنے شہر کے طلوع آفتاب سے متعلقہ ستارے کی ساعت دیکھ کر اس ساعت میں تیار کیا گیا عمل اور بھی مؤثر ہو جاتا ہے۔ سالنامہ زنجانی جنتری 2016ء میں بھی ہم نے اہم سالانہ نظرات سیارگان تفصیلی درج کیے ہیں۔ ہماری خدمت باعث فخر بھی بن سکتی ہے، جب آپ وقتاً فوقتاً اپنے تبصروں سے نوازتے رہیں۔ **عامل شاہ زنجانی**

کسی بھی عمل کی ابتداء سے پہلے 2 رکعت نماز اجمالاً ہدیہ روح حضرت رسالت پناہ ﷺ مع سائر انبیاء، عظام اور اولیاء کرام پڑھیں۔ پھر مخصوص بہ نیت رجال الغیب مردان خدا جس سمت یہ اس روز کھڑے ہوں، اُن کی طرف باادب رُخ کر کے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اُس سمت کھڑی کر کے درج ذیل دعا مع ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار پڑھیں۔ رجال الغیب کی تواریخ کا چارٹ حسب ذیل ہے۔ عمل کرتے وقت رجال الغیب کی جانب اپنی پشت رکھیں۔

جنوب مشرق 24`16`09`01	جنوب مغرب 25`17`10`02	جنوب 26`18`11`03	مغرب 27`19`12`04
شمال مغرب 00`20`13`05	شمال مشرق 28`21`00`06	مشرق 29`22`14`07	شمال 30`23`15`08

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ اَلسَّلَامُ عَلَیکُم یَارِجَالُ الغَیبِ وَیَا اَروَاحُ المُقَدَّسَۃ اَعِینُونِی بِقُوَّۃٍ وَّنظُرُونِی بِنَظرَۃٍ یَارُقَبَاءُ یَانُقَبَاءُ یَانُجَبَاءُ یَااَبدَالُ یَااَوتَادُ یَاقُطبُ یَاغَوثُ اَعِینُونِی بِحُرمَۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصحَابِہٖ اَجمَعِینَ

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت میں تمام اعمال نیک نیتی کی بناء پر عاملین و قارئین کے استفادہ کیلئے دیئے جاتے ہیں۔ جائز کام میں تو اللہ اور اس کا رسول بھی مدد کرتے ہیں۔ ناجائز عمل کرنے سے باز رہیں، ورنہ سخت رجعت بھی ممکن ہے۔ بہرحال جب بھی کوئی عمل کریں تو لازم ہے کہ عمل کی رجعت سے بچنے کیلئے 6 کلو چینی، ایک کلو سوجی یا بارہ کلو باجرہ، دو کلو چاول اپنے سر سے وار کر رکھ لیں۔ بعد از عمل استعمال سے پہلے کسی بھی قبرستان جا کر عامل شاہ زنجانی کا اور اپنا اہل قبور کو سلام عرض کریں اور فاتحہ خوانی کر کے درختوں کی جڑوں میں حشرات الارض کو صدقہ ڈال دیں اور صدقہ ڈالنے کے بعد پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ یہ صدقہ صرف ایک عمل کیلئے ہے، دوسرے عمل کیلئے علیحدہ صدقہ دیں۔

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے

شمار	پہلی								دوسری								تیسری							چوتھی
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

تسدیس زہرہ مشتری: اس سعد وقت کی ابتداء یکم جولائی 2 بجکر 20 منٹ، مکمل نظر 2 جولائی صفر بجکر 18 منٹ اور خاتمہ نظر 2 جولائی 22 بجکر 17 منٹ پر ہوگا۔ محبت، دولت، عزت کے لیے خالی البطن نقش بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کے نقش سے باپرہیز فیض حاصل کریں۔

تثلیث زہرہ مریخ: اس سعد وقت کی ابتداء 6 جولائی 4 بجکر 17 منٹ، مکمل نظر 7 جولائی 1 بجکر 18 منٹ اور خاتمہ نظر 7 جولائی 22 بجکر 32 منٹ پر ہوگا۔ دفع فتنہ وفساد ہر قسم میل ملاقات بڑھانے، پیار و الفت کے لیے یہ ایک مکمل نظر ہے۔ سورۃ یوسف کے خالی البطن نقش سے فیض حاصل کریں۔

(نقش آگے دیا جارہا ہے)

قران شمس عطارد: جدید تحقیق کے مطابق اس سعد وقت کی ابتداء 6 جولائی 12 بجکر 38 منٹ، مکمل نظر 7 جولائی 8 بجکر 24 منٹ اور خاتمہ نظر 7 جولائی 18 بجکر 19 منٹ پر ہوگا۔ اس دوران نجات ڈپریشن، شفایابی، ٹیلی پیتھی، مسمریزم اور ابتداء کاروبار، سفر وسیلۂ ظفر اور حلقۂ احباب میں وسعت کے لیے عملی اقدامات کیے جاسکتے ہیں۔ اسم اعظم یاقوی کا نقش مثلث لکھیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ			
۱ یاقوی	۱۴ یاقوی	۱۱ یاقوی	۸ یاقوی
۱۲ یاقوی	۷ یاقوی	۲ یاقوی	۱۳ یاقوی
۶ یاقوی	۹ یاقوی	۱۶ یاقوی	۳ یاقوی
۱۵ یاقوی	۴ یاقوی	۵ یاقوی	۱۰ یاقوی

تسدیس عطارد مشتری: اس سعد وقت کی ابتداء 8 جولائی 2 بجکر 8 منٹ، مکمل نظر 8 جولائی 14 بجکر 5 منٹ، خاتمہ نظر 9 جولائی 2 بجکر 6 منٹ پر ہوگا۔ ترقی علوم ہر قسم، حصولِ انعامی فوائد کے لیے دعائے نادعلی کا نقش باپرہیز پاس رکھیں۔

۷۸۶			
۱۵۹۶	۱۶۰۹	۱۶۰۶	۱۶۰۳
۱۶۰۷	۱۶۰۲	۱۵۹۷	۱۶۰۸
۱۶۰۱	۱۶۰۴	۱۶۱۱	۱۵۹۸
۱۶۱۰	۱۵۹۹	۱۶۰۰	۱۶۰۵

تسدیس شمس مشتری: اس سعد وقت کی ابتداء 9 جولائی 4 بجکر 47 منٹ، مکمل نظر 10 جولائی 10 بجکر 40 منٹ اور خاتمہ نظر 11 جولائی 16 بجکر 40 منٹ پر ہوگا۔ برائے ترقی دولت، انعامی فوائد کے حصول، کشادگی رزق کے لیے اسمائے حسنیٰ کا نقش لکھ کر باپرہیز پاس رکھنا نیک ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ			
غنی	منعم	وھاب	رزاق
رزاق	وھاب	منعم	غنی
منعم	غنی	رزاق	وھاب
وھاب	رزاق	غنی	منعم

تثلیث عطارد مریخ: اس سعد وقت کی ابتداء 10 جولائی 18 بجکر 50 منٹ، مکمل نظر 11 جولائی 7 بجکر 1 منٹ اور خاتمہ نظر 11 جولائی 19 بجکر 20 منٹ پر ہوگا۔ دوستی، الفت ومحبت قائم کرنے یا بڑھانے کے لیے سورۃ یوسف کے خالی البطن نقش لکھ کر درخت انار پر باندھیں اور فیض حاصل کریں۔

۷۸۶		
۴۱۹۹۸	۳۳۰۹۸۸	۱۳۵۹۹۴
۲۰۹۹۹۰	یہاں مقصد لکھیں	۲۹۳۹۹۰
۲۰۱۹۹۲	۱۶۷۹۹۲	۸۳۹۹۶

قران عطارد زہرہ: اس سعد وقت کی ابتداء 15 جولائی 18 بجکر 53 منٹ، مکمل نظر 17 جولائی 3 بجکر 5 منٹ اور خاتمہ نظر 17 جولائی 19 بجکر 50 منٹ پر ہوگا۔ تسخیر، الفت ومحبت، حصول علم اور انعامی اسکیموں میں طالع آزمائی کے لیے مؤثر وقت اسمائے عظائم کا نقش بنا کر باپرہیز پاس رکھیں۔

چال نقش			۷۸۶		
۸	۱	۶	یاعزیز	یامصور	یاودود
۳	۵	۷	یامصور	یاودود	یاعزیز
۴	۹	۲	یاودود	یاعزیز	یامصور

تثلیث شمس مریخ: اس سعد وقت کی ابتداء 16 جولائی صفر بجکر 29 منٹ، مکمل نظر 17 جولائی 8 بجکر 45 منٹ اور خاتمہ نظر 18 جولائی 17 بجکر 44 منٹ پر ہوگا۔ حل المشکلات، شفایابی، قوت، صحت ہر قسم کے لیے سورۃ کا خالی البطن نقش لکھ کر

(بقیہ صفحہ نمبر 22 پر)

نوٹ: جو بہن بھائی خود یہ اعمال نہ کر سکیں۔ وہ شاہ زنجانی سے رجوع کریں۔

اوج شمس یا شمس کی سعد نظر میں اکثر عاملین جفر ایسے عملیات تیار کرتے ہیں کہ ترقی مرتبہ کیلئے پُرتاثیر ہوتے ہیں۔ وہ خواتین وحضرات جنکی ترقی نہ ہوتی ہو یا ترقی رُکی ہوئی ہو، یا کام بنتے بنتے بگڑ جاتے ہوں، یا کسی کو قرضہ دیا ہوا ہو وہ قرضہ واپس نہ کرتا ہو، قرضہ واپس لینے کیلئے یہ طلسم بہت پُرتاثیر ہے۔ یہ طلسم خالص چاندی کی پلیٹ پر بنوا کر پاس رکھیں۔ یا وہ لوگ جو آئے دِن بیمار رہتے ہوں، ہر وقت بیماری کی وجہ سے پریشانی ہو، امراض شوگر نے پکڑ رکھا ہو، صحت بگڑ گئی ہو، یہ لوح اسکی کامیابی کی ضمانت ہوگی، یہ لوح جب تیار ہوجائے۔ اس پر (**111**) مرتبہ سورہ شمس پڑھ کر دم کریں۔ اسکا ثواب حضور پاک ﷺ اور آلِ محمدؐ کو ہدیہ کریں۔ اللہ کریم ایسے اسباب پیدا کریں گے کہ کچھ ہی عرصہ میں غنی ہوجائیں گے۔

رافع
رافع رافع
رافع رافع رافع
رافع رافع رافع رافع
رافع رافع رافع ۷۸۶ رافع رافع رافع

٨	١١	٢٠١٠٨	١
٢٠١٠٧	٢	٧	١٢
٣	٢٠١١٠	٩	٦
١٠	٥	٤	٢٠١٠٩

رافع / رافع رافع / رافع رافع رافع / رافع رافع

رافع / رافع رافع / رافع رافع رافع / رافع رافع رافع / رافع

ھو ھو ھو ھو
اللہ محمد اللہ احمد لہ حامد ھو محمود

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

طلسم برج عقرب ترقی مرتبہ، ترقی فتوحات کیلئے پُرتاثیر ہے اور یہ برج عقرب والوں کو ہی فائدہ دیگا یہ اوج زحل اور اوج مشتری میں بنوا کر پاس رکھیں۔ تو ایک سال کے اندر اندر کروڑپتی ہوجائیں گے عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے:۔

سورۃ ق اعداد قمری=**109736**

مقصد سحر جادو سے تحفظ سورۃ عبس اعداد قمری=**51314**

طالب ابوعبداللہ معہ والدہ=**712**

کل اعداد=**161762** تفریق=**5100** باقی=**156662**

تقسیم=**4** باقی=**2** تو خانہ نمبر **9** میں **1** کا اضافہ حاصل تقسیم=**39165**

تو خانہ نمبر **1** سے نمبر **16** تک یہ ہر خانہ میں **170** کا اضافہ کریں۔ اور ساتھ میں اسمِ اعظم یَا قُدُّوسُ کا ورد کریں۔ اس طریقہ سے میزان چاروں اطراف سے درست آئیگی۔

٨	١١	١٤	١
١٣	٢	٧	١٢
٣	١٦	٩	٦
١٠	٥	٤	١٥

رحمکاریہ جفر
طِلسم برج میزان

طِلسم برج میزان اُوج زحل میں یا اُوج مشتری میں بنوا کر پاس رکھیں۔ اسکی برکت سے اللہ پاک تمام نحوستیں بھی دُور فرمائیگا اور ایک سال کے اندر اندر کروڑ پتی بھی ہو جائیں گے۔ یہ میرے پاس دستیاب ہے۔ عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے:۔

نمبر 1 عمل استغفار اعداد سادہ=15908

نمبر 2 طالب ابوعبداللہ معہ والدہ=712

مقصد تسخیر خلق=2000 کل اعداد=18620 تفریق 10530 باقی=8090 تقسیم=4 باقی=2 تو خانہ نمبر 9 میں 1 کا اضافہ ہر خانہ میں 351 کا اضافہ کریں۔ اس طرح خانہ نمبر 1 سے نمبر 16 تک 351 کا اضافہ کریں۔ اور ساتھ میں اسمِ اعظم یَا رَافِعُ کا ورد کریں۔ میزان چاروں اطراف سے درست آئیگی۔ یہ علم الجفر کا معجزہ ہے۔ اسے ضرور آزمائیں۔ یہ عمل کہیں دستیاب نہیں اسکا نقش صرف میرے پاس ہے۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

بقیہ: دربارِ مصطفائی کا روحانی فیض

با پرہیز پاس رکھیں۔

۷۸۶		
۲۳۶۴	۶۳۰۹	۷۸۸
۵۵۲۱	یہاں مقصد لکھیں	۳۹۴۰
۱۵۷۶	۳۱۵۲	۴۷۳۳

تثلیث عطارد زحل: اس سعد وقت کی ابتداء 18 جولائی 23 بجکر 5 منٹ، مکمل نظر 19 جولائی 11 بجکر 27 منٹ اور خاتمہ نظر 20 جولائی صفر بجکر 1 منٹ پر ہوگا۔ برائے حل المشکلات ہر قسم سورۃ یٰسین کے خالی البطن نقش سے فیض یابی حاصل کریں۔

۷۸۶		
۵۵۳۵۰	۱۴۷۶۱۰	۱۸۴۵۰
۱۲۹۱۶۰	یہاں مقصد لکھیں	۹۲۲۵۰
۳۶۹۰۰	۷۳۸۰۰	۱۱۰۷۱۰

تثلیث زہرہ زحل: اس سعد وقت کی ابتداء 19 جولائی 23 بجکر 22 منٹ، مکمل نظر 20 جولائی 18 بجکر 19 منٹ اور خاتمہ نظر 21 جولائی 13 بجکر 17 منٹ پر ہوگا۔ اس سعد وقت میں نکاح، زرعی ترقی کے لیے سورۃ یوسف کے خالی البطن نقش سے فیض حاصل کریں۔

(نقش پہلے دیا جا چکا ہے)

تربیع عطارد مریخ: اس نحس وقت کی ابتداء 29 جولائی 6 بجکر 35 منٹ، مکمل نظر 30 جولائی 1 بجکر 53 منٹ اور خاتمہ نظر 30 جولائی 11 بجکر 57 منٹ پر ہوگا۔ اہل قلم کو بیمار یا بستہ کرنے کے لیے اگر اشد ضروری ہو تو سورۃ کوثر کے خالی البطن نقش کو ساعت مریخ میں لکھ کر احاطہ قبور میں دفن کریں۔

۷۸۶		
۶۸۷	۱۸۳۸	۲۲۹
۱۶۰۹	یہاں مقصد لکھیں	۱۱۴۰
۴۵۸	۹۱۶	۱۳۸۰

2016ء تمام سال شرفِ قمر کے اوقات زنجانی جنتری 2016ء صفحہ نمبر 184 پر ملاحظہ کریں

خدائے قدوس نے اپنے نازل کئے ہوئے کلام پاک میں زبردست طاقت رکھی ہے کہ ہر مشکل سے مشکل کام خواہ کیسا ہی کیوں نہ ہو اس کی خیرو برکت سے آسان ہو جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ اپنی رحمت کاملہ سے پورا فرما دیتے ہیں۔ ہر مومن کا یہ سچے دل سے عقیدہ ہے کہ تمام دینی و دنیاوی معاملات، حاجات اور امراض کا سب سے بہتر اور اعلیٰ علاج قرآن شریف میں پوشیدہ ہے اور قیامت تک یہ سرچشمہ جاری رہے گا اور اسکے روحانی تصرفات روز ابد تک جاری و ساری رہیں گے۔ انسان اس کی وجہ سے کونین کی عزت حاصل کر سکتا ہے مگر شرط یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ پر اس کا یقین کامل ہو اور سوائے اسکے کسی اور کو اپنا حاجت روا نہ سمجھے۔

جس کا ذات باری تعالیٰ پر یقین نہیں وہ اس کی رحمتوں سے دور ہے۔ اگر بنظر غائر دیکھا جائے تو ہر مذہب کے پیروکار کا یہی عقیدہ ہے اور ہم تو خدا کے فضل و کرم سے اس کے حبیب پاک ﷺ کی اُمت سے ہیں اور ہمارا یقین کامل ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر بات پر قادر ہے۔ تقدیر کے لکھے کو سوائے اس کی ذات کے کوئی اور نہیں مٹا سکتا اور یہ بات اس کے لئے کوئی مشکل نہیں ہے۔ حدیث شریف میں حضور نبی کریم ﷺ کا فرمان ہے کہ:۔

کل امر مرھون باوقاتھا

''یعنی ہر بات کیلئے ایک وقت مقرر ہے اور اسکی تلاش سیارگان کی روشنی میں ممکن ہے''۔ جب بھی شرف قمر ہو اس وقت کے دوران یہ عمل کریں۔ ایک خالی پاک وصاف کمرہ میں بحالت پاکیزگی وطہارت ہو کر حسب ذیل اشیاء بہم پہنچائیں۔

1۔ دستر خوان برنگ سفید و سبز۔ 2۔ سبز و سفید مٹھائی بوزن 13 چھٹانک۔ 3۔ جو کے ان چھنے آٹے کی 13 روٹیاں۔ 4۔ پالک کا سالن بوزن 13 چھٹانک۔ 5۔ چاندی کی الواح ایک مربع انچ کی حسب ضرورت۔ 6۔ چاندی کا قلم۔

سب سے پہلے نماز نفل دوگانہ ادا کریں پھر قبلہ رو ہو کر بیٹھ جائیں اور گیارہ دفعہ درود شریف پڑھیں، پھر 300 مرتبہ یَا اللہُ کا ورد کریں پھر گیارہ دفعہ درود شریف پڑھیں اور اب 300 بار یَا لَطِیفُ کا ورد کریں اُس کے بعد گیارہ دفعہ درود شریف پڑھیں، اور 300 دفعہ یَا وَدُودُ کا ورد کریں، اور پھر گیارہ بار درود شریف پڑھیں، دوران پڑھائی لوبان جلائے رہیں۔ پڑھائی ختم ہونے کے بعد مقررہ وقت پر الواح کے ایک طرف چاندی کے قلم سے مندرجہ ذیل نقش کندہ کریں۔

۷۸۶

۷۸	۷۱	۷۶
۷۳	۷۵	۷۷
۷۴	۷۹	۷۲

نقش کندہ کرنے وقت پہلے سب سے چھوٹا ہندسہ بھریں پھر اس سے بڑا اور پھر اس سے بڑا۔ علیٰ ھذ القیاس الواح مکمل کر لینے کے بعد اشیاء خورد و نوش پر فاتحہ حضرت امام حسین علیہ السلام دلا کر ان میں سے بھوک کے مطابق تناول کر لیں اور بعد ازاں الواح محفوظ کر لیں اور بقایا اشیائے خوردنی کسی مستحق کو دے دیں۔

اس لوح کے پہننے سے جس کسی کو محبت سے یاد کریں گے وہ بھی محبت سے یاد کرے گا اور بے چین ہو جائے گا۔ اگر کوئی لڑکی جس کی شادی نہ ہو رہی ہو پہن لے تو حسب منشاء رشتہ طے پا جائے گا۔ بے اولاد پہن لے تو اس کے ہاں اللہ کے فضل سے اولاد ہو گی۔ اس لوح کے پہننے والے کو عزت و شہرت اور مالی خوشحالی نصیب ہو گی۔ حسب منشاء شادی خانہ آبادی بھی ہو جائے گی۔ حکام وقت کی نظروں میں وقار بڑھے گا اور مقدمات میں کامیابی نصیب ہو گی۔

مقررہ وقت پر ان الواح کی تیاری منجم شاہ زنجانی بھی کرتے ہیں ضرورت مند حضرات ادارہ آئینہ قسمت سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

نقش مثلث برائے تسخیر خلق

اس دنیا جہان کے لوگ تسخیر خلق کے عمل یا لوح کی تلاش میں سرگرداں ہیں آج میں آپکو تسخیر خلق کے عمل اور لوح کی ترکیب تبرک کرتا ہوں، دعا دیں۔ زندگی کا کچھ اعتبار نہیں، ناچیز **64** برس کا ہو چکا ہے، پتہ نہیں کب بلاوا آ جائے۔ سندھ کے ایک عامل کامل بزرگ روحانی نے ایک خفیہ عمل ناچیز کو عطا کیا تھا جسے آج تک سینے کا راز بنائے رکھا۔ اب برائے مفاد عامہ عیاں کرتا ہوں۔ یہ عمل نقش مثلث کا ہے۔ جس کی زکات باپرہیز جمالی با حصار مکمل کر لی جائے تو بعد تکمیل زکات یہ نقش ہر کام کیلئے اس قدر مؤثر ہو جاتا ہے کہ عقل انسانی ششدر رہ جاتی ہے۔ فوائد و تاثیرات بیان سے بالا ہیں۔ صاحب زکات کی روحانی قوت دوبالا ہو جاتی ہے۔ میں نے خود بعد تکمیل زکات اس نقش مثلث کو لاکھوں کاموں میں آزمایا تو بہ تائید ربانی ناممکن، ممکن بن گیا۔ بفضل ربانی بصدقہ محمد ﷺ و آل محمدؑ متعدد کاموں میں کامیابی ہوئی۔ اس عمل کی شرط اوّل یہ ہے کہ عامل ہر حرام کام و غذا سے محفوظ رہے توبہ کا پابند ہو، سچ بولے، حلال کھائے۔

اس نقش مثلث کا قاعدہ آسان ہے۔ شرائط کی پابندی لازمی ہے۔ محرم و صفر کے **2** ماہ کے علاوہ چاند کی یکم کو یہ عمل شروع کیا جائے۔ عمل سے قبل نیا قلم خریدا جائے۔ خالص زعفران، عرق گلاب کا محلول شیشے کی سیاہی دانی میں بنائیں۔ عزیمت یکم چاند تا **29** چاند کی رات روزانہ بعد نماز عشاء پڑھنی ہے۔ دن کو معمول کے مطابق غسل کریں، کھانا پرہیزی لیں، نماز پڑھیں، شب کو معمول کے مطابق آرام کریں، غیر ضروری بات نہ کریں، فواحشات سے دور رہیں، طلوع آفتاب سے قبل محلول زعفران سے کاغذ سفید پر یہ نقش (منہ بطرف قبلہ بیٹھک فرش یا کچی زمین پر مصلیٰ یا جائے نماز پر) نقش کو یوں لکھیں۔ پہلے ہندسہ **6** پھر **8** پھر **7** لکھ کر **786** مکمل کریں۔ پھر نقش کے خانے بنا کر ان میں ترتیب وار **1,2,3,4,5,6,7,8,9** لکھیں۔ ہندسوں یا خانوں کو خشک ہونے دیں۔ پاکیزہ بالٹی میں دو لیٹر تازہ پانی ڈال کر اپنے پاس رکھیں۔ نقش لکھنے اور خشک ہونے کے بعد اس بالٹی میں ڈالیں اور یہ پانی نزدیکی نہر یا دریا یا کنویں میں ڈال دیں یہ دستیاب نہ ہوں تو زمین میں گڑھا کھود کر اس میں ڈالیں۔ یکم چاند کو ایک نقش لکھیں۔ دو چاند کو دو نقش اسی طرح بڑھتے بڑھتے **15** چاند کو **15** نقش لکھیں اور **16** تاریخ کو **16** نقش لکھ کر ایک نقش یومیہ کم کرتے جائیں۔ چاند کی **29** تاریخ کو آخری نقش چاندی کی لوح پر لکھیں یا ہرن کی جھلی پر لکھیں، جھلی پنساری سے بآسانی مل جاتی ہے۔ اس نقش کو اپنے پاس محفوظ رکھیں۔ آپ کی زکات نقش مثلث مکمل ہوئی۔ صاحب زکات اس نقش مثلث کا عامل بن کر اس کی برکت سے سیف زبان ہو جائے گا۔ جو کچھ خدا سے چاہے گا جائز پورا ہوگا۔ انتہا درجہ کی تسخیر خلق ہو گی۔ روپے پیسے کی فراوانی ہوگی۔ مگر اس رزق سے حقوق العباد ادا کرتا رہے۔ ہر شخص تہہ دل سے عامل کا احترام کرے گا۔ اس احترام سے ناجائز فائدہ نہ اُٹھائے۔ دنیا میں عجیب و غریب مشاہدات ہونا شروع ہونگے۔ مگر ان کا ذکر صرف اپنے اُستاد یا مرشد سے کرے عمل کو مخفی رکھے، عام ذکر نہ کرے۔ دوران زکات جو نقش بنانا ہے وہ یہ ہے کہ:

الحق ۷۸۶ قولہ

٨	١	٦
٣	٥	٧
٤	٩	٢

الملك ولہ

دوران تکمیل زکات نقش مثلث چاند کی یکم تا 29 ہر شب کو یہ عزیمت با حصار یومیہ 2004 بار ورد کریں۔ حصار اور پرہیز جمالی کا پرچہ خط لکھ کر مفت طلب کریں۔ اس عمل میں کسی قسم کا خوف خطرہ رجعت نہ ہوگی۔ ہرگز نہ گھبرائیں۔

بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○ يَا جِبۡرَئِيلُ يَا دَرۡكَائِيلُ يَا رَفۡتَمَائِيلُ يَا تَنۡكَفِيلُ. اَجۡهِزَطۡ بِحَقِّ يَا بَدُّوۡحُ○

بعد تکمیل زکات یومیہ ورد بالا کا (گیارہ) بار تکرار کرتا رہے۔

ہر سائل کو یہ نقش بنا کر عزیمت 11 بار ورد کر کے دیں۔ انشاء اللہ 29 یوم میں کامیابی ہوگی۔ نقش کی چال آتشی ہے۔ سائل کا نام بن والدہ اور مقصد کے اعداد قمری بنا کر 2004 کا اضافہ کر کے اصولی نقش مثلث پر کر کے دیں۔ ہر نقش محلول زعفران سے لکھے۔ مولا کریم سرفراز فرمائے گا۔

بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

ولایت کی دس منازل

1	خط	ھو الذی فی الباطن
2	وقت	غلبة الاحوال علی العبد
3	صفا	دل کا ہر کدورت سے پاک ہونا
4	سرور	روئے محبوب دیکھ کر خوش ہونا (محبوب بمعنی محمد ﷺ)
5	سر	ھو شھود کل شئی من الحق
6	نفس	القیوم با الروح
7	غربت	طلب مقصود میں وطن چھوڑنا (تبلیغ حق کیلئے)
8	غرق	دریائے قلب میں ڈوبنا (قلب مرکز حُب ہے)
9	غیبت	عدم الشھود ما یجری من الاقوال
10	تمکین	جملہ بالا مقامات میں بہت ٹھہرنا

منازل فقر

چار فقراء پر............ایک ابدال مقرر ہوتا ہے۔

ہر فقر کے 60 خلفاء ہوتے ہیں جن میں سے اوّل تین چہیتے ہوتے ہیں۔

چار قطبوں پر ایک قلندر مقرر ہوتا ہے۔

کائنات میں دو قلندر ہیں۔ تیسرا قلندر عبادت میں ہے۔

۱۔ بوعلی قلندر رحمۃ اللہ علیہ (انڈیا) ۲۔ لعل شہباز قلندر رحمۃ اللہ علیہ (سہیون شریف)

۳۔ ہر قلندر صرف قبیلہ سلسلہ حسینیؑ سے ہوگا۔

مرشد کامل مولا علیؑ اور امام آلا خر امام محمد مہدیؑ ہیں۔ (جنکے ظہور کا انتظار ہے)

ابدال: اللہ کا وہ گروہ جن کے سپرد انتظام دنیا ہے۔ اولیاء کے 10 طبقات میں سے پانچواں طبقہ/غوث فریاد کو پہنچنے والا ولایت الٰہی کا ایک درجہ/قطب بستی یا علاقہ کا روحانی مہتمم۔

قلندر: اصطلاح فقراء میں دنیا سے آزاد عبد، قلندر اسرار الٰہی کی جو خبر دیتا ہے، آنکھوں دیکھی دیتا ہے۔ الاحقر العباد طالب دعائے فقراء موالیان حیدر کرار و محبان حسینؑ

قارئین یہ نقش تمام لاعلاج امراض کے لئے مفید ہے۔ اور تمام بندشوں، تمام بداثرات اور جو لوگ جلالی عمل یا حروف صوامت کی زکوۃ دینے کے بعد رجعت کا شکار ہوجاتے ہیں ان کے لئے بھی فائدہ مند ہے۔ ایک نقش لکھ کر روزانہ صبح سویرے پی لے اور سارا دن پیتا رہے۔ دوسرے دن دوسرا نقش لکھ کر پینا ہوگا۔ اسی طرح چالیس دن تک روزانہ نیا نقش پیتے رہیں انشاء اللہ تمام کے تمام امراض ختم ہو جائیں گے اور یہی عمل روزانہ پانچ سو مرتبہ پانی پر اور اپنے بدن پر بھی دم کریں۔ عمل یہ ہے "یا سلام اللہ یشفیی عبدہٗ بِلُطفِه" عمل کا نقش یہ ہے:

(اوپر: یاسلام ۷۸۶ یاسلام یاسلام — اطراف میں: یاسلام، بلطفه)

یاسلام	اللہ یشفیی	عبدہٗ	بلطفه
بلطفه	عبدہٗ	اللہ یشفیی	یاسلام
اللہ یشفیی	یاسلام	بلطفه	عبدہٗ
عبدہٗ	بلطفه	یاسلام	اللہ یشفیی

یاسلام یاسلام یاسلام یاسلام

یاسلام یا شافی الامراض فلاں بن فلاں کامل شفا یاب ھو

بحرمة یاسلام اللہ یشفیی عبدہٗ بلطفه

آخر میں شاہ زنجانی صاحب اور مجھ ناچیز کو دعائے خیر میں ضرور یاد کریں۔

تسخیر کی تلاش میں دنیا سرگرداں ہے تسخیر عربی لفظ ہے قرآن مقدس میں اس کا ذکر ہے تسخیر کے لغوی معنی ہیں فرمانبردار بنانا، تابع کرنا، کسی کا دل اپنی طرف مائل کرنا، جفر کے معنی ہے حروف ونجوم کا وہ علم جو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمدؑ سے منسوب ہے اس علم کے کئی لاکھ قوانین ہیں اگر کسی ایک قانون میں مہارت ہوجائے تو زندگی بھر کافی ہے۔ مؤکل کے معنی ہیں امانت دار فرشتہ جس کے ذمہ کوئی کام ہو۔ علم جفر کے لاکھوں قوانین میں سے ایک آسان قانون ظاہر و باطن کا ہے۔ مثلاً حرف الف (ا) کا ظاہر **1** اور باطن ل ف ہے۔ میں قارئین کی آسانی کیلئے اس عمل کو مکمل کرنے کی خاطر **28** حروف ابجد قمری کا ظاہر و باطن کا چارٹ بنا کر دے رہا ہوں۔

ظاہر و باطن کی 3 اہم مثالیں:۔

اللہ = ال ل ھ = ل ف ام ام ا = ل ف = عَلِیٍ اِمَامَا

محمدؐ = م ح م د = ی م ا ی م ا ل = **132** = اسلام

علیؑ = ع ل ی = ی ن ام = ایمان

یعنی اللہ کا باطن (عَلِیٍ اِمَامَا) محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا باطن اسلام ہے اور علی کا باطن ایمان ہے۔ بغیر اقرار امامت علیؑ معرفت الٰہی نہیں ملتی۔

عمل تسخیر جفری باموکل

مثلاً شخصیت، دولت، رزق، فتحیابی، رہائی، ترقی، شفا، دفع جادو، آسیب سحر دفع نظر بد، بخت کشائی اور جو بھی قصد ہو اس کو لکھیں مثلاً کوئی چاہے کہ نرگس بنت سیما کو مسخر کرے تو مطلوبہ مع والدہ کے نام کو حروف میں پھیلا لیں۔ (ن ر گ س ب ن ت س ی م ا) اب ہر حرف کے باطنی حروف لکھیں۔ ون ا اف ی ن او ن ا ی ن ا ی م ل ف تمام حروف کے اعداد ابجد قمری سے حاصل کریں۔

477=110+50+1+60+1+56+1+60+81+1+56

باطنی حروف میں **6** نقاط ہیں۔ **483 = 6+477** اب انہی اعداد کا اسم الٰہی تلاش کریں ال ہی میں میں نے اللہ کے **780** صفائی اسماء تلاش کئے ہیں۔ جن کی نقل آپ بیس روپے کا ڈاک ٹکٹ بھجوا کر مفت طلب کر سکتے ہیں۔ **483** کا اسم اعظم (یَارَافِعُ السَّمَاءِ) ہے **483** کا اسم مؤکل ت ف ج یا تفجائیل بنتا ہے۔ مطلوبہ نرگس کے اعداد کے مطابق **330** بار یومیہ ورد کریں تو مطلوبہ **11** یا **21** یا **41** یوم میں مائل ہوگی ناجائز ہرگز نہ کریں۔ مذکورہ مثال کی عزیمت یوں بنے گی۔ (اَجِبْ یَا تَفْجَائِیلُ بِحَقِّ یَا رَافِعُ السَّاعة اَلعَجَلُ اَلسَّلَمَة اَلْوَحَا) مطلوب کے دل میں ایسی لگن پیدا ہوگی جب تک نہ ملے گا چین نہ ہوگا۔ اسی طرح مطلوب دولت، رزق، فتحیابی، رہائی، ترقی، شفا، دفع جادو، آسیب سحر دفع نظر بد، بخت کشائی یا کوئی بھی مقصد مقرر کیا جا سکتا ہے۔

یہ عمل میرے دل کا ٹکڑا تھا جو بیان کر دیا ہے۔

ظاہر	باطن	ظاہر	باطن	ظاہر	باطن	ظاہر	باطن
ا	ل ف	ح	ا	س	ی ن	ت ٹ	ا
ب پ	ا	ط	ا	ع	ی ن	ث	ا
ج چ	ی م	ی	ا	ف	ا	خ	ا
د ڈ	ال	ک گ	اف	ص	او	ذ	ال
ھ	ا	ل	ام	ق	اف	ض	او
و	اؤ	م	ی م	ر ڑ	ا	ظ	ا
ر ژ	ا	ن	ون	ش	ی ن	غ	ی ن

ابجد میں زیر زبر پیش شد مد کھڑی مد ہمزہ کا کوئی عدد نہیں ہوتا۔

دائمی نحوستوں کا خاتمہ کا مجرب عمل

سبع کواکب میں ستارہ زحل ہی ایک ایسا ستارہ ہے جو زندگی کے متعدد سالوں التواء اور رکاوٹیں دیتا ہے۔ اس سے نمبر 8 منسوب ہے۔ حروفِ ابجد میں حرف (ح) ستارہ زحل کے نمبر 8 کی ابجدی قوت رکھتا ہے۔ ادھر بارہ منطقۃ البروج میں حرف ح سے منسوب برج سرطان اور ستارہ قمر ہے۔ قمر کو ہم مادر فلک (ماں) سے بھی تشبیہ دیتے ہیں۔ بس یہی ایک نقطہ ہدیہ قارئین آئینہ قسمت ہے۔ کوئی بھی بہن بھائی ستاروں کی نحوست دنیاوی مشکلات سے بچنا چاہے تو وہ سب سے پہلے پاک افواج کی طرح دشمنوں پر غلبہ کے لیے نعرۂ حیدری لگائے اور پھر یا علیؑ کہتے ہوئے باب مدینۃ العلم مولا مشکل کشاؑ سے مدد طلب کرتے ہوئے چاندی کی انگشتری یا گتے کی تختی پر حرف "ح" کے موکل باطنی وظاہری، موکل سفلی واعوان کندہ کروا کر شرف قمر میں ہی باپرہیز دو نفل حاجت ادا کرکے پہن لیں۔ ہر ماہ شرفِ قمر کے اوقات زنجانی جنتری 2016ء، بارہ امامیہ جنتری 2016ء میں ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔

تنکافیل
حیوش
عیوش
حائیل

لوح کی پشت پر لکھیں۔ (یا تنکافیل بحق حا)

یہ عجیب وغریب مختصر سی لوح زندگی میں آنے والی ہر نحوست کے لیے مثل چھتری کا کام دے گی۔

حرف حا کے خواص

حرف حا (ح) صامت اور مزاج خاکی رکھتا ہے۔ پیاس اور صفراء دور کرنے میں عجیب پُر تاثیر ہے۔ اس کا دن جمعرات اور ستارہ مشتری ہے۔ محبت وتالیف قلوب اور غصہ دور کرنے میں اس کے خواص بڑے پُر اثر ہیں۔ جو شخص اس کی شکل اُردو کو جو (٨) کے ہندسہ کی طرح ہے، اپنی ہتھیلی پر لکھ کر کسی پاک برتن میں پانی سے دھو کر پیے تو اللہ تعالیٰ اس کو شفا دے گا۔ جو اس کی شکل مخصوص یعنی (ح) کو تیندوے کی کھال پر لکھ کر جلا کر اور پیس کر سرمہ بنا کر اس پر عزیمت درج ذیل 64 بار 8 یوم تک پڑھے، پھر اس راکھ کو سرمہ کی طرح آنکھوں میں لگائے تو ارواح کو بے حجاب دیکھ سکتا ہے اور ان سے ہمکلام ہو سکتا ہے۔ عزیمت جو اس راکھ پر پڑھنا ہے، وہ یہ ہے:

اَجِبْ یَا تَنْکَفِیْلُ بِحَقِّ یَا حَیُّ یَا حَکِیْمُ یَا حَمِیْدُ یَا حَسِیْبُ یَا حَنَّانُ یَا حَقُّ یَا حَافِظُ یَا حَفِیْظُ تُسَخِّرْلِیْ اَرْوَاحَ کُلَّ مَخْلُوْقَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ؀

اگر اس حرف کے اعداد کو مربع 8x8 میں بنا کر چاندی یا رانگہ کی لوح پر منقش کریں جب کہ مشتری شرف میں ہو اور قمر نحوست سے پاک ہو اور اسے اپنے پاس رکھے تو رزق کشادہ ہوگا۔ لوگ اس سے محبت کریں گے، اگر اس تختی کو کوئی شخص سر پر باندھے جس کے سر میں صفراوی درد ہے تو فوراً آرام ہو۔ لڑائی جھگڑے بند کرنے میں بھی اس حرف کی عجیب تاثیر ہے۔

اگر اس دشمن کو ایک دستہ فوج اپنے جھنڈے پر لگائے تو مقابل کی فوج کا ان پر غصہ دور ہو جائے۔ مزید برآں یہ حرف (حا) حلقی میں ہے اور اسرارِ حیات اس کے اندر پوشیدہ ہیں۔ اعداد رقمی اس کے 8 ہیں۔ اسے کرسی سے پہلے درجہ میں نسبت حاصل ہے۔ بیماریوں سے شفاء اس کے خواص ہیں۔ اس حرف کو مریض کے نام کے ساتھ مع اسمائے حائیہ مثل حی وغیرہ کسی برتن میں لکھ کر قدرے شہد سے حل کر کے پلائیں تو انشاء اللہ چند یوم میں مریض تندرست ہو جائے گا۔

سخت گرمی میں اسمائے حائیہ پڑھے تو گرمی اس کو تکلیف دے گی۔ چاہے کتنا ہی سفر کرے اور پیاس بھی معلوم نہ ہوگی۔ صاحبانِ حال جو اس حرف کی تاثیر سے واقف ہیں۔ آگ میں کود پڑتے ہیں اور ان کو کچھ ضرر نہیں ہوتا بلکہ آگ ٹھنڈی

ہو جاتی ہے۔شہوت کو باطل کرنا بھی اس حرف کی خاصیت ہے۔اگر اس حرف کو انگوٹھی میں مع اسم موکل کندہ کر کے پہن لیں تو بہت نفع ہوتا ہے۔

یہ اسم جب کسی اسم سریانی یا عربی کے شروع میں آتا ہے تو وہ اسم بھی مندرجہ بالا فائدے دیتا ہے اور اگر اسم کے درمیان میں آتا ہے تو عوامل پر زیادہ اثر کرتا ہے۔اس حرف کی خلوت بہت جلیل ہے۔ہر نماز کے بعد یہ دعوت 18 مرتبہ پڑھو تو ایک روشن نور سامنے آئے گا اور تم سے مخاطب ہو کر عہد کرے گا اور جب تم کہو گے اَجِبْ یَا خَادِمُ حَرفِ الحَاءِ وفْعَلْ کام کام لیں تو فوراً حاضر ہوگا۔ اگر تم کو اس کے مؤکل جس کا نام طَفْیَائِیْلُ کا تابع کرنا مقصود ہو تو خلوت میں بیٹھ کر درج ذیل عزیمت مع دعائے دعوت 313 بار روزانہ ہر نماز کے بعد پڑھیں یا ایک ہی نشست میں 1565 بار جو ایک دن کی تعداد ہے، پڑھیں۔اس تعداد میں کمی بیشی نہیں ہونی چاہیے۔7 یوم کا یہ عمل ہے اور 7 یوم میں آپ نے 10955 بار اس دعوت کو غسل کے بعد باوضو پڑھنا ہے۔اگر ہر نماز کے بعد پڑھنا ہے تو ہر بار غسل کی ضرورت نہیں صرف ہر دن ایک دفعہ غسل لازمی ہے۔پرہیز جلالی و جمالی کا خیال رکھیں۔جھوٹ، غیبت، چغلی، دھوکہ بازی وغیرہ جیسے برے اعمال سے توبہ کر کے پڑھیں۔دعوت درج ذیل ہے جو آپ نے پڑھنا ہے۔

یَا حَرفِ الحَاءِ اِلَّا مَا اَجَبْتَ وَ اَجْلَبْتَ لِیَ الْمَلَكُ طَفْیَائِیْلُ

جب یہ تعداد پوری کر لیں گے تو پھر اس کا مؤکل آپ کے تمام جائز کام جو شرع کے خلاف نہیں ہوں گے، سرانجام دے گا۔دعوت کے دوران بخورات لوبان، عود اور جلتہ جلانا ہے اور دعوت کے بعد یہ دعا 3 بار پڑھنا ہے۔تھوڑی شیرینی بھی رکھ لیا کریں، جو بعد دعا تھوڑی خود کھا لیا کریں اور باقی بچوں میں بانٹ دیا کریں۔دعا درج ذیل ہے جو دعوت کے بعد پڑھنا ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سُبْحَانَ الْحَلِيمِ عَلٰى مِنْ عَصَاهُ اَللّٰهُمَّ يَا حَلِيمُ حَالِيْ سَقِيمُ وَ اَنْتَ بِهٖ عَلِيمٌ اَسْئَلُكَ بِجَاهُ مُحَمَّدٌ عَلَيْهِ السَّلَامِ وَ مُوسٰى الْكَلِيمِ خُذْ بِيَدِي وَ نُصْرُنِي عَلٰى مَنْ ظَلَمْنِي وَ صُرِّفْنِي فِي قَضَاءِ الحَاجَاتِ وَجَعَلْنِي مُسْتَرْشَدًا بِاَمْرِكَ وَ مُسْتَعْفِفْنِي بِالْقَوْلِ وَ الْعَجَلِ فِي هٰذِهِ السِّرِّ حَتّٰى اَصْرِفُهُ اُرِيْدُ هَيَايَا حَا بِاَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝

چونکہ یہ کتاب حروفِ صوامت کے اعمال و نقوش پر مشتمل ہے۔اس لیے یہاں یہ بتا دوں کہ اگر عامل جب چاند اس منزل میں آئے گا تو اس منزل کے اعداد جو 755 ہیں۔ان میں سائل مع والدہ کے اعداد کو شامل کر کے نقش مثلث بنا کر حب اور اعمال خیر کر لیے، منسوبی چال سے لکھ کر دے گا تو فوراً اثر ہوگا۔نقش آبی چال سے لکھا جائے گا، کیونکہ اس منزل کے حرف کا تعلق آبی برج سرطان سے ہے جو اس حرف کی منزل ہے۔

نقش بنانے سے پہلے حب قاعدہ منزل، نام سائل مع والدہ کے حروف کو الگ الگ لکھ کر حروفِ صوامت میں امتزاج دے کر ثلاثی، رباعی یا خماسی کلمات بنا لیں اور انہیں نقش یا لوح کے چاروں طرف لکھ دیں۔

میں نے مثالی نقوش اس لیے کم دیے ہیں کہ یہ کتاب مخصوص طور پر عامل حضرات کے لیے مرتب کی گئی ہے جو فلسفہ نقوش و اعداد سے آگاہ ہوتے ہیں۔لیکن پھر بھی اگر کوئی مسئلہ حل طلب ہو تو ادارہ راہنمائی کے لیے حاضر ہے۔

قَالَ الْمَلَاءُ پارہ نمبر 9

حرفِ "ح" ایک سو دس (110) مرتبہ آیا ہے۔

پارہ نمبر 9 جو کہ سورۃ الاعراف اور سورۃ الانفال پر مشتمل ہے۔سورۃ الاعراف آیت نمبر 88 سے ابتداء ہوتا ہے۔جبکہ سورۃ الاعراف کی دو سو چھ (206) آیات ہیں اور سورۃ الانفال کی چالیس آیات پارہ نمبر 9 میں موجود ہیں۔

یعنی سورۃ الاعراف کی ایک سو انیس (119) آیات پارہ نمبر 9 میں موجود ہیں اور سورۃ الانفال کی چالیس آیات موجود ہیں۔(40+119)=159

پارہ نواں ایک سو انسٹھ (159) آیات پر مشتمل ہے۔جو کہ الحسینؑ کے اعداد ہیں۔

ا	ل	ح	س	ی	ن	الحسین
1	30	8	600	10	50	159

"ح" حرف حسینؑ ہے اور پارہ نو میں ایک سو دس مرتبہ آیا ہے۔ کیونکہ "ح" حرف حیدرؑ بھی ہے۔

پارہ نمبر 9 میں پہلا "ح" والا حرف اَفۡتَحۡ (الاعراف، آیت نمبر 89)

نمبر شمار	الفاظ	سورۃ	آیت نمبر
1	افۡتَحۡ	الاعراف	89
2	بِالۡحَقِّ	الاعراف	89
3	الۡفٰتِحِيۡنَ	الاعراف	89
4	فَاَصۡبَحُوۡا	الاعراف	91
5	وَنَصَحۡتُ	الاعراف	93
6	الۡحَسَنَةَ	الاعراف	95
7	حَتّٰى	الاعراف	95
8	لَفَتَحۡنَا	الاعراف	96
9	ضُحًى	الاعراف	98
10	حَقِيۡقٌ	الاعراف	105
11	الۡحَقَّ	الاعراف	105
12	لَسٰحِرٌ	الاعراف	109
13	حٰشِرِيۡنَ	الاعراف	111
14	سٰحِرٍ	الاعراف	112
15	السَّحَرَةُ	الاعراف	113
16	نَحۡنُ	الاعراف	113
17	نَحۡنُ	الاعراف	115
18	سَحَرُوۡۤا	الاعراف	116
19	وبِسِحۡرٍ	الاعراف	116
20	وَاَوۡحَيۡنَاۤ	الاعراف	117
21	الۡحَقُّ	الاعراف	118
22	السَّحَرَةُ	الاعراف	120
23	نَسۡتَحۡيٖ	الاعراف	127
24	الۡحَسَنَةُ	الاعراف	131
25	لِّتَسۡحَرَنَا	الاعراف	132
26	نَحۡنُ	الاعراف	132
27	الۡحُسۡنٰى	الاعراف	137
28	الۡبَحۡرَ	الاعراف	138
29	وَيَسۡتَحۡيُوۡنَ	الاعراف	141
30	وَاَصۡلِحۡ	الاعراف	142
31	سُبۡحٰنَكَ	الاعراف	143
32	الۡاَلۡوَاحِ	الاعراف	145
33	حُسۡنِهَا	الاعراف	145
34	الۡحَقِّ	الاعراف	146
35	حَبِطَتۡ	الاعراف	147
36	حُلِيِّهِمۡ	الاعراف	148
37	يَرۡحَمۡنَا	الاعراف	149
38	الۡاَلۡوَاحَ	الاعراف	150
39	رَحۡمَتِكَ	الاعراف	151
40	اَرۡحَمُ	الاعراف	151
41	الرّٰحِمِيۡنَ	الاعراف	151
42	الۡحَيٰوةِ	الاعراف	152
43	رَّحِيۡمٌ	الاعراف	153
44	الۡاَلۡوَاحَ	الاعراف	154
45	رَحۡمَةٌ	الاعراف	154
46	وَارۡحَمۡنَا	الاعراف	155
47	حَسَنَةً	الاعراف	156
48	وَرَحۡمَتِيۡ	الاعراف	156
49	وَيُحِلُّ	الاعراف	157
50	وَيُحَرِّمُ	الاعراف	157
51	الۡمُفۡلِحُوۡنَ	الاعراف	157
52	يُحۡيٖ	الاعراف	158
53	بِالۡحَقِّ	الاعراف	159
54	وَاَوۡحَيۡنَاۤ	الاعراف	160

55	الْحِجْرَ	الاعراف	160
56	حَيْثُ	الاعراف	161
57	حِطَّةٌ	الاعراف	161
58	الْمُحْسِنِيْنَ	الاعراف	161
59	حَاضِرَةَ	الاعراف	163
60	الْبَحْرِ	الاعراف	163
61	حِيْتَا	الاعراف	163
62	رَحِيْمٌ	الاعراف	164
63	الصّٰلِحُوْنَ	الاعراف	168
64	بِالْحَسَنٰتِ	الاعراف	168
65	الْحَقَّ	الاعراف	169
66	الْمُصْلِحِيْنَ	الاعراف	170
67	تَحْمِلْ	الاعراف	176
68	الْحُسْنٰى	الاعراف	180
69	يُلْحِدُوْنَ	الاعراف	180
70	بِالْحَقِّ	الاعراف	181
71	حَيْثُ	الاعراف	182
72	حَبِهِمْ	الاعراف	184
73	حَدِيْثٍ	الاعراف	185
74	حَفِيٌّ	الاعراف	187
75	وَاحِدَةٍ	الاعراف	189
76	حَمَلَتْ	الاعراف	189
77	حَمْلًا	الاعراف	189
78	صَالِحًا	الاعراف	189
79	صَالِحًا	الاعراف	190
80	الصّٰلِحِيْنَ	الاعراف	196
81	مَا يُوْحٰى	الاعراف	203
82	وَرَحْمَةٌ	الاعراف	203
83	تُرْحَمُوْنَ	الاعراف	204
84	وَيُسَبِّحُوْنَهٗ	الاعراف	206
85	وَاَصْلِحُوْا	الانفال	1
86	حَقًّا	الانفال	4
87	بِالْحَقِّ	الانفال	5
88	الْحَقِّ	الانفال	6
89	اِحْدَى	الانفال	7
90	يُحِقَّ	الانفال	7
91	الْحَقَّ	الانفال	7
92	لِيُحِقَّ	الانفال	8
93	الْحَقَّ	الانفال	8
94	حَكِيْمٌ	الانفال	10
95	يُوْحِيْ	الانفال	12
96	زَحْفًا	الانفال	15
97	مُتَحَرِّفًا	الانفال	16
98	مُتَحَيِّزًا	الانفال	16
99	حَسَنًا	الانفال	17
100	تَسْتَفْتِحُوْا	الانفال	19
101	الْفَتْحُ	الانفال	19
102	يُحْيِيْكُمْ	الانفال	24
103	يَحُوْلُ	الانفال	24
104	تُحْشَرُوْنَ	الانفال	24
105	الْحَقَّ	الانفال	32
106	حِجَارَةً	الانفال	32
107	الْحَرَامِ	الانفال	34
108	حَسْرَةً	الانفال	36
109	يُحْشَرُوْنَ	الانفال	36
110	حَتّٰى	الانفال	39

از تحریر: سیّد قاسم علی نقوی البھاکری، سیالکوٹ

گھریلو جھگڑے فساد نہ ہوں گھر کے اتحاد و امن کا حل

اکثر کچھ دشمن یا مخالفین گھروں میں لڑائی جھگڑا اور فساد کے لئے جادو کرواتے ہیں۔ گھروں میں بدامنی اور مخالفت کی وجہ سے بیٹا ماں کا، بھائی بہن کا، اور شوہر بیوی کا مخالف بن جاتا ہے۔ گھروں کا اتحاد لڑائی جھگڑے کی وجہ سے نفاق میں بدل جاتا ہے۔ گھر والے اللہ کی رحمت سے دُور ہو جاتے ہیں۔ مخالفت اتنی شدید ہو جاتی ہے کہ ایک دوسرے کے خون کے پیاسے ہو جاتے ہیں۔

پانی کی پاک بوتل لے کر بعد از نماز فجر اس پانی پر اوّل و آخر **11,11** مرتبہ درود شریف پڑھ کر درج ذیل اسمائے اعظم ورد کر کے پانی دم کریں اور سب گھر والے اس پانی کو پئیں۔

اسمائے اعظم:

1- وَ اللهُ الْمُست مَسانُ عَلیٰ مَا تَصِفُونَ یا رَفِیقُ یا شَفِیقُ بِخنّی مِنْ کُلِّ فَتِیقٍ۔ **200** مرتبہ

2- یَا ھَادِیُ یَا وَدُودُ یَا جَامِعُ- **300** مرتبہ

بروز جمعۃ المبارک بعد از نماز فجر گھریلو چینی لے کر اس پر **1000** مرتبہ یَا حَلِیمُ یَا دَائِمُ کا ورد کر کے سب گھر والے استعمال کریں۔ یہ عمل کم از کم **40** دن بلاناغہ جاری رکھیں۔ نوچندی جمعۃ المبارک کو بعد از نماز فجر زعفران سیاہی کے ساتھ **70** عدد نقوش لکھیں۔ پانی والی بوتل میں روزانہ ایک نقش ڈال دیا کریں۔

اللہ	اللہ	اللہ
۱۰۰۵	۱۰۱۰	۱۰۰۳
۱۰۰۴	۱۰۰۶	۱۰۰۸
۱۰۰۹	۱۰۰۲	۱۰۰۷

بروز ہفتہ **2** انڈے لے کر سب گھر والوں کی جان و مال کا صدقہ خداوند تعالیٰ کی خوشنودی کے لئے نیت کر کے گھر کی چھت پر رکھ دیا کریں۔ انشاء اللہ یہ اعمال کرنے کے بعد گھر میں امن و آتشی اور محبت ہو جائے گی۔ نفرتیں۔ کدورتیں، جھگڑے فساد ختم ہو جائیں گے۔

بقیہ: برج سرطان اور آپ کی شخصیت

کیسے تعلق مضبوط رکھیں؟

مضبوط، کشش انگیز اور بے حد تائید وحمایت کرنے والی بنیں' سرطان دبنگ قسم کی پراعتماد عورتوں سے سب سے زیادہ مرعوب ہوتا ہے اور ان کی عزت کرتا ہے' یاد رکھیں کہ اس کے لاشعور میں اس کی حکم دینے والی ماں ہے' اس کے علاوہ وہ چاہتا ہے کہ اس کی تعریف کی جائے، اس کے ناز اٹھائے جائیں اور اس کا خیال رکھا جائے لہٰذا تعلق میں رومانس کا رنگ برقرار رکھیے اور اسے جتایئے کہ یہ سب ان احساسات کے جواب میں ہے جو وہ آپ کے اندر پیدا کرتا ہے چونکہ سرطان چاہتا ہے کہ کوئی اسے لُبھائے اور رُجھائے حالانکہ یہ وہی ہے جو لُبھاتا اور رُجھاتا ہے لہٰذا اسے یہ احساس دلائیں کہ آپ دونوں کی زندگی ایک شاندار تعلق ہے اور اس سے بہتر جوڑی ممکن نہیں ہے' یہ شخص رومینٹک اور خوابناک ماحول اور جذباتی چھیڑ چھاڑ پسند کرتا ہے' اسے آہستہ آہستہ چھیڑیں اور اس کا ہاتھ سہلائیں' وحشیانہ پن اس کا طریق نہیں ہے' جب اس پر قنوطیت سوار ہو تو ان دنوں میں بھی اس کا دل بہلاتی رہا کریں اور سامان دلبستگی مہیا کرتی رہیں اور اسے یہ احساس دلائیں کہ آپ کو اس سے شدید محبت ہے۔

حقیقت پسندانہ توقعات

سرطان سے اس عورت کی خوب نبھتی ہے جو اتنی مضبوط ہو کہ جذباتی سہارا لینے کے بجائے دینا جانتی ہو' اگرچہ سرطان مرد جذباتی ہوتا ہے تاہم اس عورت کے لیے انتہائی سرد مہر ہو سکتا ہے جس کا وہ احترام نہیں کرتا لہٰذا محض اس کی آرزو کرنا ہی کافی نہیں ہے' سب سے پہلے آپ کو یہ دکھانا ہوگا کہ آپ اتنی شاندار ہیں کہ اس کی مستحق ہیں۔ اگر آپ یہ کر سکتی ہیں تو ہمیشہ کے لیے وہ آپ کا ہو سکتا ہے۔

اس کائنات کی بھیڑ بھاڑ، افراتفری، حسد وفسد، بغض کے اعمال اور جنات اور آسیبی اثرات کا سامنا ہر وقت ہر انسان کو درپیش ہے۔ یہ سلسلہ انبیاء کرام کے ادوار میں بھی موجود تھا اور آج بھی موجود ہے۔ فی زمانہ ہر انسان کو اپنے دفاع کی اشد ضرورت ہے یہ دفاع ذاتی ہو یا خاندانی سطح کا اس کی ضرورت سے انکار نہیں کیا جاسکتا بالخصوص عاملین حضرات ان خطرات سے ہر وقت دوچار رہتے ہیں ہر قدم پر رکاوٹیں نحوستیں اور مداخلت بجلی کے کرنٹ سے بھی تیز حالت میں ان کے تعاقب میں رہتی ہیں ایسے عالم میں دفاع سے غفلت ایک بڑے نقصان کا باعث بن سکتا ہے۔ دفاع کی اس ضرورت اور اہمیت کے پیش نظر میں آج آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اس خط کو پیش کر رہا ہوں جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے روئے زمین کے تمام جنات کے نام لکھا تھا۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نامہ مبارک کو حضرت علی علیہ السلام سے لکھوا کر حضرت ابودجانہ رضی اللہ عنہ کو عطا فرمایا۔ حضرت ابودجانہ رضی اللہ عنہ رات کو اسے اپنے تکیہ میں رکھ لیا۔ تھوڑی دیر کے بعد رونے اور فریاد کرنے کی آواز آئی۔ ہائے مر گیا، ہائے جل گیا، اے ابودجانہ رضی اللہ عنہ اب میں تیرے گھر میں کبھی نہ آؤں گا، نہ تیرے قرب وجوار میں رہوں گا، مجھے معاف کر دے، مجھے چھوڑ دے، مجھے جانے دے، حضرت ابودجانہ رضی اللہ عنہ نے کہا جب تک میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے مشورہ نہ کرلوں ہرگز ہرگز تجھے نہیں چھوڑ سکتا۔ چنانچہ اگلی صبح حضرت ابودجانہ رضی اللہ عنہ نے فجر کی نماز آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں ادا کی اور گزشتہ رات کا درپیش سارا واقعہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کر دیا۔ اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اے ابودجانہ رضی اللہ عنہ جنات کی قوم پر رحم کر اور میرا نام وہاں سے ہٹا لے ورنہ قیامت تک یہ جنات اسی عذاب میں مبتلا رہیں گے۔ حضرت ابودجانہ رضی اللہ عنہ نے وہ نامہ مبارک اپنے تکیہ کے نیچے سے ہٹا دیا۔ تمام جن ان کے گھر سے فرار ہوگئے اور اس کے بعد پھر کبھی اُن کے مکان میں نہیں آئے۔

حضرات! یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نامہ مبارک سارے جہاں کے جنات کے نام لکھا ہوا ہے جس کسی کے مکان میں جن بھوت یا آسیب کا اثر ہو تو اس نامہ مبارک کو کسی عالم، فاضل یا عامل سے لکھوا کر اپنے مکان میں لٹکا لیں یا مکان کی اندرونی دیوار پر چسپاں کر دیں، انشاء اللہ تعالیٰ اس نامہ مبارک کی برکت سے اثرات بد دفع ہوں گے۔ اسی طرح جس شخص (مرد/عورت) کو جن بھوت کا اثر ہو اس کے گلے میں اگر یہ نامہ مبارک لکھ کر تعویذ بنا کر موم جامہ کر کے ڈال دیا جائے تو جن، بھوت کی مجال نہیں کہ پھر ٹھہر سکے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا اثر بیمار شخص سے فوراً دفع ہوگا۔ لیکن اس نامہ مبارک سے بھرپور فائدہ اُٹھانے کیلئے اس کی زکوۃ ادا کرنا ازحد ضروری ہے۔ زکوۃ کی ترکیب یہ ہے: نصف شب کو غسل کرے۔ اس کے بعد 12 رکعات بہ نیت تہجد پڑھے۔ اس کے بعد 1000 (ایک ہزار) مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْمَبْعُوْثِ اِلَی الْاِنْسِ وَ الْجِنِّ وَالْاَسْوَدِ وَ الْاَحْمَرِ وَ اَلْاَ صْغَرِ وَ اَلْاَ کْبَرِ صَاحِبِ الْکَوْثَرِ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ پڑھے۔ اس کے بعد 131 (ایک سو اکتیس) بار نامہ مبارک کی تلاوت کرے تو آپ اس کے عامل بن گئے۔ اس کے بعد حسب ضرورت جب کبھی کسی کو لکھ کے دیں گے تو انشاء اللہ جن، بھوت اور آسیب فوراً دفع ہوں گے۔ آخر میں شاہ زنجانی صاحب اور اس ناچیز اور حقیر کے حق میں دعا کر دیجئے گا!

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خط روئے زمین کے تمام جنات کے نام

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ھٰذَا کِتَابٌ مِّنْ مُّحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اِلٰی مَنْ یَّطْرُقُ مِنَ الْعُمَّارِ وَ الزُّوَّارِ وَ السَّآئِحِیْنَ اِلَّا طَارِقٍ یَّطْرُقُ بِخَیْرٍ یَا رَحْمٰنُ، اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَ لَکُمْ فِی الْحَقِّ سَعَۃً فَاِنْ تَکُ عَاشِقًا مُّوْلِعًا اَوْفَاجِرً اَمُّقْتَحِمًا اَوْدَاعِیًا حَقًّا بَاطِلاً فَھٰذَا کِتَابُ اللّٰہِ یَنْطِقُ عَلَیْنَا وَ عَلَیْکُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا کُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا کُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ وَ رُسُلُنَا یَکْتُبُوْنَ مَا تَمْکُرُوْنَ اُتْرُکُوْا صَاحِبَ کِتَابِیْ ھٰذَا وَ انْطَلِقُوْا اِلٰی عَبَدَۃِ الْاَصْنَامِ وَاِلٰی مَنْ یَّزْعَمُ اَنَّ مَعَ اللّٰہِ اِلٰھًا اٰخَرَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ کُلُّ شَیْءٍ ھَالِکٌ اِلَّا وَجْھَہٗ لَہُ الْحُکْمُ وَاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ تُغْلَبُوْنَ حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ حٰمٓ عٓسٓقٓ تَفَرَّقَ اَعْدَاءُ اللّٰہِ وَ بَلَغَتْ حُجَّۃُ اللّٰہِ وَ لَاحَوْلَ وَ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

ابجدِ نجوم

27 منازل قمری میں پیدائشی اثرات

ازتحریر: سیّد مصور علی زنجانی

شرطین:۔ جو شخص شرطین کی منزل میں پیدا ہوا ہو وہ دولت مند، ہر کام میں ہوشیار، خوش وضع، دوستوں اور سمبندھیوں میں میل ملاپ رکھنے والا ملنسار، شکر گذار، خوش کلام اور تیز فہم ہوتا ہے۔ معاشرے اور عزیز و اقارب میں عزت و احترام پانے والا اور فراخ دل ہوتا ہے۔ بااخلاق اور نیک سیرت ہوتا ہے۔ قسمت کا ستارہ 20 ویں برس طلوع ہوگا۔

بطین:۔ اس منزل میں پیدا ہونے والا بچہ لمبی عمر والا، راستی پر چلنے والا، صحت منداور ہر دلعزیز ہوتا ہے، نیک کاموں میں دلچسپی رکھنے والا، نیک لوگوں کی صحبت پسند کرنے والا اور ہر جگہ عزت و توقیر پانے والا ہوتا ہے۔ اس کی قسمت کا ستارہ 25 ویں برس طلوع ہوگا۔

ثریا:۔ بسیار خور، بھوک زیادہ رکھنے والا، لذیذ اور چٹ پٹی خوراک کا دلدادہ، مغرور، کنجوس اور ناشکر گذار ہو، نیک اور وفا کو بھول جانے والا، غلط راستوں پر چلنے والا، کاہل الوجود، متفکر، افسردہ دل ہو، اس منزل والا شخص غیر عورتوں سے تعلق رکھنے والا ہوتا ہے۔ جس کام میں ہاتھ ڈالے اسے پورے انساد اور لگن سے سرانجام دے۔ عزیز و اقارب سے بگاڑ رکھے۔ قسمت کا ستارہ 29 ویں سال کے بعد چمکے۔

دبران:۔ دولت مند، راست گو، عزیز و اقارب سے الفت رکھنے والا، شیریں کلام، نرم گفتار، دنیاوی کاموں کو تندہی سے سرانجام دینے والا اور بلند حوصلہ ہوتا ہے۔ شردھان اور مفید مشوروں پر عمل کرنے والا، دولت منداور رحم دل ہوتا ہے، اعلیٰ محافل میں عزت پانے والا اور بزرگوں کا احترام کرنے والا ہوتا ہے، اگر رات کا جنم ہو تو کٹھور ہردے والا اور بیرون ملک جانے کا شوقین ہو، قسمت کا ستارہ 30 ویں سال کے بعد چمکے۔

ہقعہ:۔ اس منزل میں پیدا ہونے والا تند مزاج، تیز رفتار، خود پسند اور معمولی بات پر بگڑنے والا، عورتوں کی صحبت کو پسند کرنے والا، چالاک اور ناشکرا ہو، غصہ میں ہر وقت بھرا رہے، جھگڑالو اور فسادی ہو، مطلب پرست اور دوسروں کا احترام نہ کرنے والا ہو، 28 برس کے بعد خوشحال ہو۔

ہنعہ:۔ مستقل مزاج، حلیم طبع، ہر دلعزیز، عالمند اور متحمل مزاج ہو۔ مشکلات میں نہ گھبرانے والا، مگر دھن دولت کے سکھ سے محروم رہے۔ جمع خوری کے برخلاف، نیک و دانا ہو، 25 سال کے بعد ستارہ چمکے۔

ذراعہ:۔ مستقل مزاج، عالم، دانا، دولت مند، اعلیٰ محافل میں اور عزیزوں میں عزت پانے والا، دوست اور متر بہت زیادہ ہوں، اولاد کا سکھ دیکھے، سب کا خیر خواہ ہو اور سفید چیزوں کو پسند کرے، سفر بہت کرے، قسمت 24 برس بعد چمکے۔

نثرہ:۔ حلیم و ذہین، نیک دل، ہوشیار ہو، دوسروں کی مدد کرنے والا، خدا ترس، دین کے معاملے میں اچھا، دینی کام کرنے والا اور عابد و نیک ہو، نیک و بد کی تمیز رکھنے والا ہو، قسمت کا ستارہ 35 سال بعد چمکے۔

طرفہ:۔ نیک کاموں کو کرنے میں سکھ ماننے والا، خاندان اور کنبہ بڑا ہو، بزرگوں سے پیار کرنے والا ہو، کسی کو خاطر میں نہ لانے والا، دوسروں کا فائدہ اور بھلائی دیکھ کر خوش ہو، قسمت 30 برس بعد چمکے۔

جبہ:۔ دولت منداور آسودہ حال ہو، عورت کے لئے وفادار اور پیار کے ساتھ رکھے، ماں باپ کی عزت اور خدمت کرنے والا، دوسروں کو دکھ نہ دینے والا، سدا خوش رہے، بیوپار میں کامیاب رہے، قسم کا ستارہ 25 برس بعد چمکے۔

زبرہ:۔ دشمنوں پر غالب رہے، ہر کام میں ہوشیار، افسروں، امیروں اور وزراء کی خدمت کرنے والا، خوش وضع اور خوش کلام ہو۔ عورتوں کا پیارا۔ اقبال منداور سواری وغیرہ کا شوقین ہو، حکومت سے تعلق ضرور رکھے، سفر کا شوقین اور قابل ہو، امیدوں میں کامیاب ہو، اپنے رشتہ داروں سے پیار، اعلیٰ محافل اور معاشرہ میں عزت پائے، قسمت 28 برس بعد چمکے۔

صرفہ:۔ دولت مند، عیاش، اسلحہ اور دھنش ودیا کا جاننے والا، بہادر اور طاقتور ہو، کھیل کود اور پہلوانی کا شوق رکھے، ذہین، راست گو اور سنجیدہ ہو، دوسروں کی مدد کرنے والا، مدبر اور شیریں کلام ہو، قسمت 31/28 برس کے درمیان چمکے۔

عوا:۔ اس منزل میں پیدا ہونے والا اپنی قوم اور برادری میں سردار ہو، باحوصلہ اور مدبر ہو، دشمنوں سے سدا لوہا منوا لینے والا ہو، نشہ والی چیزوں کا شوقین ہو، بھائی بندوں کے پاس نہ رہے، عیش و آرام کا دلدادہ ہو، عورت غیر سے رغبت رکھنے والا، کرودھی ہو، قسمت 30 برس کے بعد چمکے۔

سماک:۔ بڑا دانا، صاحب ہمت اور درمیانہ قد ہو، دولت مند، سخی، راست گو، اور خوشحال ہو، بیوی اور اولاد کی طرف سے آرام پائے، خوش نویس اور تعمیرات کے کاموں میں دلچسپی رکھے، ویدک ودیا کا جاننے والا ہو، خوبصورت اور مذہبی خیالات والا ہو، روپیہ پاس کم ٹھہرے، قسمت 38/33 برس کے درمیان چمکے۔

غفرہ:۔ بڑا سمجھدار اور تجارت کے کاموں کو بخوبی سمجھنے والا، دوستوں اور عزیزوں کی پرورش کرنے والا، خوش مزاج، ہر دلعزیز اور سب کے ساتھ میل جول اور سلوک رکھے، خدا اور نیک لوگوں سے محبت کرنے والا ہو، جب تشنگی کی حالت ہو تو بے صبرا ہو جائے، ستارہ قسمت 36/30 برس کی عمر میں چمکے۔

زبانا:۔ خوش قسمت، خوبصورت اور مالدار ہو، کھوٹے کاموں میں رجحان بہت ہو، موقع شناس، مستقل مزاج اور مدبر ہو، لڑائی، فساد کے کاموں میں خوش رہے، بہادر اور جرأت مند ہو، خوش خلق اور راست گو اور سفر بہت کرے، 34/28/21 برس کی عمر میں چمکے۔

اکلیل:۔ علم و ہنر، کسب و تجارت اور ہر طرح کے کاموں کے فنون کا ماہر، صاحب عزت، خوشحال اور حلیم طبع ہو، بھوک زیادہ رکھے، کنبہ کو پالنے والا، سفر زیادہ کرنے والا ہو، قسمت 39 برس بعد چمکے۔

قلب:۔ دولت بہت ہو، دھارمک کاموں میں رجحان والا، نیک اور اچھا انسان ہو، صنعت اور دستکاری کا شائق، ادب اور شاعری کا دلدادہ، صابر اور اچھی قسمت، قانع اور دانا ہو، فرض شناس اور ہوشیار ہو، 39/31/27/13 واں سال صحت کے لئے خراب رہے گا۔

شولہ:۔ فیاض، سخی، سنجیدہ ہو، مرنجان اور برادری میں بڑا احترام پائے، اکثر مریض رہے، تھوڑی سی خلاف بات پر بھی بگڑ جانے والا ہو، قسمت چمکنے کا وقت 27 یا 31 ویں برس میں ہوگا۔

نعائم: صلح پسند اور اتحاد کے معاملوں میں ثابت قدم ہو، صاحب لیاقت و مروت، سب کا دوست، پرا بکاری، دین دکھیوں کے کام آنے والا اور چالاک ہو، قسمت 28 ویں برس چمکے۔

بلدہ:۔ امیروں سے میل جول رکھنے والا، ہوشیار اور معاملہ فہم ہو، ہر لحاظ سے کامیاب رہے، دوست بہت ہوں، سب کا بہی خواہ اور ہر دلعزیز ہو، سب جگہ عزت پائے، راگ ودیا کا شوقین ہو، قسمت کا ستارہ 31 ویں برس میں چمکے۔

بلعہ:۔ دولت مند، بسیار گو، باہمت اور نیک نام، عورت خوبصورت ملے، علم موسیقی اور حساب کتاب و نجوم میں رغبت رکھے، وسیع النظر اور دوسرے کے دل کی بات بھانپنے والا ہو، زندگی میں 19 واں اور 24 واں سال ناقص ہے۔

سعود:۔ دولت مند، آسودہ حال اور نیک بخت ہو، علم موسیقی کا شوق رکھے، بھائی بندوں اور عورت سے سچا پیار کرنے والا ہو، باہمت اور نیک کاموں کا دلدادہ اور سرکاری کاموں میں دلچسپی رکھنے والا ہو، عوام اور اعلیٰ محافل میں عزت پانے والا ہو، ہیرے جواہرات کا دلدادہ ہو۔ زندگی کا 29/23/15 واں سال خراب ثابت ہو۔

اخبیہ:۔ دولت مند، راست گو اور سخاوت میں مشہور ہو، نیک کام کرنے والا ہو، دشمن پر غالب رہے، جہاں جائے عزت و احترام پائے، زندگی کا 28 واں سال خاص اہمیت رکھنے والا ہے۔

مقدم:۔ دولت مند، خوش مزاج، بہت پیار کرنے اور بہت بولنے والا، عزیز و اقارب سے پیار کرنے والا، صاحب علم اور ہر فن مولا ہو، تنگ مزاج اور نیند ہمیشہ اس پر چھائی رہے، اولاد کی طرف سے سکھ پائے، 19 ویں سال میں نصیب کا ستارہ چمکے۔

مؤخر:۔ بڑا نیک، خوبصورت گورا بدن، باہمت اور باوقار ہو، تقریر اور گفتگو نیز بحث و مباحثہ میں فتح مند، دانا اور موقع شناس اور دشمنوں پر غالب آنے والا، دین کو جاننے والا، ثابت قدم اور فرض شناس ہو، قسمت کا ستارہ 27 ویں یا 31 ویں سال چمکے۔

رشا:۔ ماں باپ کی خدمت کرنے والا، تیز رفتار اور تیز گفتار، دانا اور دوستوں سے خوش رہے، زندگی کے 24/21/17 سال خراب ہیں۔

ازتحریر: سیّد منصور علی زنجانی

پرائز بانڈ کا نایاب عمل

کوئی ایسا شخص جو پرائز بانڈز کے انعام کا شوق رکھتا ہو اور کبھی انعام نہ لگا ہو اس کے لئے ایک چھوٹا سا عمل پیش خدمت ہے۔ یہ عمل کرنے سے جو نمبر نکلے گا اس نمبر کا پیکٹ خرید لے انشاءاللہ انعام ضرور نکلے گا۔ عمل کرنے والا صوم وصلوٰۃ کا پابند ہونا چاہئے ورنہ عمل اثر نہ دکھائے گا۔ اگر آپ اس سے قبل نماز پڑھنے کے عادی نہیں ہیں تو اسی وقت سے اللہ سے سچے دل سے وعدہ کرو کہ یا اللہ آج کے بعد میں نماز نہیں چھوڑوں گا مجھے ایک بار معاف کردے۔ عمل شروع کرنے سے پہلے 3 کلو شرینی بچوں میں تقسیم کردیں، یا حسب توفیق۔ یہ عمل کرنے سے آپ پر اللہ تعالیٰ رحمت کے دروازے کھول دے گا۔ کوئی کتنا بھی پریشان کیوں نہ ہو۔ کاروبار نہ چلتا ہو، ہر سلسلہ میں نقصان کا ہی سامنا کیوں نہ ہو، گھر میں ہر وقت گڑبڑ رہتی ہو اللہ اپنی رحمت سے یہ سب چیزیں دور کردے گا اور اپنی رحمت ہی رحمت کردے گا۔

عمل درج ذیل ہے: رات تہجد کے وقت اُٹھ کر دو رکعت نماز نفل ادا کریں۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور چاروں قل شریف اور آیت الکرسی پڑھ کر اپنے اوپر پھونک مارلیں۔ اسکے بعد اسم رحمٰن یا رحمٰن 13 ہزار مرتبہ 29 دن تک پڑھیں اور پھر دیکھیں اللہ کی کیسی رحمت ہوتی ہے۔ پرائز بانڈ کا پیکٹ نمبر نکالنے کیلئے آپ 0 سے لیکر 9 تک پرچیاں چار مرتبہ لکھیں اور عمل کے دوران جب نمبر لانے کا خیال ہو تو عمل پڑھنے کے بعد پرچیوں کو اچھی طرح آپس میں مکس کرلیں اور پہلے ایک پرچی اُٹھاؤ پھر دوسری اور پھر تیسری اُٹھاؤ۔ اگر 10 نمبر کا لانا چاہتے ہو تو پھر چوتھی پرچی بھی اُٹھاؤ فرض کیا کہ آپ کا نمبر نکل آیا۔ 02418 تو آپ خریدیں گے 90 to 024181 تک کا پیکٹ۔ انشاءاللہ عمل ختم ہوتے ہی آپ کا انعام نکل آئے گا۔

عمل کرنے کے لئے نماز کا پابند ہونا لازمی شرط ہے۔ اپنے نام کے اعداد قمری نکال کر اکائی میں تبدیل کرلیں اور جو ہندسہ بنے اتنی مقدار میں آٹا، مکئی، چینی یا جو یا پھر کوئی بھی دال لے کر پرندوں کو ڈالیں۔ فرض کریں کہ آپ کا عدد 6 بنا ہے تو 6 کلو مندرجہ بالا چیزیں جانوروں یا مچھلیوں کو ڈالیں۔ چینی قبرستان یا جنگل میں جہاں کیڑے مکوڑے ہوں ان کو ڈال دیں۔

مندرجہ بالا عمل تین دن تک متواتر کریں۔

اب نوچندی جمعرات کو رات کے 11 بجے کے بعد دو رکعت نماز نفل ادا کریں اور 11 مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد ایک ہزار مرتبہ یَا وَھَابُ پڑھیں اور 300 مرتبہ وَاللّٰہُ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ اس کے بعد 100 مرتبہ آیت کریمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ پڑھیں۔

اس سب عمل کے بعد 0 سے لے کر 9 نمبر تک کی پرچیاں بنائیں اور ایک ڈبہ میں ڈال دیں۔ جب آیت کریمہ مکمل کرلیں تو 30 مرتبہ وَاللّٰہُ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ پڑھ کر ڈبہ سے ایک پرچی نکال لیں۔ فرض کیا 8 نمبر کی پرچی نکلی ہے۔ اس طرح آپ کے پاس نمبر بن گیا۔ (08) اس نمبر کو الٹا کرلیں یہ (80) بن گیا۔ اب آپ 80 مرتبہ آیت کریمہ پڑھیں۔ اور 30 مرتبہ واللہ یرزق من یشاء بغیر حساب پڑھیں اور دوسری پرچی نکال لیں۔ فرض کیا پرچی کا نمبر نکلا 6 اس طرح آپ کے پاس نمبر بن گیا (086) اب آپ 86 مرتبہ آیت کریمہ پڑھیں اور 30 مرتبہ و اللہ یرزق من یشاء بغیر حساب پڑھیں اور پھر تیسری پرچی کو اُٹھائیں۔ فرض کیا نمبر 9 نکلا۔ اس طرح نمبر بن گیا (0869) اس کے بعد 11 مرتبہ درود شریف پڑھ لیں۔ دوسرے دن عمل پڑھنے کے بعد جو پیکٹ کا نمبر بنا اتنی بار آیۃ کریمہ اور 90 بار واللہ یرزق من یشاء بغیر حساب پڑھیں اور تیسرے دن بھی ایسا ہی کریں۔ اس عمل کا کسی سے کوذکر نہ کریں۔ جو پیکٹ کا نمبر بن گیا جا کر خاموشی سے خریدلیں۔ انشاءاللہ یہ نمبر آپ کے لئے لکی ثابت ہوگا۔

یہ روحانی عمل بہت مجرب ہے۔ اس تجربہ کے بعد روحانی طریقہ پیش ہے۔ عمل بعد نماز عشاء کریں۔ وتر پڑھنے سے پہلے کریں اور وتر بعد میں ادا کریں یا تہجد کے ساتھ ادا کریں۔

جولائی 2016ء کیلئے پرائز بانڈز خریدنے کی تواریخ بمعہ اوقات

9	5
2	7
7	8
5	1

تاریخ: 04-07-2016
دن: سوموار
شہر: کوئٹہ
مالیت بانڈ: 15000

تاریخ: 15-07-2016
دن: جمعہ
شہر: مظفرآباد
مالیت بانڈ: 750

نمبر شمار	تاریخ	نیک وقت خریداری
1	یکم جولائی 2016ء	صبح 09 بجکر 05 منٹ سے لے کر 10 بجکر 01 منٹ تک
2	6 جولائی 2016ء	دوپہر 13 بجکر 01 منٹ سے لے کر 14 بجکر صفر منٹ تک
3	8 جولائی 2016ء	سہ پہر 15 بجکر 05 منٹ سے لے کر 16 بجکر 01 منٹ تک
4	11 جولائی 2016ء	دوپہر 11 بجکر 02 منٹ سے لے کر 11 بجکر 58 منٹ تک
5	17 جولائی 2016ء	صبح 09 بجکر 05 منٹ سے لے کر 09 بجکر 50 منٹ تک

	0	1	2	3	4	5	6	7	8	9	ممکنہ نتاوٹی	
0		01					06	07		09	067	091
1	10		12	13			16		18		103	168
2			22		24			27		29	247	292
3	30			33		35	36			39	305	396
4		41	42			45			48		415	482
5				53	54		56	57		59	536	573
6	60	61			64		66	67			601	647
7		71		73				77		79	717	793
8	80		82		84			87		89	802	874
9		91	92			95	96		98		912	986

تاریخ: 04-07-2016
دن: سوموار
شہر: کوئٹہ
مالیت بانڈ: 15000

48	01	51
03	06	58
14	00	31
59	01	92

تاریخ: 15-07-2016
دن: جمعہ
شہر: مظفرآباد
مالیت بانڈ: 750

41	01	62
69	07	31
58	04	32
60	08	58

1 / 8 (4) 9 / 0

2 / 4 (6) 1 / 3

تاریخ: 15-07-2016
دن: جمعہ
شہر: مظفرآباد
مالیت بانڈ: 750

F			S
21	9	7	36
31	(0)		00
41	8	6	57
51			96

اوپن: 2 - 5 - 4 - 3

فسٹ	213-314-413-515
سیکنڈ	367-002-572-966
سیکنڈ	426-697-258-791

تاریخ: 04-07-2016
دن: سوموار
شہر: کوئٹہ
مالیت بانڈ: 15000

F			S
50	1	7	29
40	(6)		18
90	2	5	48
80			

اوپن: 9 - 4 - 5 - 8

فسٹ	506-945-806-583
سیکنڈ	297-186-483-651
سیکنڈ	141-772-997-237

دوستو آداب! پہلے تو میں شہزادہ سید مصور علی زنجانی صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جنہوں نے مجھے اس قابل سمجھا اور آپ کی خدمت کے لیے مامور کیا۔ دوستو! میں 04-07-2016 کوئٹہ بانڈ -/15000 اور مظفرآباد 15-07-2016 بانڈ -/750 آپ کی خدمت میں پیش کررہا ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور مجھے کامیابی عطا فرمائے اور سید مصور علی زنجانی اور سید انتظار حسین شاہ زنجانی کو لمبی عمر عطا فرمائے اور ان کے علم میں اضافہ فرمائے۔ آمین

2 1 7 3 6 8	
86	68
73	37

تاریخ: 15-07-2016
دن: جمعہ
شہر: مظفرآباد
مالیت بانڈ: 750

4 3 9 2 1 7	
43	39
92	21

تاریخ: 04-07-2016
دن: سوموار
شہر: کوئٹہ
مالیت بانڈ: 15000

لکی نمبر نکالنے کا طریقہ

از تحریر: سیّد مصور علی زنجانی

ہمارا علم الاعداد کا حساب ہے ہم یہ نہیں کہتے کہ ہم غیب کا علم جانتے ہیں۔ انعام ضرور نکلے گا۔ علم غیب صرف اور صرف اللہ کی ذات کے پاس ہے اس کے سوا غیب کوئی نہیں جانتا۔ لیکن ہم نے جو تحقیق کی ہے وہ ہمارے لئے بہت موثر ثابت ہوئی ہے جس کی وجہ سے ہم وہ تحقیق قارئین کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں۔ ہم اپنے پہلے مضامین میں یہ بار بار وضاحت کر چکے ہیں علم نجوم سیکھنے کے لئے سب سے پہلے حروف ابجد کو یاد کرنا لازم ہے ستاروں اور برجوں کے بارے میں معلومات رکھنا لازمی ہوتا ہے۔ ان چیزوں کے بغیر علم ادھورا ہے۔ علم نجوم میں آپ جو بھی عمل کریں۔ حساب کریں تو علم ابجد اور ستاروں کا جاننا ضروری ہوگا۔

سب سے پہلے جس شخص کا نمبر نکالنا ہے اس کا نام مع والدہ کا نام اور تاریخ پیدائش، اس کا برج اور ستارہ معلوم ہونا چاہئے۔ فرض کیا کسی بچی کا نام اقراء بنت فوزیہ یاسمین ہے۔ تاریخ پیدائش 09-09-1990 ہے۔ اس کے لئے پرائز بانڈ کا بنڈل نکالنا ہے۔ اقراء بنت فوزیہ یاسمین کے اعداد قمری =581 تاریخ پیدائش 9-9-1990 کو تخلیص کیا =910 ستمبر کے پیدائشی برج میزان کی ابجدی قیمت =108 حاکم سیارہ زہرہ =217 اب ان سب کا میزان کیا۔ 581+10+108+217 =916 فرض کیا ہم آئندہ ہونے والی ہزار روپے پرائز بانڈ کا نمبر لیتا ہے۔ بانڈ کی مالیت =1000 قرعہ کا نمبر =67 جگہ فیصل آباد کے نمبر =218 دن ہفتہ کے نمبر =490 تاریخ 16-9-2016 کو تخلیص کیا 7= ان ان سب کا میزان کیا۔ میزان =1782 اب نام کے میزان اور بانڈ کے میزان کو جمع کیا۔ 1782+916 =2689 2689 کو مفرد کیا =25 =7 اب 2689 کو 7 سے ضرب دی 7x2698 =18886 اب اس جواب کو 68 پر تقسیم کیا تو جواب آیا 277 اور باقی بچے 50۔

50 کو حصار جدول سے دیکھا تو ثور کے خانہ میں ہندسہ 3 ہے جو کہ نقصان میں ہے لہٰذا آپ ثور کی ابجدی قیمت نکالیں جو کہ 706 ہے اب اس کو 3 سے ضرب دیں۔ 3x706 =2118 اب اس جواب میں 277 جمع کریں۔ 2118+277 =2395 اب 2395 کو 50 سے ضرب دیں تو جواب آیا 119750 اس کو 68 پر تقسیم کریں تو جواب 1761 آیا اور باقی بچا 2۔ اب 2 کو حصار جدول سے دیکھا تو معلوم ہوا کہ پھر ثور کا خانہ آیا جو کہ نقصان میں ہے۔ اس میں ایک لکھا ہوا ہے ایک کو جس سے بھی ضرب یا تقسیم کریں گے تو جواب وہی ہوگا جو اصل ہندسہ ہے اس لئے مندرجہ ذیل طریقہ اختیار کرتے ہیں۔ 1761 کو ثور یعنی 706 سے ضرب دیں تو جواب آئے گا۔ 1243266 اب 1243266 کو 68 پر تقسیم کیا تو جواب آیا 18283 اور باقی بچا 22۔ اب 22 کو حصار جدول سے تلاش کیا تو معلوم ہوا کہ جدی کا خانہ ہے اور جدی کے خانہ ہے اور جدی کے خانہ سے 22 کا ہندسہ ملا 7 جو کہ فائدہ میں ہے یعنی کہ آپ کے پیکٹ کا پہلا ہندسہ 7 ہوا۔ اب 7 کو علیحدہ لکھ لو۔

دوسرا ہندسہ معلوم کرنے کے لئے ہم پھر اسی طرح عمل کریں گے۔ ہمارے برج کا خانہ جدی جس کا عدد 17 ہے اور جو ہمیں کامیاب ہندسہ ملا ہے وہ 7 ہے۔ 7 کو ہم 17 سے ضرب دیں گے تو جواب 119 آئے گا۔ پہلے جواب 18283 میں 119 جمع کیا۔ 18283 +119 =18402 اب 18402 کو 22 سے ضرب دیا تو جواب آیا 404844 اب 404844 کو 68 پر تقسیم کیا تو جواب آیا 5953 اور باقی بچا 40 اب 40 کو حصار جدول سے دیکھا تو معلوم ہوا کہ برج سرطان ہے اور اس خانہ میں ہمیں 5 کا ہندسہ ملا اور 5 کا ہندسہ بھی فائدہ میں ہے لہٰذا ہمارے پاس بانڈ کا نمبر بن گیا 075 اب ہم نے پیکٹ کے لئے تیسرا ہندسہ معلوم کرنا ہے۔ ہمارے برج کا خانہ سرطان ہے۔ سرطان کے اعداد 320 ہیں۔ 320 کو ہم 5 سے ضرب دیں گے تو جواب آئے گا 1600 اس جواب میں اس سے پہلے

والا جواب جمع کریں گے۔ 7553= 5953+ 1600 اس جواب 7553 کو 40 سے ضرب دی تو جواب 302120 آیا۔ اس جواب 302120 کو 68 پر تقسیم کیا تو جواب 4442 آیا اور باقی بچا 64 یہ بھی سرطان کے خانہ میں ہے اور اس خانہ میں ایک کا ہندسہ آیا۔ اب آپ کا پیکٹ نمبر بن گیا۔ 0751 اگر آپ اس طرح نمبر نکالیں گے تو انشاء اللہ آپ کو نقصان نہیں ہوگا۔ اگر پہلا دوسرا انعام نہیں لگتا تو یہ نمبر نیچے والے نمبروں میں ضرور لگے گا اور آپ انعام کے حقدار ضرور بنیں گے۔

ایک بات کی وضاحت کر دینا چاہتا ہوں کہ اگر حساب بناتے ہوئے آپکا ہندسہ "ن" میں آتا ہے تو اسکو آگے بڑھاتے جاؤ جیسا کہ میں نے شروع میں کیا تھا۔ جب تک آپ کا نمبر "ف" میں نہیں آجاتا۔ ضرب تقسیم اور جمع کا عمل جاری رکھنا ہے۔ ہم نے جو طریقہ لکھا ہے وہ اتنا مشکل نہیں ہے پہلی بار نمبر نکالتے ہوئے تھوڑی سی مشکلات کا ضرور سامنا ہوگا لیکن جب آپکو ہندسہ حروف ابجد جمع تفریق، ضرب اور تقسیم کے حساب کی مکمل سمجھ آجائے گی تو پھر کوئی مشکل نہیں رہے گا۔

نمبر نکالنے کے لئے ضروری ھدایات: جس فرد کا پرائز بانڈ نمبر نکالنا ہو اس کا پورا نام مع والدہ اور تاریخ پیدائش معلوم کریں۔ تاریخ پیدائش کو تحلیل کریں اور دھائی میں لکھیں۔ مثلاً اگر کسی کی تاریخ پیدائش درج ذیل ہے تو اس کو کس طرح لکھنا ہے ملاحظہ فرمائیں۔ 26= 1979

8-12-1956 جس شخص کا نمبر نکالیں اس کا برج اور حاکم سیارہ کے حروف ابجد لازمی جمع کریں اور حروف ابجد کو زبانی یاد کر لیں۔ اگر کسی کی تاریخ پیدائش یاد نہیں تو آپ اندازے سے پوچھیں۔ اگر کوئی بتاتا ہے کہ میری عمر 36 سال ہے تو آپ اس طرح حساب لکھیں گے کہ اس دن جو تاریخ ہوگی اس میں سے اس کی عمر نفی کر دیں گے مثلاً اگر اس دن 8 مارچ تھی تو اس کو اس طرح لکھیں گے۔

8-3-2016 بتانے والے کی عمر 36 سال اس میں سے نفی کر دیں تو جواب آیا۔ 8-3-1980 یعنی ہمارے حساب سے یہ اس شخص کی اندازے سے عمر ہوئی۔ نمبر نکالتے وقت حساب یعنی ضرب، جمع، تقسیم اور تفریق اچھی طرح دیکھ کر کریں تاکہ کوئی فرق نہ رہ جائے۔ جو آپ کا بانڈ نمبر یا پیکٹ نمبر بنے گا کوشش کریں کہ اصلی بانڈ مل جائے۔

بروج کے حروف ابجد درج ذیل ہیں:۔

حمل	78	ثور	706	جوزا	17	سرطان	320
اسد	65	سنبلہ	147	میزان	108	عقرب	372
قوس	166	جدی	17	دلو	40	حوت	414

"ف" سے مراد فائدہ "ن" سے مراد نقصان

بروج سے متعلقہ خانے اور اعداد

حمل	(ف)	ثور	(ن)	جوزا	(ن)	سرطان	(ن)
1	9	2	1	3	5	4	3
13	1	14	2	15	2	16	6
25	0	26	3	27	5	28	5
37	3	38	4	39	8	40	6
49	4	50	3	51	9	52	4
61	6	62	5	63	0	64	1
اسد	(ن)	سنبلہ	(ن)	میزان	(ف)	عقرب	(ف)
5	4	6	8	7	0	8	1
17	9	18	6	19	9	20	5
29	7	30	0	31	4	32	2
41	0	42	3	43	7	44	8
53	2	54	2	55	1	56	2
65	4	66	3	67	1	00	6
قوس	(ن)	جدی	(ف)	دلو	(ن)	حوت	(ف)
9	0	10	3	11	7	12	8
21	6	22	7	23	8	24	9
33	5	34	6	35	6	36	7
45	4	46	5	47	1	48	2
57	1	58	9	59	7	60	8

حاکم سیارہ: قمر	نشان: کیکڑا
خاصہ: تغیر پذیر (منقلب)	ذاتی عقیدہ: احساس (I Feel)
منسوب پتھر: سچا موتی، مون اسٹون	عنصر: پانی
نفسیاتی ٹائپ: حساسیت	اعضائے جسمانی: سینہ اور شکم
منسوب دھات: چاندی	درخت: کوئی خاص نہیں
پھول: سوسن، کنول، یاسمین	غذا: ڈیری کی غذائیں، مچھلی
منفی، مؤنث برج	بائیو کیمک سالٹ: کلکیریا فلور

مثبت توانائی

حساس، خدمت گزار، دیکھ بھال کرنے والے، محبت کرنے والے، گھر سے پیار کرنے والے، تحفظ فراہم کرنے والے، سہارا دینے والے، تخلیقی، مخیر، کارآمد اور بچوں کے معاملے میں جنونی ہوتے ہیں۔

منفی توانائی

دوسری طرف وہ بدمزاج، موڈی، پریشان ہونے والے، غیر محفوظ، چمٹے رہنے والے، حاسد، سازشی، بزدل، انحصار کرنے والے، ملکیت جتانے والے، حساس، گھنے، ہنگامہ پرور، بچوں کی من کی ترنگ پر فریفتہ ہونے والے اور اپنے خرچ پر دوسروں کے خوابوں کا پیچھا کرنے والے ہوتے ہیں۔

پسند

سرطان والے جکڑے رہنا، پرورش کرنا، مستقبل کی منصوبہ بندی کرنا، اپنے پیسوں کو محفوظ رکھنا، والدین بننا، گھر بنانا، کھانا پکانا، درزی بننا، بچوں کی دیکھ بھال کرنا، کاروبار کرنا، غذا، تحفظ، روزمرہ کا کام کرنا اور پیش گوئی کرنا پسند کرتے ہیں۔

ناپسند

وہ بے تکلفی، اپنی فیملی کی یگانگت میں دوسروں کی مداخلت، طنز کا نشانہ بننا، تنقید کا ہدف بننا، عملی مذاق اور گھر سے دور رہنا برداشت نہیں کرتے۔

سرطان کا کردار

سرطان افراد گھر بنانے والے ہوتے ہیں، وہ پکوان کی ترکیبوں والی کتاب اپنے پاس رکھتے ہیں اور گھریلو ساز وسامان کا اسٹور، پودوں کی نرسری اور ہارڈ ویئر اسٹور کا کاروبار کرتے ہیں، سرطان کے لوگ تہواروں کے موقعوں پر اپنے ماحول میں ہوتے ہیں، میز انواع واقسام کے لذیذ اور خوش ذائقہ کھانوں سے سجی ہوئی ہوگی، گھر کے تمام افراد میز کے گرد اکٹھا ہوں گے، گھر کی آرائش وزیبائش دیدنی ہوگی۔

سرطان افراد کے لیے پیسہ بڑی تقویت کا باعث ہوتا ہے، وہ ٹیم، اسپورٹس کے اجتماع سے لطف اندوز ہوتے ہیں اور تفریحی اعتبار سے خاصے مقابلے باز ہوتے ہیں، وہ پکنک منانے کے لیے ہمیشہ سب سے پہلے تیار رہتے ہیں اور کرکٹ کا میچ رکھنے، کھیلنے اور دیکھنے دونوں میں بہت دلچسپی لیتے ہیں۔

سرطان کے جسم کا اہم حصہ ان کا پیٹ ہے اور وہ آنتوں کے محسوسات پر بہت اچھی طرح کان دھرتے ہیں۔ جب معاملات بگڑ جاتے ہیں تو وہ اسے اپنے پیٹ میں محسوس کرتے ہیں اور اگر طویل چھٹیوں پر چلے جائیں تو انہیں اکثر قبض ہو جاتا ہے۔ شاید اس کا سبب یہ ہے کہ وہ گھر سے بہت عرصے کے لیے دور ہو جاتے ہیں۔

سرطان والوں کی گھر بنانے کی اہلیت سطحی طور پر ثور کے گھونسلہ بنانے کی خواہش سے ملتی جلتی لگتی ہے لیکن ان کے محرکات بالکل ہی مختلف ہوتے ہیں۔

ثور کے نزدیک گھر بنانے کا مقصد ایک خوش نما گھر بنانا ہوتا ہے تا کہ وہ اس سے لطف اندوز ہو سکے جب کہ سرطان کے نزدیک ایک خوش نما گھر کا مطلب ایک ایسا گھر ہے جہاں فیملی کے تمام افراد مل جل کر پیار محبت اور مکمل یگانگت سے رہیں۔ ایک ایسا گھر بنانے کے پس پردہ ان کی یہی خواہش کارفرما ہوتی ہے۔

”گھر کو سلیقے اور قرینے سے رکھنا میری عبادت ہے اور جب میں فارغ ہو جاتی ہوں تو میری عبادت پوری ہو جاتی ہے، گھر کا کام کاج میرے جسم کو ایسی پاکیزگی عطا کرتا ہے جو عبادت سے حاصل ہوتی ہے“۔

جیسامن ویسٹ (ادیبہ) شمسی برج سرطان، پیدائش 18 جولائی 1902ء

سرطان لوگ اجتماعی سرگرمیوں اور فیملی کی روایات سے محبت کرتے ہیں، وہ انہیں جنم دیتے ہیں اور پوری طاقت سے انہیں برقرار رکھتے ہیں، وہ بہت اچھے کہانی سنانے والے ہوتے ہیں، خاص طور سے گھر کے افراد کی کہانیاں سنانے کے معاملے میں اور اکثر خاندان کی تاریخ انہیں زبانی یاد ہوتی ہے، جس گھر کا کرتا دھرتا کوئی سرطان ہو وہاں وقت اپنا سراغ کھو بیٹھتا ہے، یہ لوگ بہت طویل عرصے تک باہر رہ کر واپس لوٹتے ہیں تو ان کے معمولات وہی ہوتے ہیں جو برسوں پہلے تھے یعنی آپ دیکھیں گے کہ صبح سے شام تک ان کی مصروفیات میں کوئی فرق نظر نہیں آئے گا۔

سرطان افراد روزمرہ کے معمول کو نہایت سکون اور متانت سے برقرار رکھتے ہیں، اگر اس معمول میں کوئی رخنہ پڑ جائے تو سرطان افراد انتہا درجے کے ذہنی انتشار اور تناؤ کا شکار ہو جاتے ہیں لیکن پھر پانی کی طرح اپنی سطح پالیتے ہیں، انہیں فطری طور پر کہیں بھی اپنا گھر بنانے کا ہنر آتا ہے اور انہیں اپنے تحفظ کے احساس کے لیے گھر بنانا ہی پڑتا ہے۔

”ہم سچ مچ آخر کب یہ محسوس کریں گے کہ ہم ایک دوسرے سے تعلق رکھتے ہیں، یہ کہ ہم سب ایک ہی جسم کے حصے ہیں“

ہیلن کیلر (وقائع نگار) شمسی برج سرطان، پیدائش 27 جون 1880ء

سرطان افراد کسی بہت بڑی پھلتی پھولتی فیملی کا ایک فرد بننے کے شدید آرزومند ہوتے ہیں۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو وہ اپنے اردگرد بسنے والوں سے ایک کنبہ بنانے کی کوشش کرتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ وہ بہت ہی اچھے پڑوسی ثابت ہوتے ہیں۔

سرطان لوگوں کے لیے سالگرہ منانا، جشن منانا، غرض یہ کہ کچھ نہ کچھ منانا نہایت اہمیت رکھتا ہے، اگر وہ کسی بہت بڑی فیملی میں پیدا ہوئے ہوں، وہ اکثر کسی ایسے پارٹنر کو چنتے ہیں جس کے بارے میں وہ سمجھتے ہوں کہ انہیں سینے سے لگایا جائے گا۔ وہ صرف اپنی محبت شیئر کرنا چاہتے ہیں اور جب انہیں کوئی ماں جیسی شفیق ہستی نظر آتی ہے تو ان کی مادرانہ شفقت امڈ پڑتی ہے۔

سرطان مرد حضرات صحیح شکار ہوتے ہیں کیوں کہ وہ اپنے جبلی مردانہ پن اور اپنے شمسی برج کی نسوانی توانائی کے خلاف معمول ظاہری اظہار کو آپس میں ملا دیتے ہیں۔ سرطان ایک آبی علامت بھی ہے جس میں اہم یا نتیجہ خیز فعال توانائی بھی شامل ہے۔ اس کا یہ مطلب ہے کہ سرطان افراد بڑی سرگرمی سے ایسی جگہیں یا ایسے لوگ تلاش کرتے ہیں جن کی وہ دیکھ بھال کر سکیں اور جنہیں وہ پروان چڑھا سکیں۔

سرطان مرد میں اس کا اظہار انتہائی خلاف معمول حیثیت کے پہلو سے از خود ہو جاتا ہے جو دوسروں کی پرورش و پرداخت کرنا چاہتے ہیں۔ سرطان مرد صابر اور اپنے بچوں پر بھرپور توجہ دینے والے باپ اور ہمدرد شوہر ہوتے ہیں جنہیں گھر بنانے میں مصروف ہو جانا بہت اچھا لگتا ہے، وہ بیش تر چیزوں میں اچھے ذوق کے حامل ہوتے ہیں، خاص طور سے وہ خوش لباس ہوتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ وہ اتنے خوش لباس ہوتے ہیں کہ وہ اپنے کپڑوں پر کسی اور سے استری کرانا پسند نہیں کرتے، اپنی چہیتی بیوی سے بھی نہیں کیوں کہ انہیں اس معاملے میں کسی پر بھی بھروسا نہیں ہوتا لہٰذا وہ یہ کام خود ہی کرتے ہیں، وہ اپنی کھانا پکانے کی صلاحیت سے اپنی محبوبہ کو خوش کرنا پسند کرتے ہیں اور ایک اوسط مرد کے مقابلے میں بہت لذیز کھانا پکاتے ہیں۔

سرطان کا حاکم سیارہ قمر ہے اور جس طرح قمر جوار بھاٹا کو کنٹرول کرتا ہے، اسی طرح وہ اپنے خاندانی معاملات و مسائل کو کنٹرول کرتے ہیں، یہ ممکن نہیں ہے کہ ان کے گھر یا خاندان میں کوئی مسئلہ موجود ہو اور وہ اس پر توجہ نہ دیں، وہ کسی سنبلہ یا جدی کی طرح اپنے کریئر کے معاملات کو اس پر ترجیح نہیں دیں گے کیوں کہ ایسے کسی مسئلے کی وجہ سے وہ اپنے کام پر بھی پوری توجہ لینے کے قابل نہیں ہوتے۔

وہ اپنی متلون مزاجی سے متاثر ہوتے ہیں، ان سے نمٹنا بہت مشکل ہوتا ہے

کیوں کہ ان کا مزاج پل پل بدلتا رہتا ہے اور وہ یہ تسلیم کرنا بھی گوارا نہیں کرتے کہ وہ اپنی متلون مزاجی سے اپنے اردگرد رہنے والوں کو کس قدر متاثر کرتے ہیں۔

سرطان لوگ محاذ آرائی اور لڑنے جھگڑنے سے پرہیز کرتے ہیں اور کسی کے جھگڑے میں پڑنے کے خیال سے کوئی بات منہ سے نکالنے سے گریز کرتے ہیں اور خاموش رہتے ہیں لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ اپنے جذبات چھپا لیتے ہیں۔ سرطان لوگ زود رنج اور زود حس ہوتے ہیں لہٰذا یہ جاننے کے لیے آپ کو بہت عقل مند ہونے کی ضرورت نہیں کہ وہ آپ کی کس بات سے دکھی ہوئے ہیں۔

وہ اپنے جذبات کا اظہار کاٹ دار تبصرے یا گہرے طنز سے کرتے ہیں لیکن ان کا طنز اتنا ڈھکا چھپا ہوتا ہے کہ صرف اپنے صحیح نشانے پر بیٹھتا ہے اور عام طور سے انہیں بعد میں احساس ہوتا ہے کہ وہ کیا کہہ گئے ہیں لیکن اس کے باوجود وہ اس بات کو تسلیم نہیں کرتے۔

ستم ظریفی یہ ہے کہ سرطان لوگ تنقید برداشت نہیں کرتے، چاہے وہ کتنی ہی تعمیری کیوں نہ ہو اور نیک نیتی سے کی گئی ہو، وہ معمولی سی بات کو بھی اپنی توہین سمجھ کر حد سے زیادہ دکھی ہو جاتے ہیں، کیکڑے کی طرح، وہ اپنی ظاہری ڈھال پر بدترین توہین بھی برداشت کرنے کے اہل ہوتے ہیں لیکن اندر کی طرف کا نرم گوشت بہت بری طرح مجروح ہوتا ہے۔

"ہر جنگ کے بعد کسی نہ کسی کو صلح کرنی پڑتی ہے"
وسلافا زِمبورسکا (شاعرہ) شمسی برج سرطان، پیدائش 2 جولائی 1923ء

وہ اپنے بیرونی خول کو مشکل لمحات میں چھپنے کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں۔ سرطان لوگ مضبوطی سے چمٹے رہنے والے، ضدی اور خودسر بھی ہو سکتے ہیں، وہ اپنی من مانی کرتے ہیں اور کسی کی نہیں سنتے لیکن اگر وہ اپنی شفقت اور ملائمت سے کام نہ نکال سکیں تو جذباتی حربے آزمانے سے بھی گریز نہیں کرتے، اگر رونے دھونے سے بھی کام نہ بنے تو وہ خاموشی سے واپس اپنے خول میں جا چھپتے ہیں یا پھر واپس اس کے پاس جاتے ہیں جس نے درد دیا ہے۔ اس اعتبار سے سرطان لوگ کینہ پرور ہو سکتے ہیں۔

سرطان افراد بہت بہت ہمدرد ہوتے ہیں، ان کے اندر ایک رڈار سسٹم ہوتا ہے جو انہیں بتاتا ہے کہ کمرے میں جذبات کا کیا رنگ ہے اور کون اپنا توازن کھو رہا ہے، ایک سرطان اس جذبات کا عکس دیکھ لے گا، یہ ہمیشہ آپ کے ساتھ ہنسنے یا رونے والے لوگ ہوں گے۔

اپنی وجدانی سوچ کی وجہ سے وہ نفسیاتی لگ سکتے ہیں لیکن وہ اس معاملے میں واقعی قابلِ تعریف ہیں کہ کسی کے مشکل وقت میں وہ اس کے آس پاس نظر آئیں گے اور اس کے جذبات کی ترجمانی کریں گے جس کا اظہار وہ شخص نہیں کر سکتا، سرطان افراد دوسرے لوگوں کی گوشہ نشینی ختم کرنے میں بھی بہت اچھے ثابت ہوتے ہیں۔

والدین کی حیثیت سے وہ ٹھیک ٹھیک جانتے ہیں کہ ان کے بچے تمام وقت کیا کرتے رہتے ہیں اور وہ اچانک یہ انکشاف کر کے ہوش اڑا دیتے ہیں، خاص طور سے جب وہ کوئی غلط کام کر رہے ہوں، سرطان لوگ بہت اچھے والدین ثابت ہوتے ہیں لیکن عام طور سے وہ اپنے بچوں کو کم عمری میں آزاد چھوڑ کر بہت برا کرتے ہیں جس کی وجہ سے اختلافات پیدا ہوتے ہیں لیکن آخر میں وہ ہمیشہ کھلے در اور کھلی باہوں سے ان کا استقبال کرتے ہیں۔

پیشہ ورانہ سرگرمیاں

دفتروں میں سرطان افراد کی موجودگی خوش گوار ہوتی ہے کیوں کہ وہ جہاں بھی جائیں اپنے لیے جگہ بنا لیتے ہیں، یہ وہی ہوں گے جو کسی آفس کلیگ کی سالگرہ کا کیک خریدیں گے اور ریٹائر ہونے والوں کو تحائف دیں گے، اپنے ساتھیوں کے غم اور خوشیوں میں شریک ہوں گے، اجتماعی جگہوں کو صاف ستھرا اور خوش گوار رکھیں گے اور ہر سال کسی پارٹی یا تقریب کا اہتمام کریں گے، وہ کسی بھی دفتر کے ماحول میں یگانگت اور ہم آہنگی رکھنے والے ہوتے ہیں لیکن وہ اکثر یہ دیکھ سکتے ہیں کہ ان کی کوششوں کو اگرچہ سراہا جاتا ہے لیکن انہیں اس کا کوئی صلہ نہیں ملتا۔

سرطان افراد بہت اچھے ٹیچر ہوتے ہیں۔ اسی طرح وہ بہت اچھے بچوں کے امراض کے ماہر، گائناکولوجسٹ، دایہ، نرس اور ڈاکٹر، سوشل ورکر، کونسلر، جانوروں کے ڈاکٹر اور چڑیا گھر کے محافظ، نیز اپنی فراخ دلی کے سبب ماہر نفسیات بھی ہو سکتے ہیں، دیگر پیشے جو زیادہ واضح نہیں ہیں، وہ ہیں کیٹرنگ، ڈیری فارمنگ، کاروبار اور تجارت، ماہی گیری، جہاز رانی اور علم آثار قدیمہ۔

"چھوٹی چیزیں بڑھ کر بڑی ہو جاتی ہیں" "اپنے آباؤ اجداد کے بارے میں سوچیں، اپنی آئندہ نسلوں کے بارے میں سوچیں"

جان کوئنسی ایڈمز (صدر، امریکا) شمسی برج سرطان، پیدائش 11 جولائی 1767ء

جولیس سیزر ایک عظیم جنرل سرطانی تھا، وہ شاید اپنی ایک سرطانی صفت کی وجہ سے سب سے زیادہ مشہور ہے، اس کی پیدائش آپریشن کے ذریعے ہوئی تھی اور غالباً اس حوالے سے وہ دنیا کا پہلا بچہ تھا، اس کے بعد ایسے تمام آپریشن کے ذریعے پیدا ہونے والے بچوں کو سیزیرین کہا جانے لگا۔

سیزر نے اپنی گفت وشنید کی اہلیت اور خاندان کو ایک بندھن میں باندھنے کی صلاحیت رومن سینیٹ کو قائل کرنے کے لیے استعمال کی اور رومن قوم کو متحد کر دیا، آخر کار اُسے ایک نئی قوت حاصل ہوئی جو اس سے پہلے کسی کو نہیں ملی تھی۔

جب کونسل کی حیثیت سے سیزر کی معیاد ختم ہوگئی تو اس نے فوج کی رہبری کر کے بیش تر مغربی یورپ پر قبضہ کرلیا۔ میدانِ جنگ میں اپنی غیر معمولی کامیابی کے بعد وہ روم کا سب سے مشہور اور طاقت ور شخص بن گیا، چھوٹے بچوں سے خصوصی دلچسپی کے سبب اس نے ایک لڑکے کو اپنالے پالک بیٹا بنایا لیکن وہ سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ یہی لڑکا اس کا قاتل ہوگا، چناں چہ جب اس لڑکے نے خنجر سے وار کیا تو وہ بہت حیران ہوا اور بے ساختہ اس کے منہ سے یہ تاریخی الفاظ ادا ہوئے ''Brutus you too''۔

49 ق،م میں سینیٹ نے جولیس سیزر کو روم لوٹنے کا حکم دیا لیکن اپنی فوج کے بغیر۔ اس حکم سے صاف ظاہر تھا کہ اسے اپنی فوج روبیکین دریا کے اس پار نہ لانے اور اُس پار ہی چھوڑ آنے کو کہا جا رہا تھا۔ سیزر جانتا تھا کہ اگر اس نے سینیٹ کے حکم کی تعمیل کی اور اپنی فوج کو چھوڑ دیا تو اس کا کریئر ختم ہو جائے گا لیکن اگر اس نے دریائے روبیکین اپنی فوج کے ساتھ عبور کیا تو سینیٹ اپنی فوج کو اسے روکنے اور اس پر چڑھائی کرنے کا حکم دے گا، کہا جاتا ہے کہ اس نے کہا ''تخت یا تختہ'' اور اپنی فوج کے ساتھ دریا عبور کرنے کا فیصلہ کرلیا۔

کامیابی نے اس کے قدم چومے اور روم کے لوگوں نے اسے روم کا بادشاہ چن لیا۔ سیزر نے ایک مرتبہ کہا تھا، جنگ میں غیر اہم اور معمولی وجوہات کے نتیجے میں اہم واقعات جنم لیتے ہیں، وہ سمجھتا تھا کہ چھوٹی چھوٹی چیزوں کو اہمیت دینا بہت ضروری تھا، بڑے مسائل خود ہی حل ہو جائیں گے، وہ یہ بھی جانتا تھا کہ بڑے واقعات اکثر گھر اور باورچی خانے کے آس پاس سے جنم لیتے ہیں۔

جولیس سیزر نے اپنی طاقت کو روم میں بہت سی تبدیلیاں لانے کے لیے استعمال کیا اور اکثر سینیٹ کی مرضی کے بغیر۔ اس نے 365 دن کا جولین کیلنڈر ترتیب دیا جو آج کل مروج گریگری کلینڈر سے بہت قریبی ہے، برج سرطان سے متعلق مہینہ جولائی بھی اس کے نام پر رکھا گیا ہے، اس کے شہنشاہ منتخب ہونے کے ایک سال بعد روم کے لوگوں نے اسے تاحیات آمر چن لیا۔

جولیس سیزر نے یہ کہہ کر اپنی فیملی کو تحفظ دینے کے لیے اپنی طاقت استعمال کی ''میں محسوس کرتا ہوں کہ میری فیملی کے کسی بھی فرد پر کبھی بھی قانون توڑنے کا شبہ نہیں کیا جا سکتا''۔

اس سے یہ بات واضح نہیں کہ کیا وہ واقعی اپنی فیملی کو شبہے سے بالاتر سمجھتا تھا یا محض اپنی فیملی کی محبت میں ایسا کہہ رہا تھا۔

رومن سینیٹرز اس کی بے پناہ طاقت اور مقبولیت سے سخت برہم تھے چناں چہ 15 مارچ 44 ق م ساٹھ سینیٹرز کے ٹولے نے اس پر حملہ کیا اور حملہ آوروں میں اس کے لے پالک بیٹے نے چھرا گھونپ کر اسے ہلاک کر دیا۔

سرطان صحت

کیکڑا برج سرطان کی ایسٹرولوجیکل علامت ہے لہٰذا جب سرطان والے خطرہ محسوس کرتے ہیں تو گوشہ تنہائی میں جا بیٹھتے ہیں اور جب ذہنی طور پر پریشانی کا شکار ہوتے ہیں تو کھانے میں تسلی ڈھونڈتے ہیں جس کا نتیجہ موٹاپے، غذائی الرجی اور آنتوں میں گڑبڑ کی صورت میں نکلتا ہے۔

سرطان، کہنیوں، پیٹ، اعضائے ہضم اور بچہ دانی پر بھی حکومت کرتا ہے۔ سرطان افراد کھانسی، بدہضمی، گیس، پتے میں پتھری، پیٹ، جگر اور آنتوں کی عام بیماریوں نیز جذباتی ہیجان مثلاً ڈپریشن اور ہسٹیریا کے بھی شکار ہوتے ہیں، سرطان والوں کی دیگر بیماریوں میں اینیمیا (خون کی کمی) کمزور یا ناخالص خون، صفرا کا زور، نظام ہضم کی خرابی، پیروں کی سوجن، زخم کی ریزش، موٹاپا، پیٹھ کا درد، پیٹ کا السر، یرقان، جگر کی خرابی اور پستان میں انفیکشن شامل ہیں۔

سرطان لوگوں کو گوشت، ڈبل روٹی سے پرہیز کرنا چاہیے کیوں کہ یہ چیزیں پیٹ میں جا کر خمیر بن جاتی ہیں، انہیں ایسی چیزوں سے پرہیز کرنا چاہیے جن سے خمیر بنتا ہو مثلاً شکر، پیسٹری اور اینٹی بائیوٹکس کے ساتھ گوشت کھانے سے احتیاط

کرنا چاہیے۔ سرطان لوگوں کے لیے مچھلی بہت بہتر غذا ہے۔

سرطان افراد کو نہار منہ اور رات میں سوتے وقت خوب پانی پینا چاہیے۔ انگور، گندم اور تازہ بند گوبھی پیٹ کے لیے بے حد مفید ہے۔ ان سے السر میں بھی افاقہ ہوتا ہے اور مزاج کا چڑچڑا پن بھی دور ہوتا ہے۔ شمسی برج سرطان والوں کے لیے بند گوبھی گروپ کی ساری سبزیاں، آبی سلاد اور گوبھی بہت فائدہ مند ہیں۔

سرطان افراد کو پوٹاشیئم کی کمی کی بھی شکایت ہوسکتی ہے، خاص طور سے اس صورت میں کہ جب وہ زیادہ نمک استعمال کرتے ہوں، پوٹاشیئم کی کمی کو تازہ پھلوں کے جوس، سبزیوں کے جوس اور کیلے کھا کر دور کیا جا سکتا ہے۔

سرطان لوگوں کو یاسمین، لیموں، سوسن، گلاب، صندل اور الائچی کی خوشبو سے فائدہ پہنچ سکتا ہے۔

سرطان ساتھی

"ایک عورت کی پاک دامنی، پیاز کی طرح، چھلکوں پر مشتمل ہوتی ہے"

میتھا ئیل ہاتھورن۔ شمسی برج سرطان، پیدائش 4 جولائی 1804ء

آپ کی اوسط سرطان محبوبہ عام طور سے اپنے ذوق میں منسکر المزاج ہے اور اگر وہ یہ سوچتی ہے کہ اُسے آپ کی خاطر بننا سنورنا پڑے گا اور سولہ سنگھار کرنا پڑے گا تو وہ ایک دم بے اطمنانی اور بے چینی کا شکار ہو جائے گی لہٰذا پہلی بار اس کے ہمراہ باہر نکلتے ہوئے بہت دھیمے رہیں، اگر آپ کھانا پکا سکتے ہیں تو اسے اپنے ہاں مدعو کریں اور کچھ لذیز ڈشیں تیار کر لیں۔

سرطان افراد پرانے فیشن کے رومانس کو پسند کرتے ہیں، وہ گلدستہ، چاکلیٹ اور رومانی نظموں کا مجموعہ پا کر بہت خوش ہوں گے اور بدلے میں اس سے بڑھ کر آپ کو دیں گے، اس امر کو یقینی بنا لیں کہ آپ کے سرطان کو یہ معلوم ہے کہ آپ اس کی توجہ سے لطف اندوز ہو رہے ہیں کیوں کہ اگر اسے یہ احساس ہو جائے کہ اس کی کوشش کی قدر نہیں کی جا رہی تو وہ بہت مایوس اور دل شکستہ ہو سکتا ہے۔

سرطان افراد خود اپنا تحفظ کرنے والے ہو سکتے ہیں اور نہیں چاہتے کہ جلد بازی میں کوئی ایسا کام کریں جس سے ان کے جذبات مجروح ہوں۔ وہ چاہیں گے کہ آپ سب سے پہلے ان کے والدین سے مل لیں اور اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کے حق میں کیا بہتر ہے تو آپ ان کے ہمراہ ہو لیں گے۔

اس بات سے نہ گھبرائیں کہ آپ کی سرطان محبوبہ کے والدین سے ملنے کے لیے جانے کا مطلب یہ ہوگا کہ آپ کو اس سے شادی کرنی پڑے گی۔ سرطان عورت آپ کو محض اپنی فیملی سے ملانا چاہتی ہے، اسی طرح جس طرح وہ آپ کو اپنی سہیلیوں سے اور اپنی پالتو بلی سے ملانا چاہتی ہوگی کیوں کہ وہ بھی جان دار ہیں، سانس لیتی ہیں، اس کی زندگی کا ایک حصہ ہیں جن سے وہ بہت محبت کرتی ہے۔ اگر آپ سرسری طور پر بھی اسے جاننا چاہتے ہیں تو آپ کو اس کی فیملی سے ملنا اور ان سے واقف ہونا پڑے گا اور آپ جو کچھ بھی کریں، اس کے والدین سے بہت احترام سے پیش آئیں اور خوش اخلاقی کا مظاہرہ کریں اور وہاں سے واپس آنے کے بعد جب آپ دونوں ساتھ ہوں تو اس کے والدین کا مذاق نہ اڑائیں، وہ آپ کی اس بات کو ہرگز پسند نہیں کرے گی۔

سرطان کے لیے تحفہ

سرطان کا نعمت خانہ عام طور سے کراکری اور گھریلو سامان سے لبریز ملتا ہے لیکن وہ بڑی خوشی سے مزید ظروف قبول کر لے گی، خاص طور سے بڑی پلیٹیں اور ڈشیں کیوں کہ وہ نئی یا پرانی کراکری اور برتن سنبھال کر رکھنا پسند کرتی ہے، کبھی کبھی سرطان افراد کے اندر یہ گہرا احساس جاگزیں ہوتا ہے کہ ان سے ناجائز فائدہ اٹھایا جا رہا ہے یا پھر یہ کہ ان سے بہت زیادہ کام لیا جاتا ہے اور ان کی قدر نہیں کی جاتی۔ اگر آپ کی سرطان کے یہی احساسات ہیں تو اس کی دل جوئی کے لیے پرفیوم یا اسی قسم کا کوئی تحفہ دینا بہت اچھا ہوگا۔

بہت سوچ بچار کے بعد اس کے لیے کوئی ایسا کارڈ منتخب کریں جس کے الفاظ دعوتِ فکر دیتے ہوں، یہ ایک اچھا تحفہ ہوگا۔ سرطان افراد اس مقولے کے ساتھ جیتے ہیں اور سانس لیتے ہیں ''یہ خیالات ہی ہیں جو اہم ہیں'' اور اگر ان خیالات کا اظہار نہ کیا جائے تو انہیں بہت مایوسی ہوتی ہے، یہ تھوڑی دیدہ دلیری ہوگی کیوں کہ وہ اپنے جذبات کا اظہار کرنے کے ماہر ہوتے ہیں اور نہیں جانتے کہ دوسروں کے لیے اپنے جذبات کا اظہار کرنا کتنا مشکل ہوتا ہے لیکن تھوڑا سا تصور بہت عرصے تک ساتھ دے سکتا ہے۔

وہ کیسا ہے؟

سرطان مرد ایک معما ہے جو آپ کے جذبات کو آزما سکتا ہے اور آپ کی خود اعتمادی کو گاہے گاہے پژمردہ کرسکتا ہے' وہ ایک انتہائی تغیر پذیر شخص ہے' آج بالکل سرد مہر اور الگ تھلگ تو کل انتہائی بے تکلف اور جذباتی۔

سرطان کے جذبات میں مسلسل اتنا اتار چڑھاؤ آتا رہتا ہے کہ کبھی کبھی وثوق سے یہ پیش گوئی کرنا ناممکن ہوتا ہے کہ وہ سچ مچ کب آپ کا ہے، کیا وہ سچ مچ آپ کا ہے یا کیا وہ سچ مچ کبھی آپ کا ہوگا؟ لیکن جب وہ ایک مرتبہ یہ ٹھان لے کہ اس نے حتمی فیصلہ کرہی لیا ہے تو آپ کو اتنی لگن سے حاصل کرنے کی کوشش کرے گا کہ جیسے اسے کوئی ریس جیتنا ہے' اگر وہ کوئی ہدف مقرر کرلے تو دنیا کی کوئی طاقت اسے نہیں روک سکتی' آپ خود کو اس کے گلدستوں اور تحفے تحائف کی بھر مار سے بری طرح دبا ہوا محسوس کریں گی' آپ پر اپنی محبت ظاہر کرنے کے لیے وہ آپ سے یوں پیش آئے گا گویا آپ کوئی شہزادی ہیں' ساتھ ہی وہ آپ پر واضح کردے گا کہ آپ کے ڈرامے میں کوئی مقابلہ شامل نہیں ہے جب آپ اس کا پسندیدہ پرفیوم لگائے ہوئے ہوں تو اسے جلانے کی کوشش کریں یعنی کسی دوسرے شخص کی طرف متوجہ ہوجائیں' آپ دیکھیں گی کہ ایک انتہائی جذباتی شخص اچانک سرد مہر ہوگیا ہے' جذباتی اعتبار سے سرطان مرد کسی رقیب روسیاہ کو برداشت نہیں کرسکتا۔

عام طور سے جب اسے غصہ آتا ہے تو وہ چپ سادھ لیتا ہے اور سرد مہری سے پیش آتا ہے اور جب وہ چپ سادھ لے تو اس کے بگڑے ہوئے تیور کسی طوفان کا پیش خیمہ ہوسکتے ہیں' اس کا ذہن اس بڑے طوفان کی راہ میں رکاوٹ بنتا ہے۔

اس شخص کو سمجھنا مشکل ہے اور اسے سمجھنے کی کوشش بھی مت کریں' جذباتی اعتبار سے آپ اس کے موڈ کو نہیں سمجھ سکتیں۔

سرطان ہمیشہ کیکڑے کی فطرت کی عکاسی کرتا ہے اور وقتاً فوقتاً اس پر خاموشی کے دورے پڑتے رہتے ہیں' اس کے ذہن میں کیا ہے، وہ اس پر تبادلہ خیال کرنے کے بجائے خاموشی اختیار کرلیتا ہے جب وہ اس طرح اپنی ناراضگی کا اظہار کرے تو بہتر یہی ہے کہ آپ اٹھ کر دوسرے کمرے میں چلی جائیں اور اسے بھول جائیں' آخر میں اس کی آنکھیں چمکنے لگیں گی اور اس کا پہلا موڈ لوٹ آئے گا، وہ ہنسی مذاق کرنے لگے گا اور پھر اس پر کوئی اور موڈ طاری ہوجائے گا۔

سرطان اپنے موڈ کو حد سے زیادہ سنجیدگی سے لیتا ہے' اتنی سنجیدگی سے وہ آپ کے موڈ کو بھی نہیں لیتا چونکہ وہ حد سے زیادہ حساس ہے لہٰذا اس کے جذبات کو ذرا ذرا سی بات پر ٹھیس لگ جاتی ہے اور وہ کڑھنے لگتا ہے لہٰذا اسے کوئی ایسی ہستی چاہیے جس کی سوچ بے حد مثبت ہو' جب اس کے جذبات کو ٹھیس لگتی ہے تو وہ کسی سے اس کا اظہار نہیں کرتا۔

بنیادی طور پر سرطان ایک ایسا شخص ہے جو اس شخص کے قریب ہونے کے بجائے جس سے اسے ٹھیس لگتی ہے اس سے دور ہوجاتا ہے حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ وہ اس شخص کے قریب ہونا چاہتا ہے لیکن چاہتے ہوئے بھی ایسا نہیں کرسکتا۔

اس شخص کے نزدیک تحفظ کی بے حد اہمیت ہے اور تحفظ کے لیے پیسے کی ضرورت ہوتی ہے' اگرچہ وہ کسی کی غلطی معاف کرسکتا ہے اور اس معاملے میں فیاضی کا ثبوت دیتا ہے لیکن اسے ڈھیر سارے پیسے کمانے کا جنون ہوتا ہے اور وہ صحیح معنوں میں صرف اسی وقت خود کو محفوظ سمجھتا ہے جب اس کے پاس مال و متاع ہو۔

جذباتی اعتبار سے تحفظ کی ضرورت اس میں خاندان کا شعور بیدار کرتی ہے لہٰذا وہ فطری طور پر ایک شوہر اور ایک باپ کا کردار ادا کرنے کی آرزو کرتا ہے ورنہ جب وہ سچ مچ ایسا چاہتا ہے تو اپنے اردگرد موجود لوگوں کی بہت اچھی دیکھ بھال اور پرورش کرتا ہے اور اپنا وقت گزار کر واپس اپنے خول میں چلا جاتا ہے۔

وہ جو سوچتا ہے، وہ حاصل کرنا چاہتا ہے؟

سرطان کو ایک عمدہ، آرام دہ گھر، ایک فیملی، ایک رومانوی محبت اور بنک میں اتنی دولت چاہیے کہ وہ کسی معاشی بحران سے بہ آسانی نکل سکے اور اس کے آرام و آسائش میں کسی قسم کا خلل نہ پڑے' اسے اپنی ماں سے خصوصی لگاؤ رہا ہے وہ اپنی شریک حیات سے بھی یہی توقع رکھتا ہے کہ وہ اس کا ایسا ہی خیال رکھے جیسا اس کی ماں رکھتی تھی' وہ اپنے بچوں پر جان چھڑکتا ہے اسے اکثر یہ شکایت ہوسکتی ہے کہ آپ اس کے بچوں کا پوری طرح خیال نہیں رکھتیں۔

اسے کیا چاہئے؟

اسے تحفظ چاہیے اور یہ یقین دہانی چاہیے کہ اسے تحفظ حاصل ہے' جوزا کے برعکس جسے ہمیشہ یہ فکر لاحق رہتی ہے کہ آگے کیا ہے؟ سرطان کو یہ فکر لاحق رہتی ہے کہ اس کے پیچھے کیا ہے اور یہ کہ یہ کب تک قائم رہے گا' وہ اپنے دل کی گہرائیوں سے مالی اور جذباتی اعتبار سے بے حد محفوظ اور مستحکم ہونا چاہتا ہے کیوں کہ یہی دو چیزیں ہیں جن پر زندگی کا انحصار ہے' یہی چیزیں نہ صرف اس کی زندگی کی سمت کا تعین کرتی ہیں بلکہ اسے خوش وخرم بھی رکھتی ہیں۔

وہ کس سے ڈرتا ہے؟

پہلی بات تو یہ ہے کہ وہ اس بات سے ڈرتا ہے کہ کبھی استحکام حاصل نہیں کر سکے گا' دوسرے یہ کہ اگر اس نے یہ حاصل کر بھی لیا تو اسے برقرار نہیں رکھ سکے گا اور کھودے گا' مختصر یہ کہ مستقبل کے خوف ہمیشہ اسے خوف زدہ رکھتے ہیں اور وہ کسی بھی تبدیلی سے اس لیے خوف زدہ ہو جاتا ہے کہ اگر یہ تبدیلی مناسب نہ ہوئی تو کیا ہوگا لہٰذا ہر تبدیلی اس کے لیے ایک نئے خوف کا باعث ہوتی ہے۔

محبت، سیکس اور عورت کے معاملے میں اس کا رویہ؟

اگر چہ سرطان صحیح معنوں میں رومینٹک ہے لیکن وہ آسانی سے محبت میں مبتلا نہیں ہوتا چونکہ وہ جنسی اعتبار سے اور فطری طور پر بھی شرمیلا واقع ہوا ہے اور پیش دستی کرنے سے گھبراتا ہے لہٰذا وہ دبنگ قسم کی زندہ دل عورتوں میں بے حد کشش محسوس کرتا ہے جو نہ صرف یہ مطالبہ کر سکتی ہیں کہ وہ کیا چاہتی ہیں بلکہ وہ شے حاصل کرنے کی بھی اہل ہوتی ہیں' اس کے کردار میں کچھ ایسی پے چیدگی ہے کہ جب کوئی عورت اس کے آگے سر تسلیم خم کر دیتی ہے تو وہ پیچھے ہٹ جاتا ہے۔

رومانوی اعتبار سے وہ چاہتا ہے کہ اس کے حواس مغلوب ہو جائیں اور جب ایسا نہیں ہوتا تو وہ فیصلہ کرنے میں غیر معمولی تاخیر سے کام لیتا ہے لیکن جب وہ ٹھان لیتا ہے تو اس کا رویہ بالکل روایتی ہو جاتا ہے' سرطان نہ صرف شادی کرنا بلکہ باپ بھی بننا چاہتا ہے اور جب وہ اپنا گھر بسا لیتا ہے تو سب کچھ فطری طریقے سے ہونے لگتا ہے' ایک باپ کی حیثیت سے وہ اپنی فیملی کا محافظ ہوتا ہے' اگر چہ وہ بہت گہری محبت کرتا ہے تاہم اس کا موڈ رومانوی صورتِ احوال پر غالب آ جاتا ہے اور عورت کو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ وہ ایک ایسے شخص کے ساتھ زندگی بسر کر رہی ہے جو ایک نہیں بلکہ کئی شخصیتوں کا مجموعہ ہے اور حقیقت بھی یہی ہے' جو بھی کسی سرطان سے شادی کرے، وہ اس حقیقت کے لیے تیار رہے کہ اسے اس کی شخصیت کے ہر پہلو کے ساتھ زندگی گزارنی ہوگی۔

اس کی خوبیاں

وہ مہربان، شفیق، حساس، پرخلوص، نگہباں اور ہمدرد ہو سکتا ہے' مزید یہ کہ وہ ادراک کرنے کا اہل اور وجدانی دونوں ہی ہو سکتا ہے' سرطان پیسے کے معاملے میں نہ صرف جبلی طور پر بے حد ہوشیار ہے بلکہ بے حد فیاض بھی ہے' محبت میں وہ وفادار اور محبت کرنے والا ہوتا ہے' اس کے احساسات لامحدود اور اس کے محسوسات گہرے اور پرخلوص ہیں۔

اس کی خامیاں

وہ بے عمل، بزدل، خائف اور کمزور ہو سکتا ہے' کسی صورت حال کا سامنا کرنے میں سرطان کو زبردست مشکلات پیش آ سکتی ہیں اور وہ معاملات کو سنبھالنے کے بجائے انہیں جوں کا توں چھوڑ سکتا ہے' اس کا جھگڑالو اور آدم بیزار موڈ ناقابل برداشت ہو سکتا ہے' مزید یہ کہ اس کی قنوطیت کبھی کبھی اس کی زندگی پر غالب آ جاتی ہے۔

اس کی توجہ کیسے حاصل کی جائے؟

اس کے ساتھ گھومیں پھریں، سیر و تفریح کریں، زندہ دلی اور جارحیت کا مظاہرہ کریں' اس کی انا کی ڈھارس بندھائیں اور اسے تحفظ کا احساس دلائیں' یہاں پہل کرنے کا دارومدار بے شک آپ پر ہے لہٰذا اسے کسی نئی تفریح گاہ میں لے جائیں اور بتائیں کہ آپ اچھی طرح جانتی ہیں کہ وہ تفریح گاہ اسے بہت پسند آئے گی پھر کھانے پینے کے بارے میں اس کی پسند دریافت کریں اور یہ کہیں کہ آپ کو اس سے بہت کچھ سیکھنا ہے' آخر میں جب وہ آپ کو لے جانے کے لیے آئے تو اسے زیادہ انتظار نہ کرائیں' اس دوران کوئی ایسا لباس زیب تن کریں جو نہ صرف نسوانی بلکہ کشش انگیز بھی ہو' یہ اس کی رومانوی فطرت سے میل کھائے گا' اگر آپ گلاب کی طرح مہک رہی ہوں تو یہ اور بھی اچھی بات ہوگی' اگلی مرتبہ اسے گھر پر مدعو کریں اور یہ ظاہر کرنا نہ بھولیں کہ آپ کو بچے کتنے اچھے لگتے ہیں۔ (بقیہ صفحہ نمبر 31 پر)

خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیارگان

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ یَا قَادِرُ یَا کَرِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَحْفِظْنِیْ مِنَ النُّحُوْسَتُ الشَّمْسُ وَالْقَمَر وَالْمُشْتَرِی وَالزُّحَل وَالزُّھْرَہ وَالْعَطَارِد وَالْمَرِیْخ وَالرَّاس وَالذَّنب بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ٥ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں۔ بچوں کیلئے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف 9 بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنا لیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپکے قریب نہ آئیگی۔ میری طرف سے آپکو اس عمل کی عام اجازت ہے۔ **دعا گو عامل شاہ زنجانی**

جن قارئین کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش یاد نہیں وہ برج دو طرح سے معلوم کر سکتے ہیں۔ ایک نام کے پہلے حرف سے اور دوسرا حروف ابجد سے۔ پھر تحقیق کریں کہ برج کا احوال ان پر صحیح بیٹھتا ہے۔

پہلا طریقہ آپکے نام نامی میں جو پہلا حرف ہے اسی سے برج بنتا ہے۔ ذیل میں دیئے گئے بارہ بروج میں سے اپنے نام کا پہلا حرف تلاش کر کے پہلے برج معلوم کریں پھر اسی برج کے تحت نیک وبد حالات ملاحظہ فرمائیں۔ ساتھ ہی اپنا ستارہ اور برج معلوم کر کے ادارہ آئینہ قسمت سے مفت مشورہ بذریعہ کوپن لے کر نگینہ پہنیں۔

دوسرا طریقہ اگر خدانخواستہ نام برج سے آپ کے حالات درست نہ آتے ہوں تو اس طریقہ سے اپنے نام کا برج معلوم کریں۔ اپنا مکمل نام اور اپنی والدہ کے نام کے حروف ابجد قمری سے اعداد نکالیں اور ان کو بارہ پر تقسیم کریں۔ اگر باقی 1 بچے تو برج حمل ہے۔ اگر 2 باقی بچے تو ثور۔ 3 بچے تو جوزا۔ 4 بچے تو سرطان۔ 5 بچے اسد۔ 6 بچے تو سنبلہ۔ 7 بچے تو میزان۔ 8 بچے تو عقرب۔ 9 بچے تو قوس۔ 10 بچے تو جدی۔ 11 بچے تو دلو اور اگر 0 باقی بچے تو برج حوت ہوگا۔

نوٹ صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہو تو ان قواعد کو نظر انداز کر دیں۔

حروف ابجد قمری	ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
	ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
	20	30	40	50	60	70	80	90	100	200
	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ		
	300	400	500	600	700	800	900	1000		

آپکا ماہ جولائی 2016 کیسا رہے گا

فہرست

حمل 48
ثور 48
جوزا 49
سرطان 49
اسد 50
سنبلہ 50
میزان 51
عقرب 51
قوس 52
جدی 52
دلو 53
حوت 53

ARIES

21 Marc – 20 April حمل

ستارہ: مریخ ♂
حروف: ال ع
دن: منگل
عدد: 9
رنگ: سرخ یا قرمزی
پتھر: یاقوت، مرجان، سرخ عقیق، ہیرا

Element: Fire
Ruling Planet: Mars
Symbol: The Ram
Your Stone: Ruby
Life Pursuit: The thrill of the moment.
Secret Desire: To lead the way for others.

آپکا حاکم ستارہ مریخ تمام ماہ آٹھویں رہتے ہوئے وراثتی وانشورنس کلیم کے امور میں خاص توجہ رہے۔ جبکہ **8,7** جولائی زہرہ مریخ تثلیث کی سعد نظر سے مالی وشراکتی اور ازدواجی امور میں فوائد کا حصول ممکن ہو سکے۔ تزئین وآرائش اور رومانوی ماحول راحت بخشے۔ صحت جسمانی پہلے سے بہتر ہونے سے متعدد کام انجام پاسکیں۔ **12,11** جولائی عطارد مریخ تثلیث سے تکنیکی مہارت اور تکنیکی کاموں میں دلچسپی بڑھے۔ کام میں تیزی اور کم وقت میں نتائج اخذ کر سکیں۔ ایمانداری سے عزت وتوقیر بڑھے۔ **18,17** جولائی شمس مریخ تثلیث کے باعث شروع کیے گئے امور کی تکمیل کے لیے سرگرداں رہیں۔ مسائل کے حل کے لیے جدید طریقوں پر عمل کرتے ہوئے مسائل پر نہ صرف کنٹرول حاصل کر سکیں بلکہ نئے معاملات کا آغاز بھی راحت بخشے۔ **31,30** جولائی عطارد مریخ تربیع کے باعث مسائل ومشکلات اور خواہ مخواہ کی رکاوٹیں وقت کے ضیاع کا سبب بنیں۔ بزرگوں اور مخلصین سے مشاورت کرتے رہیں۔

پہلا ہفتہ سیر وسیاحت کا پروگرام خوشگوار گزرے گا۔ مقاصد میں کامیابی ہو سکے گی۔ کاروبار وسعت اختیار کر سکے گا اور آمدنی میں خاطر خواہ فائدہ کا امکان ہے۔ اولاد راحت کا باعث ہوگی اور انعام وغیرہ یا پرائز بانڈ نکل سکتے ہیں۔ بیرون ملک سفر میں ابھی کچھ تاخیر ہے۔ حقیقت کو مدنظر رکھتے ہوئے اہم کام کر سکتے ہیں۔ مقاصد میں کامیاب ہو سکیں گے۔ حصول رزق کیلئے کوشاں افراد کو بہتر ذریعہ معاش مل سکے گا۔

دوسرا ہفتہ :شریک حیات کا تعاون حاصل ہوگا جس سے گھریلو ماحول پرسکون رہے گا۔ بہن بھائیوں کا تعاون رہے گا۔ ملازمت سے متعلقہ معاملات احسن طور پر چل سکیں گے اور عزیزوں کی قربت حاصل رہے گی۔ صحت متاثر ہو سکتی ہے۔ لہٰذا خوراک کا خاص خیال رکھیں۔ مقاصد کے حصول کیلئے جدوجہد کر سکیں گے۔ صحت کا خاص خیال رکھیں۔ سفر کے دوران محتاط رہیں' حادثات کا اندیشہ ہے۔

تیسرا ہفتہ :محبت سے متعلقہ معاملات احسن طریقے سے چل سکیں گے۔ بہن بھائیوں اور رشتے داروں کیساتھ تعلقات مستحکم رہیں گے۔ جس سے کافی مسائل خود بخود حل ہو سکیں گے۔ شریک حیات کا تعاون حاصل ہوگا جس سے گھریلو ماحول پرسکون رہے گا۔ مقاصد میں کامیابی ہو سکے گی۔ معاملات میں مثبت تبدیلی لا سکیں گے۔ خانگی وخاندانی مسائل کا خاتمہ ممکن ہو سکے گا۔ دوسروں کو اپنے نقطہ نظر پر متفق کر سکیں گے۔ بہتر اور مثبت نتائج حاصل ہو سکیں گے۔

چوتھا ہفتہ :مالی مسائل کا بھی خاتمہ ہوگا اور شراکتی کاموں کو فروغ ملے گا۔ روحانیت کے شوق میں اضافہ ہو سکے گا۔ قانونی معاملات میں نظر ثانی کرنا بہتر رہیگا۔ حاسدین زیر ہو سکیں گے۔ دوستوں کا تعاون حاصل رہے گا جس کے باعث طبیعت خوشگوار رہے گی۔ تخلیقی صلاحیتوں میں خاطر خواہ اضافہ ممکن ہوگا۔ مالی پوزیشن مستحکم ہو سکے گی۔ عشق ومحبت سے متعلقہ امور خوشگوار رہیں گے۔

سعد تواریخ: 18,17,12,11,8,7 جولائی **نحس تواریخ**: 31,30 جولائی

TAURUS

21 April – 21 May ثور

ستارہ: زہرہ ♀
حروف: ب۔و
دن: جمعہ
عدد: 6
رنگ: ہلکا نیلا یا سبز
پتھر: اوپل، سبز پکھراج

Element: Earth
Ruling Planet: Venus
Symbol: The Bull
Your Stone: Emerald
Life Pursuit: Emotional and financial security.
Secret Desire: To have a secure, happy and wealthy life/marriage.

آپکا حاکم ستارہ زہرہ کیم تا **12** جولائی تیسرے رہتے ہوئے عزیز واقارب وبہن بھائیوں سے میل ملاقات بڑھے اور غلط فہمیوں کا ازالہ ہو سکے۔ **13** تا **31** جولائی زہرہ چوتھے رہتے ہوئے خانگی خاندانی زمین وجائیداد اور سواری سے متعلقہ امور میں خاص توجہ بڑھ جائے۔ کیم، **2** جولائی زہرہ پلوٹو مقابلہ سے حاسدین اور فضول قسم کے لوگوں سے گریز کریں اور جنس مخالف سے بھی محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ **3,2** جولائی زہرہ مشتری تسدیس سے اہم تقریبات میں شمولیت اور انعقاد ممکن ہو سکے۔ سخاوت ودوستی بڑھے اور حلقۂ احباب وسیع ہو سکے۔ سیاسی وسماجی صورتحال اطمینان بخش رہے۔ **8,7** جولائی زہرہ مریخ تثلیث سے مشترکہ وشراکتی ازدواجی امور خاصے فائدہ مند جبکہ انھیں تواریخ میں زہرہ یورانس تربیع کی نحس نظر کے باعث ہر ایک سے خیالات کا اظہار مثبت نہ ہو اور فنکارانہ صلاحیتیں نکھریں لیکن دوسروں پر بھروسہ جلد نہ کریں۔ **18,17** جولائی عطارد زہرہ قران کے باعث حالات میں نکھار اور عہد وپیمان کی فضا قائم ہو سکے۔ **21,20** جولائی زہرہ زحل تثلیث سے ڈپلومیسی، ایمانداری اور حالات کی مکمل تصویر کشی کرتے ہوئے کئی ایک مثبت فیصلے کر سکیں۔

پہلا ہفتہ :نصیب یاوری کرنے سے بہت سے پیچیدہ مسائل کا خاتمہ ہوگا اور پریشانی میں کمی آئے گی۔ رشتے دار مددگار رہیں گے۔ کیریئر سے متعلقہ معاملات بہتر رہیں گے۔ جلد بازی سے گریز کریں۔ ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ جنس مخالف کا کوئی فرد خاص توجہ کا مرکز رہے گا۔ سیاسی وسماجی امور بہتر رہیں گے۔ دوستی وسخاوت میں خاطر خواہ اضافہ ممکن ہو سکے گا۔ تقریب کا اہتمام کر سکتے ہیں اور کاروباری امور وسعت اختیار کر سکتے ہیں۔

دوسرا ہفتہ :ملازم پیشہ افراد کو مالی مسائل پیش آ سکتے ہیں۔ جس کے باعث وہ ڈپریشن کا شکار ہو سکتے ہیں۔ اس ہفتے گھریلو معاملات خاص توجہ کے مستحق ہونگے۔ دوست مددگار رہیں گے۔ لمبے عرصے کیلئے سرمایہ کاری کرتے وقت اچھی طرح تسلی کریں تا کہ بعد میں پچھتاوا نہ ہو۔ کام میں خوبصورتی کو سراہا جائے گا۔ اہم کاروباری معاہدے طے ہو سکتے ہیں۔ مسائل کے حل میں بیرونی مدد ملے گی۔ غلط فہمیاں دور ہونے سے بھروسے میں اضافہ ممکن ہوگا۔

تیسرا ہفتہ :اس ہفتے لڑائی جھگڑے کا اندیشہ ہے لہٰذا اپنے غصے پر قابو رکھے۔ اس ہفتے زیادہ تر توجہ محبت سے متعلقہ معاملات پر رہے گی۔ بہت سے پیچیدہ مسائل حل ہونگے اور مالی پوزیشن میں بہتری کے امکان ہونگے۔ دوست نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ لہٰذا محتاط رہیں۔ کام میں خامیاں ہونے کے باعث مسائل میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ دوسروں کی مدد سے کام میں بہتری آ سکے گی۔

چوتھا ہفتہ :صحت متاثر ہو سکتی ہے لہٰذا محتاط رہیں۔ معاملات محبت مزید بہتر ہونے سے آپ خود کو فریش محسوس کریں گے۔ قسمت کا ساتھ رہے گا۔ روحانیت کے شوق میں بتدریج اضافہ ہو سکے گا۔ خواہشات پوری ہو سکیں گی۔ غلط فہمیاں دور ہو سکیں گی۔ عزیز واقارب پریشانی کا باعث ہو سکتے ہیں۔ شراکتی کام فائدہ مند رہیں گے۔ معاملات خوشگوار رہیں گے۔

سعد تواریخ: 21,20,18,17,8,7,4,3 جولائی **نحس تواریخ**: کیم ,2, 29 جولائی

GEMINI

22 May – 21 June

جوزا

ستارہ: عطارد ☿
حروف: ق ک
دن: بدھ
عدد: 5
رنگ: پیلا یا ملے جلے
پتھر: عقیق سبز، زمرد، فیروزہ

Element: Air
Ruling Planet: Mercury
Symbol: The Twins
Your Stone: Aquamarine
Life Pursuit: To Explore a little bit of everything.
Secret Desire: To be ahead of the crowd.

آپکا حاکم ستارہ عطارد یکم تا **14** جولائی خانہ مال میں رہتے ہوئے مالی لین دین کے امور خاص اہمیت کے حصول جبکہ **15** تا **30** جولائی عطارد تیسرے رہتے سیر و تفریح اور سفر وسیلہ ظفر جبکہ ہمت و حوصلہ بڑھانے سے کئی ایک امور طے پا سکیں۔ عزیز و اقارب اور بہن بھائی خاص تعاون کریں۔ **6,5** جولائی عطارد نیپچون تثلیث کے باعث تخیل و سوچ کو عملی رنگ دینے کی خواہش۔ **8,7** جولائی شمس عطارد قران سے حالات کے مطابق خود کو ڈھالنے کی قابلیت اور ذہنی تقویت ملے۔ جبکہ انہی تواریخ میں عطارد پلوٹو مقابلہ سے ذہن پریشان، بحث و مباحثہ کا اندیشہ محتاط رہیں۔ **9,8** جولائی عطارد مشتری تسدیس سے حالات کے مطابق مثبت مستحکم فیصلے کر سکیں۔ سوچ و کردار مثبت ہونے سے معاملات میں آسانی۔ **12,11** جولائی عطارد مریخ تثلیث سے تکنیکی مہارت اور کام کی رفتار میں تیزی آ سکے۔ **12,11** جولائی ہی عطارد یورانس تربیع سے جلد بازی و جذبات پر کنٹرول رکھنے کی ضرورت۔ **18,17** جولائی عطارد زہرہ قران کے باعث کئی ایک معاملات خوش اسلوبی سے انجام پا جائیں۔ **20,19** جولائی عطارد زحل تثلیث کے باعث طبیعت میں سنجیدگی اور مسائل کا مثبت حل مل سکے۔ **28,27** جولائی عطارد یورانس تثلیث کے باعث تجرباتی رویہ اور ذہن پریشان لیکن تخلیقی سوچ رہے۔ **31,30** جولائی عطارد مریخ تربیع کے باعث مسائل و مشکلات کے حل کے لیے مخلص بزرگوں سے مشاورت کی ضرورت رہے۔

پہلا ہفتہ: ملازم پیشہ افراد کیلئے یہ ہفتہ خاص اہمیت کا حامل ہوگا۔ سیر و سیاحت کا پروگرام بنا سکیں گے، بہت سے کام خود بخود سُدھر جائینگے۔ آپکی سحر انگیز گفتگو دوسروں پر اثر انداز ہوگی جس سے آپکی اہمیت میں اضافہ ہو سکے گا۔ بہتر اور مستحکم فیصلے کر سکیں گے۔ معاملات پر اچھی طرح غور کرنے کے بعد دوسروں کی مشاورت سے بہتر فیصلے کر سکیں گے۔ جس سے مسائل کا خاتمہ ہو سکے گا۔ سوچ مثبت رہے گی۔

دوسرا ہفتہ: محبت سے متعلقہ معاملات بہتر رہیں گے اور سفر کا پروگرام بن سکتا ہے۔ اولاد راحت کا باعث ہوگی اور انعام وغیرہ یا پرائز بانڈ نکل سکتے ہیں۔ ہمسائے تعاون کریں گے۔ جذبات و غصے پر قابو پانے کی کوشش کیجئے ورنہ نقصان دہ ثابت ہوگا۔ اہم کاروباری معاہدے طے ہو سکیں گے۔ درپیش مسائل اور غلط فہمیاں دور ہو سکیں گی۔ عزیز و اقارب کے تعاون سے خانگی و خاندانی مسائل کا کافی حد تک خاتمہ ممکن ہو سکے گا۔

تیسرا ہفتہ: خواہشات پوری ہونے سے انجانی خوشی محسوس ہوگی۔ صحت متاثر ہو سکتی ہے۔ لہٰذا خوراک کا خاص خیال رکھیں۔ نامکمل کام بخوبی انجام کو پہنچے گا۔ جس سے ڈپریشن میں کمی آئے گی۔ شخصیت میں نکھار کے ساتھ سچ میں بھی پختگی آئے گی جو کہ فائدہ مند ہوگی۔ سوچ مثبت رہے گی جس سے خواہ مخواہ کے درپیش مسائل کا خاتمہ ممکن ہو سکے گا۔

